تقریباً ایک ہفتہ وہ کال کا انتظار کرتی رہی مگر کہیں سے کال نہیں آئی تو اس نے

خود جانے کا فیصلہ کیا۔ کیونکہ اسے کسی بھی حال میں جوب ڈھونڈنی تھی کیونکہ گھر

کا خرچا وہ ہی چلاتی تھی۔

بہت سارے آفس میں تو اندر جانے ہی نہیں دیا یہ کہہ کر بھیج دیا کہ اون لائن

www.novelsclubb.com

اپلائے کریں۔۔۔۔

جن آفس مین وہ اندر گئی بھی تو اسے یہ کہہ کر نہیں رکھا کہ وہ فرواڈ ہے۔۔۔اسے

اس کہ کارناموں کی وجہ سے ہی اسے پچھلی کمپنی سے نکالا ہے۔وہ جیتنے بھی آفسس

میں گئی اسے یہ ہی سننے کو ملا۔۔احد نے ہر جگہ اس کی انفورمیشن بھیج دی

تھی۔۔۔آستر کا بس نہین چل رہا تھا کہ اس کا گلا دبا دے۔۔اسے جان سے مار دے

www.novelsclubb.com

جس نے اس کہ کردار پر اتنا بڑا الزام لگایا تھا۔۔

اگر مجھے بدنام کر ہی دیا ہے تو اب میں اسے پورا کر کہ دکیھاوں گی۔۔(آستر نے

فیصلہ کیا اور اگلے دن سلمان کہ آفس پہنچی)

سر کوئی لڑکی آپ سے ملنے آئی ہے اس کہ پاس آپکا کارد بھی ہے۔۔(سلمان کی پی

اے نے کارد آگے رکھتے ہوئے کہا)

www.novelsclubb.com

ٹھیک ہے بھیجو۔۔(سلمان نے کہا)

آستر اندر آئی تو وہ فوراً اسے پہچان گیا تھا

۔ارے آپ یہاں پلیش بیٹھیں۔۔(سلمان نے اسے بیٹھایا)

آپ نے کہا تھا کہ میں آپ کی کمپنی جوائن کر لوں، میں اسی سلسلے میں یہاں آئی

ہوں(آستر نے اپنے آنے کا مقصد بیان کیا۔ سلمان بڑے غور سے اس کہ چہرے

www.novelsclubb.com

کو دیکھ رہا تھا پھر بولا)

اچھا تو اس لیے کیا تھا احد نے یہ ڈراما۔۔۔(وہ آستر کو دیکھتے ہوئے بولا تو آستر نے

نا سمجھی سے اسے دیکھا)

تمہیں جوب سے نکالا اس لیے تھا کہ تم یہاں جوائن کر سکو اور یہاں کی ساری

انفورمیشن اسے دے سکو۔۔۔(وہ خود سے ہی بہت کچھ اخذ کر چکا تھا)

www.novelsclubb.com

آپ غلط سمجھ رہے ہیں ایسا کچھ بھی ہے۔۔(آستر نے اسے سمجھانا چاہا)

جو بھی ہو اب میں آپ کو یہاں نہیں رکھ سکتا۔۔میں کوئی رسک نہیں لے

سکتا۔اپ جا سکتی ہیں۔۔(سلمان نے دوٹوک جوب دے دیا۔۔۔آستر نے چپ

چاپ اپنی فائل اٹھائی اور باہر نکل گئی)

میرے رب میں اپنا معاملہ تیرے اوپر چھوڑا۔۔میں اسے بد دعا بھی دوں

www.novelsclubb.com

گی۔۔۔۔(آستر نے آسمان کی طرف دیکھ کر دعا کی)تو میرا فیصلہ کرنا۔۔۔۔

اور جو لوگ اپنا معاملہ اللہ پر چھوڑ دیتے ہیں اور صبر کرتے ہیں تو اللہ صبر کرنے

والوں کہ ساتھ ہے۔۔۔بے شک۔۔

---------------------------------------

www.novelsclubb.com

ایک آفس میں وہ اللہ اللہ کر کہ اندر پہنچی وہ بڑی کمپنی نہیں تھی۔ مگر کرنا تو تھا کام

اسے۔ وہ اندر گئی اور ویٹنگ روم میں اسے بیٹھالا گیا، تھوڑی دیر کہ بعد ایک لڑکی

آئی اور بولی)

میم آپ اندر چلی جاہیں۔ (وہ پرفیشنل طریقے سے بولی، آستر سر ہلا کر اندر چلی گئی)

www.novelsclubb.com

اندر پہنچی تو ایک اڈھیڑ عمر کا آدمی وہاں بیٹھا تھا حلیے سے تو آفسر ہی لگ رہا تھا۔ آستر

سلام کر کہ بیٹھ گئی اور اپنے ڈوکومینٹس اس کی طرف بڑھائے۔ مگر اس کی نظریں

اس کہ ڈکومینٹس پر کم اور آستر پر زیادہ تھیں۔ جیسے آستر باخوبی سمجھ گئی

تھی۔ کیونکہ یہ اللہ نے عورتوں کو حس دی ہے کہ سمجھ جاتی ہیں کہ کون مرد کس

نظر سے دیکھ رہا ہے۔ یہ اللہ کی ایک نعمت ہے۔ اللہ ہم سب کو اسے استعمال کرنے

کی توفیق دے۔۔ آمین۔


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ڈاکومینٹس تو ٹھیک ہیں۔۔میں آپ کو اپنی پرسنل سیکٹری کی پوسٹ کہ لیے آپ کو

سلکٹ کرتا ہوں۔(وہ فائل بند کرتے ہوئے بولا)

مگر میں نے اخبار میں کوئی اور جوب دیکھی تھی۔(آستر بولی)

اس کہ لیے ہم نے آج ہی ایک بندہ سلیکٹ کر لیا ہے۔۔

www.novelsclubb.com

لیکن مجھے اس کا کوئی تجربہ نہیں ہے ایم سوری۔۔(آستر نے کہتے ہوئے اپنی فائل

اٹھائی مگر اس سے پہلے ہی اس شخص نے آستر کا ہاتھ پکڑ لیا اور بولا)

تجربہ بھی آجائے گا وقت کہ ساتھ ساتھ۔۔(اس نے شیطانیت سے بولا اور اسے

آنکھ ماری۔۔)

www.novelsclubb.com

آستر کا تو دماغ ہی گھوم گیا۔۔اس نے اپنا ہاتھ کھنچا اور ایک زور دار تھپڑ اس کہ منہ پر

مارا تو پانچوں انگلیاں اس کہ گال پر چھپ گئیں مگر اس کا غصہ کم نہیں ہوا تو ایک اور

تھپڑ دوسرے گال پر بھی مارا۔

تو نے مجھے مارا۔۔اتنی ہمت تیری۔(وہ تو غصے سے پاگل ہی ہو گیا اٹھ کر آستر کی

www.novelsclubb.com

طرف آیا مگر اس سے پہلے ہی آستر نے پیر ویٹ اٹھایا اور بولی)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ایک قدم بھی اگے بڑھایا تو سر پھاڑ دو گی اور یہ میں کر جاوں گی اس کا اندازہ تو ہو ہی

گیا ہو گا۔(وہ واقع مار دیتی اگر وہ ایک قدم اور بڑھاتا۔)

نکلو میرے آفس سے۔۔(وہ چیخا)

www.novelsclubb.com

اب بھی لگتا ہے میں یہاں رکوں گی۔۔(وہ اس وقت ایک شیرنی لگ رہی تھی جو

چیر پھاڑ کر رکھ سکتی تھی۔۔وہ بولی اور ہاتھ میں جو پیر ویٹ تھا اسے دیوار پر لگی ایل

ای ڈی پر پوری طاقت سے مارا اور باہر نکل گئی)

آستر باہر آ تو گئی مگر آنسو تھے کہ رکنے کا نام نہیں لے رہے تھے وہ ایک پارک میں

جا کر بیٹھ گئی،اسے اپنا ہاتھ دھکیتا ہوا انگار الگ رہا تھا جیسے اس نے پکڑا تھا،وہ بار بار اپنا

ہاتھ مسل رہی تھی صاف کر رہی تھی۔غصے سے آنکھیں لال ہو رہی تھیں۔


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

مجھے کمزور نہیں پڑنا۔ میں لڑوں گی ایسے ہمت نہیں ہاروں گی میں۔ یااللہ میری مدد

فرمااور میری عزت کی حفاظت فرما۔(دل میں طے کیااور اپنے رب سے دعا

کی، اپنے آنسو صاف کیے اور پارک سے نکلی اور گھر کی طرف بڑھ گئی)

کیاہوا بیٹا نہیں ملی جوب ؟(محمود صاحب نے پوچھا۔۔اتنے دن میں وہ انھیں بتا چکی

www.novelsclubb.com

تھی کہ اس کی نوکری چھوٹ گئی ہے کسی وجہ سے۔اصل بات ابھی بھی نہیں بتائی

تھی)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نہیں بابا۔۔(وہ تھکے ہوے ئ انداز میں بولی)

کیا ہوا ہے بیٹا۔۔سب ٹھیک تو ہے۔۔(ان کہ پوچھنے کی دیر تھی کہ جو آنسو کب

سے روکنے کی کوشیش کر رہی تھی بہہ گئے اور وہ ان کہ گھٹنوں میں بیٹھ کر سر ان

کی گود میں رکھ دیا اور آنسو بہاتی رہی)

www.novelsclubb.com

بیٹا ہوا کیا ہے مجھے بتاو تو سہی۔ادھر دیکھو میری طرف۔۔(وہ آستر کا چہرا اپنی

طرف کرتے ہوئے بولے)

کچھ نہیں بابا بس تھوڑا پریشان ہو گئی تھی اس لیے آنسو آ گئے۔میں ٹھیک

ہو۔(آستر کو خیال آیا کہ اس کہ اس رویے سے اس کہ بابا کی طبیعت بھی خراب

www.novelsclubb.com

ہو سکتی ہے اس لیے بات گھومادی)

نہیں وجہ کچھ اور ہے۔مجھے صیح صیح بتاو آستر ۔۔(باپ تھے نا کیسے اس کی آنکھوں

میں آنسو دیکھ سکتے تھے)

بابا میں بلکل ٹھیک کہہ رہی ہوں میں بلکل ٹھیک ہوں۔آپ پریشان نا ہوں ورنہ

میں پریشان ہو نگی۔۔اللہ سب بہت کرے گا

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

انشااللہ۔۔بس آپ دعا کریں کہ اللہ مجھ میں اتنی ہمت دے کہ میں زمانے کا مقابلہ

کر سکوں۔(آستران کہ گھوٹنے پر تھوڑی ٹیکا کر بولی)

بیٹاہر پریشانی کہ بعد آسانی ہے۔ تمہیں پتا ہے براوقت یا مشکلات یا پریشانی صرف

گناہگاروں کہ لیے ہوتی ہیں مگر اللہ کہ نیک بندوں کہ لیے وہ آزمائش ہوتی

www.novelsclubb.com

ہے۔اللہ سے دعا کرا کرو کہ وہ تمہیں اس آزمائیش میں کامیاب کرے۔(محمود

صاحب نے اسے سمجھایا)

آمین۔۔۔(وہ صرف اتنا ہی بولی)

---------------------------------

چھے مہینے بعد۔۔۔

احد تجھے واصف کہ بارے میں پتا چلاَ؟(آریش نے احد سے پوچھا،وہ دنوں اس

www.novelsclubb.com

وقت ساحل سمندر پر تھے)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نہیں کیوں کیا ہوا سب خیریت؟ (احد نے فکر مندی سے پوچھا)

یار اس کی ڈیورس ہو گئی ہے۔۔اس کی بیوی نے زبردستی خلالی ہے وہ بھی اس لیے

کہ وہ کسی اور کو پسند کرتی تھی۔(آریش نے اسے بتایا)

چل واصف سے مل کہ آتے ہیں۔وہ پریشان ہو گا۔(احد نے آریش سے کہا)

www.novelsclubb.com

آریش،احداور واصف یونورسٹی میں ایک ساتھ پڑھتے تھے اور کافی اچھے دوست

بھی تھے۔

کہاں ہو گا وہ اس وقت گھر پر یا آفس میں ؟(احد نے اس سے پوچھا)

میرے خیال میں آفس میں ہو گا(آریش نے کہا تو احد اور آریش مل کر واصف کی

www.novelsclubb.com

طرف نکل گئے۔)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

---------------------------------------

بابا مجھے آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں لگ رہی۔ مگر میرا جانا بھی آج بہت ضروری

ہے۔۔(آستر نے فکر مندی سے کہا، ایک طرف اس کی نئ جوب تھی جو دو مہینے

پہلے ہی لگی تھی بہت محنت اور خواری کہ بعد، مگر وہ بابا کو بھی نہیں چھوڑ سکتی

www.novelsclubb.com

بیٹا میں ٹھیک ہو تم آرام سے جاو۔۔(وہ آستر کہ سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے

بولے، محمود صاحب کی صحت دن بادن گر رہی تھی اور کچھ دنوں سے اس کی

طبیعت بھی ٹھیک نہیں تھی۔کل ان کی رپوٹس آنی تھیں،

آستر نے برابر والی آنٹی کو وہاں رکنے کا کہا اور ہدایت دی کہ جیسا بھی ہو مجھے کال

www.novelsclubb.com

کر دیں۔اآستر ان کہ ہاتھ میں پیسے رکھ کر چلی گئ۔)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

---

احد اور آریش، واصف کہ آفس پہنچے جہاں وہ اپنے آفس میں تھا اور سگریٹ پی رہا

تھا۔ جب وہ دونوں وہاں پہنچے تو انھیں وہاں دیکھ کر وہ حیران ہوا پھر اٹھ کر ان گلے

لگا)

www.novelsclubb.com

تم دونوں یہاں کیسے ؟اتنے دنوں بعد میری یاد آئی تمہیں۔۔(واصف شکوہ کرے

ہوئے بولا)

اچھااب یہ شکوے چھوڑواور تم بتاو کیسے ہو؟(احد نےاس سے بولا)

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کیسا ہونا ہے مجھے زندہ ہوں۔(وہ ایک دم افسردہ سا ہو گیا۔واصف کو اس طرح دیکھ

کر ان دونوں کو دکھ ہوا،وہ ایسا نہیں تھا۔ہنسنے کھلنے والا تھا وہ تو مگر ایک لڑکی کی وجہ

سے وہ ایسا ہو گیا۔احد کو اس لڑکی پر بہت غصہ آیا۔

تو نے ایک لڑکی کی خاطر یہ حال بنا لیا ہے اپنا دماغ تو ٹھیک ہے۔(احد بولا وہ سنجیدہ

www.novelsclubb.com

تھا اس سے واصف کی حالت نہیں دیکھی جا رہی تھی)

احد تو نے کبھی محبت نہیں کی نا اس لیے ایسا کہہ رہا ہے۔۔(واصف ہلکا سا مسکرایہ)

میں اسی بے وقوفی کبھی نہیں کروگا۔اور ایل لڑکی کی خاطر تو کبھی اپنے آپ کو برباد

نہیں کروں گا۔محبت میرے بس کی بات نہیں ہے۔(احد بولا)

بیٹا ایک دفعہ ہونے تو دے محبت تجھے خود بدل دے گی۔(اب کی بار واصف کی جگہ

www.novelsclubb.com

آریش بولا)

تو تو ایسے بول رہا ہے جیسے کیسی ہیر کا رانجھا تو ہی تو ہے۔۔(احد اس کا مزاق اڑاتے

ہوئے بولا)

محبت نہیں ہوئی اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ مجھے محبت کہ بارے میں کچھ پتا ہی

نہیں ہے۔ میں نے کتابوں میں پڑھا ہے۔۔(آریش منہ بنا کر بولا)

www.novelsclubb.com

کون سی کتابیں پڑھ رہا ہے تو آج کل ؟(احد نے تفتیش کرتے ہوئے پوچھا)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کوئی نہیں۔۔(احد کہ پوچھنے پر آریش نے کہا اور ٹیبل سے پین اٹھا کر احد کو مارا تو

احد اور واصف دونوں ہنسنے لگے۔ان دونوں کہ آنے سے واصف کا موڈ تھوڑا اچھا

ہو گیا تھا۔)

میں ابھی آتا ہوں۔۔(آریش کی کال آئی تو آفس سے نکل گیا)

www.novelsclubb.com

----------------------------------------

ہیلو جی آنٹی بابا کی طبیعت کیسی ہے ؟(آستر نے کال ریسیو کرتے ہوئے اچانک

پوچھا)

آستر بیٹا وہ۔۔وہ۔۔بھائی صاحب کی طبیعت زیادہ خراب ہو گئی ہے۔۔ہم اس

وقت ہوسپٹل میں ہیں۔۔تم جلدی سے آجاو۔۔(بابا کی طبیعت کا سن کر تو اس کی

ہوایاں اڑھ گہیں) میں۔۔آرہی ہو۔۔(آستر بامشکل بولی تو وہ بولیں)

www.novelsclubb.com

اور آستر بیٹا پیسو کا انتیظام بھی کر کہ آنا کیونکہ ڈاکٹر نے سر جری کا کہا ہے۔۔(آستر

کہ پیروں کہ نیچے سے زمین نکل گئ)

جی (وہ بس اتنا ہی بول سکی آنکھیں آنسوں سے بھر گئیں)

۔اب پیسوں کا انتیظام کہا سے کروں (آستر نے اپنا سر ہاتھوں سے تھام لیا، اس کی

www.novelsclubb.com

سمجھ میں نہیں آرہا تھا۔ پھر کچھ سوچ کر اٹھی)

آستر نے گیٹ نوک کیا آپنے بوس کہ آفس کا اور اجازت ملتے ہی اندر گئی۔

احد جو کہ صوفے پر بیٹھا تھا۔ آستر کو دیکھ کر حیران رہ گیا اور حیرانی کو غصے میں

تبدیل ہونے میں ایک منٹ سے بھی کم وقت لگا تھا۔

سر میرے بابا کی طبیعت خراب ہے وہ اس وقت ہوسپیٹل میں ہیں۔ سر مجھے اس

www.novelsclubb.com

وقت پیسوں کی سخت ضرورت ہے، سر پلیز ہیلپ می۔ اپ لون آپرو و کر دیں میں



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بہت جلد اسے پے کر دوں گی۔۔(آستر منت بھرے لہجے میں بولی، اس کی

آنکھوں میں آنسو تھے جنہیں بہت بہادری سے اس نے روکا تھا۔)

ریلکس آستر ریلیکس کچھ کرتے ہیں تم بیٹھو۔۔(واصف اسے پریشان دیکھ کر بولا)

واہ کیا بات ہے۔۔(احد طنزیہ بولتا ہوا صوفے سے کھڑا ہوا، اس کی آواز پر آستر نے

www.novelsclubb.com

گردن گھوما کر دیکھا تو احد کو وہاں دیکھ کر حیران رہ گئی)

کیا بات ہے تمہاری۔

۔اب تک کتنے پیسے لے چکی ہے یہ تم سے بہانے کر کہ ؟(آستر کو بولتا ہوا وہ واصف

کی طرف مڑا اور اس سے بولا)

احد۔۔(واصف نے اسے بولنے سے باز رکھنا چاہا مگر وہ کہار کتا)

www.novelsclubb.com

تجھے اس کہ بارے میں انفورمیشن نہیں ملی تھی کیا؟(احد نے واصف سے پوچھا)

کسی انفورمیشن؟(واصف نا سمجھی سے بولا)

اس کہ فراڈ کی۔۔(احد نے آستر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولا)

انف۔۔بہت ہو گیا اب میں ایک لفظ نہیں سنو گی۔ سمجھے تم۔۔(آستر غصے سے

بول،احد اس بات کو نظر انداز کرتے ہوئے واصف کو سب کچھ بتانے لگا کیسے آستر

www.novelsclubb.com

نے سلمان کہ ساتھ مل کر اس سے فراڈ کیا اور اس نے اپنی کمپنی سے اسے نکالا سب

کچھ ،سب جاننے کہ بعد واصف نے بے یقینی سے آستر کو دیکھا)

یہ جھوٹ ہے میں نے ایسا کچھ نہیں کیا تھا۔۔(آستر کہ آنسو بہہ گئے۔)

تمہارے پاس کوئی ثبوت ہے ؟(واصف نے اس سے پوچھا تو آستر نے نفی میں سر

ہلا دیا)

www.novelsclubb.com

ایک لڑکی سے دھوکا کھا کر بھی تجھے سمجھ نہیں آیا کہ یہ لڑکیاں کتنی چلاک ہوتیں

ہیں۔۔اگر تو چاہتا ہے کہ تیرے ساتھ وہ سب نا ہو جو میرے ساتھ ہوا ہے تو اسے

ابھی کہ ابھی فائیر کر۔۔(احد کہ کہنے آستر نے بے یقینی سے احد کو دیکھا کہ کوئی اتنا

بھی گر سکتا ہے۔)

www.novelsclubb.com

سر نہیں پلز نہیں مجھے اس جوب بہت ضرورت ہے۔میرے بابا بیمار ہیں۔سر پلیز

ایسا نا کریں۔۔(آستر نے ہاتھ جوڑ دیے اپنی عزت نفس کو دبا دیا کیونکہ وہ جانتی تھی



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کہ یہ جوب اسے کتنی مشکل سے ملی ہے احد کہ پوری انڈسٹری میں اسے بدنام

کرنے کہ بعد۔)

تمہارے بابا کی طبعیت خراب ہے ناتو جاوان کی خدمت کرو یہاں کیا کر رہی

ہو۔ تمہارا کام تو وہاں ہے۔اب دوبارہ یہاں نہیں آنا۔ میں کوئی نقصان برداشت

www.novelsclubb.com

نہیں کر سکتا۔۔(واصف کہ دماغ میں احد کی دھوکہ والی بات بیٹھ گئی جس کہ بعد

اسے کچھ آگے سمجھ ہی نہیں آیا اور اس نے آستر کو نکال دیا)

آستر بے یقینی سے واصف کو دیکھ رہی تھی کہ صرف اپنے دوست کہ کہنے پر اس

نے نکل دیا جوب سے۔

سر پلیز ایسا نہیں کریں۔۔میں نے کیا کیا ہے جو آپ مجھے جوب سے نکال رہے

ہیں ؟(آستر کی بھیگی آنکھیں احد سے چھوپی ہوئی نہیں تھیں۔)

www.novelsclubb.com

اچھا تو میں تمہارے کچھ کرنے کا انتیظار کروں۔۔۔ نکلو یہاں سے۔۔(واصف

ایک دم چیخا تو وہ چونک گئی اور جانے کہ لیے مڑی تو احد کو دیکھا بولی کچھ نہیں

۔بولنے کی ضرورت بھی نہیں تھی کیونکہ اس کی آنکھوں میں احد کہ نفرت، غصہ

صاف ظاہر تھا۔احد نے جب اس کی آنکھوں میں دیکھا تو وہ ان سے نظریں ہٹانا ہی

بھول گیا، مگر آستر آگے بڑھ گئی اور دروازہ زور سے بند کیا جس سے وہ ہوش میں

آیا۔)

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

آستر جلدی جلدی چلتی ہوئی جا رہی تھی اسے اپنے بابا کہ پاس جانا تھا۔آنسو تھے کہ

روکنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے۔اسی اثنا میں وہ کسی سے بری طرح ٹکرائی

۔۔سامنے کھڑا شخص بھی شاید اس تصادم پر گھبرا گیا۔پھر جب سامنے دیکھا۔

آستر آپ ؟(اس کی آواز پر جب آستر نے اپنی بھیگی پلکیں اٹھائیں تو سامنے آریش

www.novelsclubb.com

کھڑا تھا وہ بنا کچھ کہے آگے بڑھ گئی تو آریش اس کہ پیچھے لپکا)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

آستر بات تو سنے پلیز، کیا ہوا ہے۔ آپ یہاں کیسے ؟اور آپ رو کیوں رہی ہیں ؟(وہ

تیز تیز چلتی جا رہی تھی اس کہ آریش بھی چل رہا تھا اور اس کی زبان بھی۔

جب اس نے کوئی جواب نہیں دیا تو وہ اس کہ سامنے آیا تو آستر کو رکنا پڑا۔) میں کچھ

پوچھ رہا ہوں۔۔(اب کی بار وہ سنجیدگی مگر نرمی سے بولا)

www.novelsclubb.com

کیا مسلہ ہے تم لوگوں کہ ساتھ۔۔۔اب تم بھی کوئی الزام لگادو، تمہارے اس

منحوس دوست نے تو کوئی کثر نہیں چھوڑی۔۔(آستر غصے سے بولی تو آریش سمجھ

گیا کہ وہ احد سے ملی ہے)

ہٹو میرے راستے سے مجھے جانا ہے۔۔(آستر اسے سامنے سے ہٹاتے ہوئے بولی)

www.novelsclubb.com

اچھا۔۔میں آپ کو چھوڑ دیتا ہوں۔۔آپ کو کہا جانا چلیں۔(آریش کہ کہنے پر اس

نے غصے سے اسے دیکھا تو وہ گڑ بڑا گیا اور بولا)

ایک بھائی ہونے کہ ناتے کہہ رہا ہوں۔۔پلیز آریش چلیں میں اس طرح آپ کو

نہیں جانے دوں گا۔(آریش کہ بھائی کہنے پر وہ تھوری نرم پڑی اور آنسو صاف

کرتے ہوئے بولی)

www.novelsclubb.com

نہیں میں چلی جاوں گی۔

پھر ضد۔۔میں گاڑی لارہاہوں یہیں رکو آپ۔۔(وہ بولتا ہوا مڑا اور تھوڑی دیر میں

گاڑی لے کر آیا تو آستر بیٹھ گئی اور ہو سپیٹل کا بتایا)

سب خیرت ہے ہو سپیٹل میں کون ہے؟(ہو سپیٹل کا سنتے ہوئے بولا)

www.novelsclubb.com

بابا۔۔(وہ بس اتنا ہی بولی)

آریش نے گاڑی تیزی سے ہوسپیٹل کی طرف دوڑادی۔جب وہ وہاں پہنچے تو اس کی

پڑوسن اور انکہ میاں وہاں موجود تھے۔

بابا کہاں ہیں؟(آستر ان کہ پاس آئی اور پوچھا)

وہ اندر ہیں۔(ان کہ کہنے پر وہ اندر گئی،آریش وہیں کھڑا رہا،تھوڑی دیر کہ بعد وہ

www.novelsclubb.com

باہر آئی اور ڈاکٹر کہ پاس گئی۔آریش بھی اس کہ ساتھ گیا۔ڈاکٹر نے بتایا کہ ان کہ

دل کہ تین وال بند ہو چکے ہیں ہمیں بائے پاس کرنا ہو گا۔ بائے پاس کا سن کر اس

کہ چہرے کا رنگ زرد پڑ گیا۔ اور اس کہ لیے جو رکم بتائی تو آستر نے اپنا سر اپنے

ہاتھوں میں تھام لیا۔ اتنی ساری رقم کا انتیظام وہ کہا سے کرے گی۔ آریش اس کی

حالت باخوبی سمجھ سکتا تھا۔ آستر اور وہ دنوں ڈاکٹر کہ کیبن سے باہر آئے۔ تو آستر

www.novelsclubb.com

پاس پڑی بینچ پر ہی بیٹھ گئی۔)

آستر مین سمجھ سکتا ہو۔پریشان مت ہو میں کچھ کرتا ہوں۔۔(آریششں نے کہتے

ساتھ اپنا فون نکالا تو آستر نے اسے روک دیا)

نہیں۔۔اس کی ضرورت نہیں آریش بھائی۔۔آپ بس ایک کام کر دیں۔۔

کیا؟

www.novelsclubb.com

آپ باباکہ پاس رکیں میں پیسوں کاانتظام کر کہ آتی ہوں۔۔(آستر کہہ کر کھڑی

ہو گئی تو وہ بولا)

مگر تم کرو گی کیا؟ میں بھی چلتا ہوں تمہارے ساتھ۔(وہ فکر مندی سے بولا)

نہیں آپ یہیں رکیں اور ڈاکٹر سے کہیں کہ وہ سرجری کی تیاری کریں۔(آستر

www.novelsclubb.com

کہہ کر روکی نہیں باہر چلی گئی)

---------------------------------------------------------

----

احد کی گاڑی ہوا سے باتیں کر رہی تھی۔اس کی آنکھوں کہ سامنے بار بار آستر کی

بھیگی آنکھیں آ رہی تھیں۔ سر کو جھٹک کر اس نے ایک جھٹکہ سے گاڑی روکی۔ پھر

www.novelsclubb.com

سیگریٹ جلائی اور اس کا دھوا ہوا میں اڑ یا۔

کیا میں نے کچھ غلط کر دیا ہے؟ نہیں اس نے جو کیا اس کی سزا ابھی تو ملنی چاہیے

تھی۔ (وہ خود سوال کرتا اور خود ہی اپنی تسلی کہ لیے جواب بھی دیتا)

اگر وہ سچی ہوئی تو؟ یا میرے اللہ میں کیا کروں۔ مجھے راستہ دیکھا دے۔۔(اپنی

سوچوں میں گھرا تھا، اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کیوں وہ اتنا بے چین تھا)

www.novelsclubb.com

____________________________________________________________________________

__________

چھ ساتھ گھنٹے کہ بعد آستر ہوسپیٹل پہنچی۔تو آریش وہیں موجود تھا۔

کہاں تھی تم آستر ؟ کب سے پریشان ہو رہا ہوں میں۔(وہ فکر مندی سے بولا)

www.novelsclubb.com

بابا کیسے ہیں ؟تیاریاں ہو گئیں کیا؟(اس کہ سوال کو نظرانداز کرتے ہوئے وہ بولی)

کل سرجری کا کہا ہے۔

میں پیسے جما کرواکراتی ہوں۔(استر کہہ کر آگے بڑھ گئی اور آریش اسے جاتا دیکھتا رہا

کہ اس کا فون بجا۔ جب دیکھا تو اسکرین پر احد کا نام تھا اس نے کال رسیو کی)

ہیلو۔۔۔

www.novelsclubb.com

کہاں ہے تو۔بنا بتائے ہی چلا گیا وہاں سے ؟(احد نے اس سے ایسے چلے جانے کی

وجہ پوچھی)

ہاں ایک دوست کہ ساتھ ہوں۔۔(آریش نے بات کو گھوما نا چاہا)

کون دوست خیرت تو ہے ؟

www.novelsclubb.com

ہاں دوست کہ فادر ہوسپیٹل میں ہیں تو میں اسی کہ ساتھ ہوں۔(آریش نے سچ بتایا

بس آستر کا نام نہیں لیا کیونکہ اسے پتا تھا کی اس کا نام سنتے ہی وہ غصے میں آجائے گا)

کون سے ہوسپیٹل میں ہے میں پہنچتا ہوں۔(احد نے کہا کیونکہ اس کا ماننا تھا دوست

کا دوست بھی دوست ہوتا ہے)

www.novelsclubb.com

نہیں نہیں، اس کی ضرورت نہیں ہے۔(آریش نے فوراً اسے منا کیا)

ٹھیک ہے جیسے تیری مرضی، میری ضرورت ہو تو بتا دینا۔۔(احد نے اسے فورس

نہیں کیا)

ٹھیک ہے۔اللہ حافظ۔۔(آریش نے کہہ کر فون بند کر دیا کیونکہ سامنے سے ہی

آستر آ رہی تھی)

www.novelsclubb.com

ہو گیا کام ؟


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جی۔۔آریش اب آپ گھر چلے جائیں۔آپ کا بہت شکریہ میری مدد کا مگر پلیز اپ

چلے جائیں میں ہو بابا کہ پاس۔۔(آستر کو اسے اس طرح بے آرام کرنا اچھا نہیں

لگا)

میں بلکل ٹھیک ہو اور کہنی نہیں جارہا۔(آریش نے جواب دیا تو وہ چپ ہو گئی)

www.novelsclubb.com

ایک بات پوچھوں ؟(آریش نے اس سے پوچھا)

جی پوچھیں۔(آستر نے اجازت دی وہ اس وقت کمرے کہ باہر بیٹھے تھے اور سامنے

کمرے میں محمعد صاحب تھے)

آستر پیسوں کا انتیظام کہاں سے کیا تم نے ؟(اس ہ سوال پر آستر نے اسے دیکھا پھر

چہرا موڑ کر زمین کو دیکھنے لگی، آریش کو لگا اسے شاید پسند نہیں اس کا پوچھنا، مگر

www.novelsclubb.com

تھوڑی دیر بعد وہ بولی)

گھر بیچ دیا میں نے۔۔۔ (اس کا لہجہ بے تاثر تھا، آریش نے جھٹ اس کی طرف

دیکھا)

یہ کیا کیا تم نے آستر ؟ (وہ حیرت سے اس لڑکی کو دیکھ رہا تھا جو سامنے بند کمرے کے

دروازے کو دیکھ رہی تھی)

www.novelsclubb.com

میرے لیے میرے بابا سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔۔(آسترہ چہرے پر بلا کی

سنجیدگی تھی، آریش کو سن کر واقعی دکھ ہوا تھا، اس نے طے کیا تھا وہ اس کی مدد

ضرور کرے گا ہر موڑ پر)

-----------------------------------------

www.novelsclubb.com

احد اپنے کمرے میں بیٹھا مووی دیکھ رہا تھا کہ اچانک اس کہ آنکھوں کہ سامنے

آستر کی وہ بھیگی آنکھیں آ گئیں۔اس نے اپنا سر جھٹکا اور مووی دیکھنے لگا۔وہ اس

بات کو ماننے کہ لیے ہی یار نہیں تھا کہ اس نے کچھ غلط کیا ہے۔کیونکہ انسان اللہ

سے معافی جب ہی مانگتا ہے جب وہ یہ مانے کہ اس نے جو کیا ہے وہ غلط

ہے۔اسے اس بات کا احساس ہو۔جب ہم اپنے گناہ کو گناہ سمجھنیں گے تبھی تو

اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں ورنہ نہیں۔اور یہ احساس ہونا بھی ایک نعمت ہے۔

www.novelsclubb.com

---

**چھ مہینے بعد۔**

احد بورڈروم میں کھڑا غصے سے بول رہا تھا۔جہاں آریش بھی تھا جس نے اس کہ

ساتھ پارٹنرشپ کرلی تھی۔دوسرے سینیر لوگ اور حفیظ بھی وہاں موجود تھا،

www.novelsclubb.com

مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ اب کیسے یہ پروجیکٹ ہمیں نہیں ملا،اس بار تو ہم نے ٹینڈر

بہت کم پرایز پر بھرا تھا۔۔۔(اس کہ بولنے پر سب کو سانپ سونگ گیا)

بولو۔۔(وہ چیخا)

مین بھی یہی سوچ رہاہوں کہ یہ کیسے ہوااور اس بار تو فرق صرف دو روپے کا ہے

www.novelsclubb.com

(عباس بولا جو کہ اس کا کافی پرانااور بھروسے مند بندہ تھا)

اس کہ بولنے پر احد نے اسے دیکھا اور پھر بولا)

تمہیں کیسے پتا کہ فرق صرف دو روپے کا؟ پر ایز تو کل شو ہونگے (احد کہ پوچھنے پر

گڑ بڑا گیا اور بولا)

www.novelsclubb.com

میں تو بس ایسے ہی بول رہا تھا ایک اندازہ لگا رہا تھا (عباس کی زبان لڑکھڑا گئی بولتے

ہوئے، احد نے اسے گریبان سے پکڑ کر اٹھایا اور اپنے مقابل کھڑے کرتے ہوئے

بولا)

یعنی اصلی غدار تم ہو۔۔۔ یہ اور اس سے پہلے والا پروجیکٹ بھی تمہاری وجہ سے

www.novelsclubb.com

ہمارے ہاتھ سے گیا۔۔ (احد بے یقینی سے بولا)

نہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے سر آپ غلط سمجھ رہے ہیں۔(عباس اسے سمجھاتے

ہوئے بولا مگر اس سے پہلے کہ وہ اپنی بات مکمل کرتا احد نے زوردار تھپڑ اس کہ منہ

پر لگایا جس سے وہ کرڑ کھڑا گیا)

اپنی بکواس بند رکھ۔۔ میں تم پر بھروسہ کیا اور تو میرے ہی دشمنوں سے ملا ہوا

تھا۔(احد نے بولتے ہوئے ایک اور تھپڑ اس کہ منہ پر مارا، اتنی بے عزتی عباس

برداشت نہیں کر سکا اور احد کا ہاتھ رکھ کر بولا)



www.novelsclubb.com
NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بس اب ایک دفعہ اور مارا تو بہت برا ہو گا۔ہاں میں نے ہی لیک کی تھیں انفور میشن

جو کر سکتا ہے کر لے اور یہ جو تھپڑ مارا ہے نا اس کا حساب تو تجھے دینا پڑے گا احد

ملیک۔۔(عباس کی آنکھوں میں احد کہ لیے انتہائی نفرت تھی)

اس سے پہلے میں تجھے جان سے مار دوں گا۔(عباس کہ بولنے پر آریش آگے آیا اور

www.novelsclubb.com

اس کا گریبان پکڑ کر بولا اور باہر کی طرف دھکا دیا)۔۔

---

احد اپنے آفس میں بیٹھا تھا کہ جھٹکے سے دروازہ کھولا اور آریش اندر آیا۔اریش اس

واقت غصے میں تھا اس مقابلے احد خاموش تھا۔آریش اس کہ سامنے بیٹھ گیا اور

اسے گھورنے لگا۔جب کہ احد کی نظریں اسکرین پر تھیں۔اس کی نظروں سے

www.novelsclubb.com

تنگ آکر وہ بولا)

کیا ہوا ایسے کیا دیکھ رہا ہے ؟(احد چڑتے ہوئے بولا)

تجھے زرا پچھتاوا نہیں ہے اپنے کیے کا۔تجھے اندازہ ہے تو نے کیا کیا ہے۔۔(آریش

احد کو دیکھتے ہوئے بولا)

میں نے کیا کیا؟دھوکا تو میرے ساتھ ہوا ہے۔۔(احد معصومیت سے بولا)

www.novelsclubb.com

میں اس خبیث کی بات نہیں کر رہا۔ میں آستر کی بات کر رہا ہوں۔ جو تو نے اس کہ

ساتھ کیا۔۔(آریش کی بات سن کر احد کہ سامنے وہ آنکھیں، وہ چہرا آ گیا، احد بلکل

خاموش ہو گیا،)

اب کیوں خاموش ہے تو۔ تو نے جو کیا اسے بدنام کر دیا پوری انڈسٹری میں اور جب

www.novelsclubb.com

اسے واصف کہ پاس جوب ملی تو تو نے اسے وہاں سے بھی نکلوا دیا۔ تجھے پتا ہے اس

دن اس کا باپ ہوسپیٹل میں تھا اس کی سرجری ہونی تھی۔۔(آریش کہ کہنے پر احد

نے حیرت سے اسے دیکھا اور آستر کہ الفاظ اس کہ کان میں گونجے،

(سر میرے بابا کی طبیعت خراب ہے وہ اس وقت ہوسپیٹل میں ہیں۔ سر مجھے اس

وقت پیسوں کی سخت ضرورت ہے، سر پلیز ہیلپ می۔اپ لون آپروو کر دیں میں

www.novelsclubb.com

بہت جلد اسے پے کر دوں گی)اس کا منت بھرا لہجا احد کو یاد آیا۔

اور تو جانتا ہے اس نے سرجری کہ پیسے کیسے دیے؟ (اس کہ سوال پر احد نے نا سمجھی

سے اسے دیکھا)

اپنا گھر بیچ کر۔۔ تو نے بہت غلط کیا ہے احد۔ بہت غلط۔۔ (آریش نے جو آئینہ اسے

دیکھایا اوسے سن کر احد کو واقع دکھ ہوا، کافی دیر ان کہ درمیان خاموشی رہی پھر

احد بولا)

ابھی کہاں ہے؟ کہاں کام کر رہی ہے؟(احد کہ پوچھنے پر آریش نے ایسے دیکھا کہ

اس کا سر پھاڑ دے)

دل تو کر رہا ہے تیرا سر پھاڑ دوں میں (آریش نے جو سوچا وہ بول بھی دیا تو احد نے

ابرو اٹھا کر اسے دیکھا جیسے پوچھ رہا ہو کہ اب کیا غلط کہا)

www.novelsclubb.com

میں نے صرف یہ پوچھا ہے کہ وہ کہا ہے؟

مجھے نہیں پتا، وہ کہا ہے۔ (آریش نے دکھی لہجے میں کہا)

تجھے اتنا سب پتا ہے یہ نہیں پتا کہ وہ ہے کہا؟ (وہ بھی احد تھا، بات کی کھال نکل ہی

لیتا تھا، آریش نے لمبی سانس لی اور بولا)

میں اس کہ ساتھ ہی ہوسپیٹل میں تھا جب اس کہ بابا کی سرجری تھی، ایک ہفتے وہ

www.novelsclubb.com

وہاں رہے۔ مگر جب ایک دن میں ہوسپیٹل گیا تو پتا چلا کہ انھیں ڈسچارج کر دیا

ہے۔وہ وہاں سے جا چکے تھے اور میرے پاس اس کا نمبر بھی نہیں ہے۔میں اس کہ

گھر بھی گیا تھا کہ وہاں سے کچھ پتا چل جائے مگر کچھ پتا نہیں چلا کہ وہ کہاں

گئے۔(آریش نے اسے ساری بات بتادی تو احد نے اسے معنی خیزی سے دیکھا اور

بولا)

www.novelsclubb.com

واہ بھئ تجھے بڑی فکر ہو رہی ہے چکر کیا ہے۔۔(احد کہ کہنے پر آریش نے گھور کر

اسے دیکھا اور اٹھ کر باہر چلا گیا،احد کہ جانے کہ بعد احد کو احساس ہوا کہ اس نے


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کتنا غلط کر دیا انجانے میں۔ آستر کا بھگا چہرا، غصے اور آنسو سے بھری انکھیں اس کہ

سامنے بار بار آرہی تھیں)

---

آستر بیٹھی کوئی کام کر رہی تھی جب دروازے پر آواز آئی تو آستر نے سر پر ڈوپٹہ

www.novelsclubb.com

اوڑھا اور دروازہ کھولا تو سامنے السا کو دیکھا جو اسے دیکھ کر مسکرا رہی تھی۔



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ارے کیسے آنا ہوا؟(آستر اسے دیکھ کر مسکرا کر بولی)

آپی آپ کہ لیے کھیر لائی ہوں۔۔(وہ کہتے ہوئے اندر آئی تو آستر نے دروازہ بند

کیااور اس کہ ساتھ اندر آئی، وہ ایک انیس سالا لڑکی جو خوش اخلاق، اور بہت

خوبصورت تھی نازک سی، اس پر اس کی بڑی بڑی آنکھیں، سانولا رنگ اور چہرے

www.novelsclubb.com

پر بلا کی معصومیت تھی۔ آستر سے کافی اچھی دوستی بھی ہو گئی تھی اس کی، ان کہ گھر

میں اس کی بھوڑھی دادی اور ایک بھائی بھی تھا۔

آستران کہ گھر کرائے پر رہتی تھی، اپنا گھر بیچنے کہ بعد اسے گھر کی تلاش تھی جو کم

کرے کا ہو کیونکہ جوب تو رہی نہیں تھی۔ ڈھوڈتے ڈھونتے اسے یہ گھر ملا جو

معمولی سا، ایک کمرا، کچن، اور چھوٹا سا دلان تھا بس، یہ گھر تھوڑی سنسان جگہ پر تھا

اور مین روڈ کافی آگے تھا۔

www.novelsclubb.com

آپ کیا کر رہی تھیں؟ (السا نے پوچھا)

اسکول کا کام ہے وہ ہی کر رہی تھی۔(آستر نے جواب دیا)

اچھا اور اسکول کیسا جا رہا ہے، بچے زیادہ تنگ تو نہیں کرتے ؟(الساکہ پوچھنے پر وہ

مسکرادی)

اب تنگ بچے نہیں کریں گے تو کون کرے گا۔۔(آستر نے مسکراتے ہوئے

www.novelsclubb.com

جواب دیا، آستر ایک چھوٹے سے اسکول میں ٹیچر لگ گئی تھی، کیونکہ جوب کہ لیے



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بہت خواری کہ بعد بھی اسے جب نہیں ملی اور ہر جگہ سے اپنے لیے چور، فراڈ جیسے

القاب ملے تو اس نے اسکول جوائن کرنا ہی بہتر سمجھا، جہاں وہ دوپہر میں آجاتی اور

بابا کا خیال بھی رکھ سکتی تھی۔)

آپی آپ نے نمل پڑھا؟ (السا نے بڑے جوش مین پوچھا، کیونکہ اس کا ایک ہی

www.novelsclubb.com

شوق تھا نوول پڑھنا اور اسے دوسروں کو سنانا)

اب یہ نمل کیا ہے؟(آستر نے نا سمجھی سے پوچھا)

آپ نے نمل بھی نہیں پڑھا؟؟؟؟(اس نے حیرت سے پوچھا)

تم تو ایسے حیران ہو رہی ہو جیسے نمل نہیں پڑھا تو مین زندہ کیسے ہوں۔۔ نمل نہین پڑھا تو میرا رشتہ نہیں آئے گا۔۔۔رشتے والے پوچھیں گے آپ کی لڑکی نے نمل پڑھا ہے؟ نہیں۔۔ چلو مہیں نہیں کرنی یہاں شادی۔۔۔

www.novelsclubb.com

نہیں مجھے بتاؤ ہو گا کیا اگر میں نے نمل نہیں پڑھا تو؟(آستر کہ بولنے پر وہ ہنس ہنس

کر پاگل ہو گئی کیونکہ اس کا اسٹائل ہی ایسا تھا کہ السا ہنسنے پر مجبور ہو گئی)

نہیں تو کوئی بات نہیں آپکی بہن ہے نا میں بتاتی ہوں۔۔۔(السا پر جوش سی بولی

کیونکہ اب وہ اپنا من پسند کام کرنے والی تھی)

www.novelsclubb.com

السا ایک تو بتاؤ۔۔(آستر نے اسے روکا اور اس کا چہرا دیکھتے ہوئے بولی)

جی پوچھیں ؟(السا خوشی بولی)

یہ آج کل بہت زیادہ خوش نظر آرہی ہیں آپ سب خیریت تو ہے ؟(آستر نے

اسے جانتی ہوئی نظروں سے دیکھا)

ہاں ہاں سب ٹھیک ہے۔(السا نے ادھر ادھر دیکھے ہوئے کہا)

www.novelsclubb.com

السا صیح صیح بتاو مجھے۔۔(اب کی آستر نے سنجید گی اور روب سے پوچھا)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

آپ بتاو گی تو نہیں نا کسی کو۔۔(السا نے اس سے وعدہ لیا)

پہلے بتاو۔۔(آستر نے وعدہ نہیں کیا)

وہ میں۔۔۔وہ۔۔آ۔۔۔(السا کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ کیسے اسے بتائے اور آستر

اس کہ چہرے کہ اتار چڑھاو کو دیکھ رہی تھی)

www.novelsclubb.com

کچھ دنوں پہلے میری ایک لڑکے سے دوستی ہوئی ہے فیس بوک پر۔۔(اس کی بات

پر آستر اسے بنا کسی تاثر کہ دیکھتی رہی) میں نے ایک گروپ جوائن کیا تھا وہاں سے

ہماری دوستی ہوئی، وہ بہت اچھا ہے آپ دیکھیں گی نا تو آپ کو بھی پسند آئے گا

آپی۔۔(وہ اپنی دھون میں بولتی جا رہی تھی اور آستر اسے سن رہی تھی، وہ اتنا بول

www.novelsclubb.com

کر چپ ہو گئی تو آستر بولی)

تمہیں کیسے پتا کہ وہ لڑکا دیکھنے میں ویسا ہی ہے جیسا تم نے دیکھا ہے؟

اس نے اپنی تصویریں بھجی ہیں نا۔

اور وہ تصویریں اسی کی ہیں یہ کیسے پتا؟ (اس سوال پر وہ گڑ بڑائی)

اس نے بتایا ہے آپی۔۔۔(ایک نا قبول ہونے والی دلیل)

تم نے اپنی تصویر بھی بھیجی ہو گی؟

www.novelsclubb.com

نہیں اس نے ایسی کوئی بات نہیں کی آپی یہی تو میں آپ کو بتا رہی ہوں، وہ ایسا نہیں

ہے۔۔(السا نے اپنی بات پر زور دیتے ہوئے کہا)

السا تم مجھے اپنی بہنوں کی طرح عزیز ہو۔۔میں کبھی نہیں چاہوں گی کہ تم کچھ غلط

کرو۔یہ جو تم اس لڑکے کی محبت میں ڈوبی ہوئی ہو نا اتنا جان لو یہ صرف ایک حسین

www.novelsclubb.com

دھوکا ہے۔کیونکہ جو محبت کرتا ہے نا وہ عزت بھی کرتا ہے۔



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

۔۔مرد ہمیشہ اداوں پر فدا ہوتا ہے، سادگی والے قصے صرف کہانیوں میں ہی ملتے

ہیں۔

۔کچھ دن تو ایسے ہی ادھر ادھر کی باتیں ہوتی ہیں پھر کہنے گا کہ تم سے محبت ہو گئی

ہے وہ بھی دیکھے بغیر۔۔پہلے تم آہیں باہیں شاہیں کرو گی مگر اندر ہی اندر لڈو بھی

پھوٹیں گے۔اگلہ مرحلہ آہیے گا تصویر کا۔ابھی نہیں کہا اس نے تم سے اپنی تصویر

www.novelsclubb.com

بھیجو تو کچھ دن بعد کہہ دے گا اور تم بھیج بھی دو گی یہ کہہ کر کہ دیکھ کر ڈیلیٹ

کر دینا۔ پھر ویڈیو کا سلسہ چلے گا۔

پھر کہے گا کہ ایک بار ملنا چاہتا ہے اور آپ ملنے بھی چلی جاو گی کیونکہ اس وقت تم

www.novelsclubb.com

اس پر بھروسہ کرنے لگو گی اس کہ لفظوں کہ دھوکہ میں آچکی ہو گی پھر یہ ملنے کا

سلسلہ بھی چل پڑے گا۔ کیونکہ تم یہ سمجھ رہی ہو کہ اسے تم سے بغیر دیکھے ہی محبت

ہو گئی اور وہ بھی یہ ہی کہے گا کہ اسے تمہارے جسم کی غرض نہیں۔

ایسا کچھ بھی ہیں ہے السا۔ عزت تمہاری نظر میں کیا ہے ؟ اگر وہ تمہیں کسی پارک

کہ خفیہ جگہ یہ کہہ کر بولائے کہ جان تمہیں میرا اعتبار نہیں ؟ کیا تمہیں مجھ سے

www.novelsclubb.com

محبت نہیں ؟ تو پھر کیا خیال ہے اس طرح کی فحاشی محبت ہو سکتی ہے ؟

اگر اسے تم سے محبت ہوتی تو اپنے والدین کو بھیجتا، نا کہ اس طرح محبت کو رسوا

کرتا۔ محبت ایک جذبہ ہے جس کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔اس کا تعلق جسم

سے نہیں روح سے ہوتا ہے۔اس میں شکل و صورت، ذات پات، امیری غریبی کا

کوئی دخل نہیں ہوتا۔ تمہیں پتا ہے طوائف کیا ہوتی ہے؟ایک عورت کا کسی مرد کو

بغیر کسی جائز رشتے کہ اسے قربت کہ لمحات دینا۔اگر یہ جسمانی ہو تو یہ گناہ ہے اور

ہمارے مذہب میں بھی مگر یہ جو لڑکیاں اس طرح دوستیاں کر کہ ذہنی سکون

دے تی ہیں یہ بھی اسی زمرے میں آتا ہے، یہ جو نیٹ پر فرینڈ شپ کرتے ہیں اور

پھر یہ دوستی محبت میں بدل جاتی ہے جس کوئی حاصل نہیں ہوتا ہے۔ صرف چند

لمحوں کا لطف ہوتا ہے۔ میں جانتی ہوں میری باتیں تکلیف دہ ہیں مگر حقیقت ہے

یہ۔

www.novelsclubb.com

یہ صرف ایک فریب ہے بچاوا اپنے آپ کو اس سے۔۔(آستر چوپ ہوئی تو السا کی

نگاہیں جھکی ہوئی تھیں، آستر کو غصہ ہی اگیا تھا، وہ خود نہیں جانتی تھی وہ کیوں اتنا


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اسے سنا گئی، مگر دوستی یہ ہی تو ہے جو آپ کو صیح غلط بتائے، صرف دوست کی ہاں

میں ہاں ملانا دوستی نہیں ہے وہ منافیقت ہے۔۔۔۔ (تھوڑی دیر خاموشی سے کٹے

تو آستر بولی)

رات ہو رہی جاو گھر جاو اور ایک بات یاد رکھنا تمہارا بھائی تم سے بہت محبت کرتا ہے

www.novelsclubb.com

اس کی عزت تمہارے ہاتھ میں ہے۔ (السا بنا کچھ کہے اٹھی اور مرے مرے

قدموں سے چلی گئی، آستر کو دکھ تو ہوا مگر اس کی بھلائی اسی میں تھی)

________________________________________

الساگھر آکر بہت افسردہ تھی آستر کی باتیں اس کہ دماغ میں گونج رہی تھیں۔ایک

دل کہہ رہا تھا کہ وہ صیح کہہ رہی ہیں تو دوسرا کہہ رہا تھا نہیں، بلاوجہ مجھے اتنی باتیں

سنادیں مین کیوں ایسا کروں گی۔۔کافی رات اسی کشمکش میں گزر گئی جب اس کہ

www.novelsclubb.com

موبائل پر مسیج آیا، جب اس نے دیکھا تو فیس بوک نوٹیفیکشن تھا۔اس نے دیکھا تو

اسی لڑکہ کا میسج تھا۔دل سے مجبور ہو کر اس نے بات کرنا شروع کر دی اور بات

کرتے کرتے اس لڑکے نے السا کو اپنی تصویر بھیجنے کا کہا، تو السا حیران پریشان میسج

دیکھ رہی تھی اسے آستر کی باتوں کا یقین ہونے لگا کہ وہ سچ کہہ رہی تھی۔اس کی

آنکھوں میں آنسو آ گئے۔السا نے آنسو صاف کیے اور اس لڑکے کو بولوک

کر دیا۔ساری رات اسے نیند نہیں آئی۔وہ یہ ہی سوچ رہی تھی کہ اگر آستر اسے

www.novelsclubb.com

نہیں سمجھاتی تو۔۔۔ایسی ہی تو ہوتا ہے کہ جب اللہ ہمیں کسی نقصان سے بچانا چاہتا

ہے تو کیسی شخص کو یا کہیں لکھا ہوا سامنے اجاتا ہے۔بس غور کرنے کی دیر ہوتی

ہے۔

------------------------------------------

www.novelsclubb.com

احد شیر و کہ ساتھ لون میں بیٹھا تھا اور شیر واس کی گود میں بیٹھا تھا۔احد کو اپنی

غلطی کا شدد سیٔ احساس تھا کہ اس نے جو بھی کیا آستر کہ ساتھ غلط کیا۔آریش کی

کہی ہوئی باتیں اس کہ ذہین میں گھوم رہی تھیں۔

پتا ہے شیر و میں نے بہت غلط کیا اس کہ ساتھ پتا نہیں وہ مجھے معاف کرے گی کبھی

،لیکن میں بھی تو اس وقت اپنی جگہ صیح تھا نا۔میں کیسے برداشت کر لیتا

www.novelsclubb.com

دھوکا۔آریش کہتا ہے کہ میرے سینے میں دل نہیں ہے۔تجھے بھی اسی لگتا

ہے؟(اب وہ شیرو کو پکڑے اپنے سامنے کیے بولا)

کیا کبھی وہ مجھے ملے گی؟(احد شیرو کہ بالوں میں انگلیاں چلاتا ہوا اس سے باتیں

کررہا تھا کہ اس کا موبائل بجا تو آریش کا نام اسکرین پر جگمگا رہا تھا۔)

www.novelsclubb.com

ہاں بول۔۔(احد نے کال ریسو کرتے ہوئے کہا)

کہاں ہے ؟(آریش نے پوچھا)

کلب میں ۔۔(احد چڑ کر بولا)

ہاہاہا(اس کہ جواب پر آریش نے قہقہ لگایا وہ سمجھ گیا تھا احد اس سے ناراض ہے)

ناراض ہے مجھ سے ؟

www.novelsclubb.com

(اس کہ پوچھنے پر وہ کچھ نہیں بولا تو آریش بولا) چل گھر آ رہا ہوں تیرے تیار رہ۔۔


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کہاں جانا ہے ؟ (احد نے پوچھا)

کلب۔۔۔(آریش نے کہہ کر کال کاٹ دی تو احد نے سر نفی میں ہلایا)

ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ـــــــــ

www.novelsclubb.com

ایک سال بعد۔۔

احد اپنا خیال رکھنا بیٹا اور گھر جلدی آنا۔ کھانا ٹائم پر کھانا۔۔(معاویہ ائیر پورٹ پر

کھڑی اسے ہدایت دے رہی تھی)

ماما میں اپنا خیال رکھوں گا، آپ بس اپنا اور بابا کا خیال رکھیے گا اور میرے لیے دعا

کیجے گا۔(احد کہ کہنے پر معاویہ اسے گلے لگا لیا اور بولی) میری ہر دعا میں تم اور

www.novelsclubb.com

ناعیل ہی تو ہوتے ہو اس کہ علاوہ تو مجھے مانگنے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔(معاویہ

اور ناعیل عمرے پر جا رہے تھے، احد ان دونوں سے ملا اور پھر گھر آ گیا)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کافی دیر لیپ ٹوپ پر کام کرنے کی وجہ سے اس کی گردن میں درد ہو گیا۔ گھڑی کی

طرف دیکھا تو رات کہ دو بج رہے تھے۔ اسے بھوک کا احساس ہوا تو وہ اٹھا اور کچن

میں آگیا۔ اپنے لیے کھانا گرم کیا اور کچن میں ہی کرسی کھینچ کر بیٹھا اور کھانے

لگا۔ جب کسی کی آواز اس کہ کانوں میں ٹکرائی۔ **آپ بہت زیادتی کر رہے ہیں**

**میرے ساتھ۔۔۔**

www.novelsclubb.com

**کیا کر لو گے تم ہاں۔۔ کیا کروں گے۔۔؟** (پچھلے ایک سے یہ آوازیں اسے تنگ

کر رہی تھیں۔ وہ سمجھنے سے قاصر تھا۔ وہ جب تنہا ہوتا اسے آستر کی آوازیں سنائی

دیتیں۔ سارا سارا دن وہ مصروف رہتا تھا مگر جیسے ہی سونے لگتا تو اس کی بھیگی

آنکھیں اور اس کا آنسوں سے بھرا چہرا دیکھتا وہ ہر بار سر جھٹک دیتا، مگر اس کہ دل

www.novelsclubb.com

میں یہ ہی تھا کہ اس کہ ساتھ غلط کیا ہے اس لیے ایسا ہو رہا ہے اور وقت کہ ساتھ

صیح ہو جائے گا۔ مگر نہیں وہ غلط تھا۔

احد نے لمبی سانس لی پھر کھانا چھوڑ کر اپنے کمرے میں چلا گیا اس کا اب کھانا کھانے

کا دل نہیں کر رہا تھا۔

-----------------------------------

اگلے دن وہ آفس سے گھر نہیں آیا بلکہ فاطمہ کی طرف چلا گیا۔ زوبیا بھی وہاں آئی

www.novelsclubb.com

ہوئی تھی۔

اووو وکیا بات ہے برے بڑے لوگ آہیں ہیں ہمارے گھر۔۔(زوبیا احد کو دیکھ کر

بولی)

تمہارا نہیں میری پھوپھو کا گھر ہے۔کیوں پھوپھو؟(احد نے کہہ کر فاطمہ کو دیکھا تو

وہ ہنس دی)

www.novelsclubb.com

ویسے تم یہاں کیا کر رہی ہو؟ تمہیں تو اس وقت اپنے گھر ہونا چاہیے تھا؟

پھوپھو۔۔ یہ کیوں ہے یہاں؟(احد نے اب کی بار فکر سے پوچھا کیونکہ زوبیا

اکسپکٹ کر رہی تھی)

یہاں سے ہوسپٹل قریب ہے اور ڈیلوری بھی تین چار دن ہیں اس لیے فیصل سے

www.novelsclubb.com

کہا تھا میں نے کہ اسے یہاں چھوڑ دے۔(فاطمہ نے اسے تسلی دی تو وہ چوپ

ہو گیا)

جیسا مناسب لگے آپ کو، میں فریش ہو جاوں۔۔(احد کو وہاں رکنا مناسب نہیں

لگا،اس لیے کمرے میں چلا گیا۔وہ نہیں جانتا تھا کہ زوبیا یہاں ہے ورنہ نہیں

آتا۔۔)

رات کہ کھانے کہ بعد احد بولا) پھوپھو میں چلتا ہوں۔اپنا اور زوبیا کا خیال رکھیے

www.novelsclubb.com

گا۔

احد بیٹا آج یہی رک جاو تمہارے انکل بھی دوسرے شہر گئے ہوئے ہیں وہاں گھر پر

بھی کوئی نہیں ہے یہی رک جاو بیٹا دو تین دن۔(فاطمہ بڑے پیار سے بولیں تو احد

سے انکار نہیں ہوا کیونکہ وہ دنوں اس وقت اکیلی تھیں)

ٹھیک ہے نہیں جاتا بس خوش۔۔(احد مسکرا کر بولا تو وہ بھی مسکرا دیں)

www.novelsclubb.com

--------------------------------------------------

----

شام سات بجے کا وقت تھا آستر بیٹھی ہوئی بچوں کہ پیپرز چیک کر رہی تھی کہ

دروازے پر دستک ہوئی تو وہ تھوڑا حیران ہوئی کہ اس وقت کون آگیا۔ پھر دوپٹہ

www.novelsclubb.com

سر اوڑھ کر دروازا کھولا تو سامنے السا کھڑی تھی۔ آنکھیں سوجی ہوئی تھیں شاید

روئی تھی وہ۔۔آستر کو اسے دیکھ کر دکھ ہوا اس سے پہلے کہ وہ کہتی کہ السا اس کہ

گلے لگ گئی اور آنسو دوبارہ جاری ہو گئے۔

السا کیا ہوا میری جان۔۔۔(آستر نے اسے دروازہ بند کیا اور فکر مندی سے بولی)

آپی۔۔۔آ۔۔پی۔۔(ہو ہچکیاں لیتے ہوئے بولی)

www.novelsclubb.com

السا مجھے بتاؤ ہوا کیا ہے کیوں رو رہی ہو؟ (آسترا اسے اندر لے کر آئی اور اسے پانی

دیا)

اس نے۔۔اس نے کل رات مجھ سے میری تصویر مانگی تھی۔۔ (السا کی نظریں جھکی

ہوئی تھیں۔وہ شرمندہ تھی)

www.novelsclubb.com

آستر اسے دیکھتی رہی بولی کچھ نہیں وہ سمجھ گئی تھی کہ السا کو اپنی غلطی کا احساس

ہو گیا ہے۔

میں بہت غلط تھی۔ میرے بھائی نے مجھ پر اتنا بھروسہ کیا، اتنا پیار کیا اور میں کیا

کر رہی تھی اس کی عزت کو نیلام کر رہی تھی۔ کسی انجان شخص کی باتوں میں آگئی

www.novelsclubb.com

اور آپ مجھے۔۔۔ (وہ روتے ہوئے بولی جا رہی تھی کہ آستر نے اسے روک دیا اور

بولی)

اچھا بس۔۔اللہ نے تمہیں بچانا تھا بس۔وہ اپنے بندے سے ماں سے بھی ستر گناہ

سے زیادہ پیار کرتا تو کیسے تمہیں غلط راستے پر جانے دیتا۔اللہ جب اپنے بندے کو

بچانا چاہتا ہے تو کسی کو بھی چن لیتا ہے اس کی مدد کہ لیے۔تم نے اپنی غلطی مان لی

اس گناہ سے خود کو بچا لیا اللہ کہ حکم سے یہ ہی بڑی بات ہے۔بس خوش رہو۔اللہ

www.novelsclubb.com

تمہیں خوش رکھے۔۔(آستر نے بول کر اسے گلے لگایا)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

میں بہت بری ہو۔۔جب جب مجھے یہ خیال آتا ہے کہ میں اتنی گر گئی تو اپنے سے

نفرت ہونے لگتی ہے آپی۔۔(السا اس کہ گلے لگے لگے ہی بولی)

نہیں السا۔۔۔اگر ایسا نہیں سوچتے۔تم بہت اچھی ہو۔ہم انسان ہیں غلطی انسان

سے ہی ہوتی ہے مگر اپنی غلطی پر ڈٹ جانا ابلیس کی صفت ہے مگر اپنی غلطی پر اللہ

www.novelsclubb.com

سے معافی مانگ لینا آدم علیہ اسلام کی صفت ہے۔تم بھی اپنے کیے کی معافی اللہ

سے معانگو اور دوبارہ ایسی غلطی نہیں کرنے کا وعدہ اللہ سے کرو۔ (آستر اس کہ ہاتھ

اپنے ہاتھ میں لیتے ہوئے اسے سمجھا رہی تھی)

السا نے ہاں میں سر ہلایا۔۔) چلو ضمیر بھائی کو بلاؤ اور ان کہ ساتھ گھر جانا۔ (آستر

نے کہہ کر اس کی طرف اپنا موبائل بڑھایا تو السا نے اپنے بھائی ضمیر کو کال کی اور

پھر اس کہ ساتھ گھر چلی گئی)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

---------------------------------------

امی۔۔اہہہمییی۔(فاطمہ جو زویا کہ ساتھ ہی سو رہی تھی، رات کہ بارہ بج رہے

تھے وہ زویا کی آواز پر اٹھی اور برابر میں دیکھا تو وہ درد سے تڑپ رہی تھی۔)

زویا میری بچی کیا ہوا؟ کیا زیادہ درد ہو رہا ہے۔(فاطمہ گھبراتے ہوئے بولیں)

www.novelsclubb.com

امیییی بہت درد ہو رہا ہے۔۔(وہ درد سے چیخی)

میں احد کو بلاتی ہوں۔۔(فاطمہ فوراً کمرے میں گیئں جہاں احد سو رہا تھا)

احد احد۔۔۔(فاطمہ نے زور زور سے دروازہ بجا رہی تھی، احد ہڑ بڑا کر اٹھا اور

دروازہ کھولا)

پھپھو کیا ہوا سب خیریت (احد انھیں دیکھ فکر مندی سے بولا)

www.novelsclubb.com

زوبیا۔۔احد زوبیا کو ڈاکٹر کہ پاس لے کر جانا ہو گا وہ بہت تکلیف میں ہے۔(فاطمہ

کہ کہنے پر احد فوراز وبیا کہ کمرے کی طرف دوڑا فاطمہ بھی اسی کہ ساتھ پہنچی اسے

درد میں دیکھ کر وہ فوراز وبیا کی طرف بڑھا اور اسے گود میں اٹھا کر باہر لایا مگر یہ کیا وہ

باہر نکلے تو باہر بہت تیز بارش ہو رہی تھی۔شام سے جو بارش شروع ہوئی تھی ابھی

www.novelsclubb.com

تک رو کنے کا نام نہیں لے رہی تھی)

احد اسے لے کر آگے بڑھا اور فاطمہ نے گاڑی کا گیٹ کھولا تو احد نے زوبیا کو اندر

لیٹا دیا، تیز بارش کہ باعیس وہ تینوں ہی بھیگ گئے تھے۔ فاطمہ بھی زوبیا کہ ساتھ

بیٹھ گئیں۔ زوبیا کا سر فاطمہ کی گود میں تھا۔)

چوکیدار نے گیٹ کھولا تو احد نے گاڑی تیزی سے باہر نکالی۔

www.novelsclubb.com

زوبیا میری بچی ہمت کرو ابھی ہوسپیٹل پہنچ جائیں گے بیٹا۔۔(فاطمہ اس کا سر

سہلاتے ہوئے اسے دلاسہ دے رہی تھیں۔)

راستوں میں پانی بھرا پڑا تھا۔شام سے پانی برسنے کی وجہ سے اور کچھ ہمارے ملک

کہ انتیظام اتنے اچھے ہونے کی وجہ سے۔بارش ابھی بھی مسلسل برس رہی

www.novelsclubb.com

تھی،احد سے گاڑی چلانا مشکل ہو رہا تھا مگر وہ ہمت نہیں ہارنا چاہتا تھا اپنی بہن کہ

لیے۔وہ جلد از جلد ہوسپیٹل پہنچنا چاہتا تھا۔تھوڑی دور گیا تو آگے کا راستہ ہی بند کیا

ہوا تھا، اسے آگے نہیں جانے دیا۔ احد نے گاڑی دور سرے راستے پر لے

لی۔ تھوڑی دور ہی گاڑی گئی پھر گاڑی نے بھی ساتھ چھوڑ دیا۔ گاڑی روک گئی۔ احد

کہ چہرے پر پریشانی، گھبراہٹ، غصہ سارے تاثرات واضح تھے۔ اس نے ارد گرد

دیکھا تو وہ کوئی انجان علاقہ تھا وہ یہاں کبھی نہیں آیا تھا۔ یہاں گھر بہت دور دور بنے

تھے۔ ہوسپیٹل کا تو نام و نشان بھی یہاں ہونا ناممکن تھا۔ احد نے گردن موڑ کر اپنی

بہن کو دیکھا جو درد سے تڑپ رہی تھی۔


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

یا اللہ ہماری مدد فرما۔۔ کوئی راستہ نکال میرے پروردگار۔ (کہتے ہیں نا کہ پورے

دن میں ایک لمحہ ایسا ہوتا ہے جو قبولیت کا ہوتا ہے، جب آپ کہ منہ سے نکلی ہوئی

کوئی بھی بات قبول ہو جاتی ہے تو شاید یہ احد کہ لیے یہ لمحہ قبولیت کا تھا)

احد کی نظر ایک گھر پر پڑی جہاں لائیٹ جل رہی تھی۔ مگر بارش میں لائیٹ کیسے

یہاں تو زرا سی بوندہ باندی ہو تو لائیٹ چلی جاتی ہے اور اس گھر میں لائیٹ جل رہی

ہے احد ایک دو گھر کی طرف بھی دیکھا جو کہ دور تھے تو وہاں بھی ہلکی روشنی تھی۔

www.novelsclubb.com

پھپھو میں ابھی آیا۔۔(احد کہہ کر باہر نکلا اور اس گھر کی طرف بڑھا)

---

آستر جو کہ برتن دھو کر اور پورا کچن صاف کر کہ، پھر سونے کا ارادہ ملتوی کر کہ

پیپرز چک کرنے کا ارادہ کیا۔پہلے کمرے میں آئی جہاں محمود صاحب سو رہے

www.novelsclubb.com

تھے۔آستر نے ان کی چادر درست کی پھر باہر نکل گئی اور پیپرز لے کر بیٹھ گئی۔

یااللہ یہ کیا لکھا ہے اس بچے نے۔پوچھا کیا ہے لکھا کیا ہے۔۔(وہ ہاتھ میں پین

تھامے خود سے باتیں کر رہی تھی اور لال پین سے مارکنگ بھی کر رہی تھی)

---------------------------------------

www.novelsclubb.com

پانی اس کہ گھٹنوں تک تھا۔احد بڑی مشکل سے وہاں پہنچا تا کہ پتا کر سکے کہ کوئی

ہوسپیٹل ہے یہاں۔۔احد نے گیٹ کھٹکھٹایا ایک دفعہ ،دو دفعہ ، تین دفعہ ،، مگر کوئی

نہیں آیا۔۔

---

www.novelsclubb.com

گیٹ کی اواز سن آستر نے حیرت سے گیٹ کی طرف دیکھا۔

اس وقت اور اس موسم میں کون ہو سکتا ہے، السا تو نہیں ہو گی۔ (آستر بڑبڑائی مگر

دروازے پر دستک ہوتی جا رہی تھی، تین دفعہ کہ بعد وہ جو کوئی بھی تھا رک گیا)

آستر ہو سکتا ہے کسی کو کوئی مدد چاہیے ہو۔۔ (اس نے دل نے آواز دی) یا اللہ کیا

کروں جاوں یا نہیں۔۔ (وہ اسی کشمکش میں تھی پھر ہمت کر کہ اٹھی)

www.novelsclubb.com

---------------------------------------------

آخری بار ٹرائے کرتا ہوں (احد نے دل میں سوچا کیونکہ اسے ہمت نہیں ہارنی

تھی، وہ مکمل بھیگ چکا تھا) احد نے ایک اور دفعہ گیٹ بجایا تو گھیٹ کھول گیا

تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آستر سامنے چھتری لے کر کھڑی تھی۔ وہ اس چہرے کو کیسے بھول سکتا تھا۔ آستر کا

www.novelsclubb.com

بھی یہ ہی حال تھا۔ وہ دونوں حیرت زدہ سے وہاں کھڑے تھے۔ مگر ایک کی

آنکھوں میں نفرت اور دوسرے کی انکھیں بنا کسی تاثر کی تھیں۔ پھر وہ ہوش میں

آیا اور بولا)

مجھے مدد کی ضرورت ہے، میری بہن کو ڈاکٹر کہ پاس لے کر جانا یہاں کوئی ڈاکٹر

ہے ؟(احد نے التجائی نظروں سے اس سے پوچھا وہ بہت پریشان اور گھبرایا ہوا تھا)

www.novelsclubb.com

کیا ہوا ہے آپ کی بہن کو؟(استر نے پوچھا کیونکہ اس کی گھبراہٹ صاف تھی)

وہ وہاں گاڑی میں ہے اور گاڑی بھی خراب ہو چکی ہے۔۔(احد نے یہ تو نہیں بتایا کہ

اسے ہوا کیا ہے بس یہ بتا دیا کہ وہ کہاں ہے)

یہاں ڈاکٹر تو نہیں،، چلیں دیکھتے ہیں۔۔(آستر کہتے ہوئے گیٹ سے باہر نکلی وہ پانی

میں بہت مشکل طریقے سے چل پا رہی تھی۔ چھتری اس کہ ہاتھ میں تھی اور احد

www.novelsclubb.com

اس کہ پیچھے۔ آستر جب گاڑی ک پہنچی تو زوبیا کو دیکھ کر تھوڑی حیران بھی ہوئی اور

گھبرا بھی گئی، پھر کچھ یاد آنے پر احد کی طرف مڑی اور بولی)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

آپ انھیں لے کر گھر کہ اندر چلیں جلدی۔(وہ جلدی میں احد سے بولی)

مگر۔۔۔(احد کچھ کہتا کہ وہ بولی)

آپ کہ اگر مگر کہ جواب کا ٹائم نہیں ہے۔۔(آستر نے غصے سے کہا تو احد نے

دروازہ کھولا فاطمہ باہر نکلیں پھر احد نے زوبیا کو گود میں اٹھایا تو آستر نے چھتری

www.novelsclubb.com

فاطمہ کو دی احد کہ اوپر چھتری کر دے تا کہ زوبیا بھیگ نا جائے۔

وہ لوگ زوبیا کو لے کر اندر آئے تو آستر ان سے پہلے اندر پہنچ چکی تھی اور کمرے

سے اپنا مٹریس لائی اور دلان میں بیچھا دیا)

یہاں لیٹا دیں انھیں۔۔(آستر نے احد کو کہا) میں ابھی آتی ہوں۔(وہ کہہ کر باہر

چلی گئی تو احد اور فاطمہ نے ایک دوسرے کو دیکھا کہ یہ کہا گئی پھر فاطمہ زوبیا کہ

www.novelsclubb.com

پاس بیٹھ گئیں اور احد چکر کاٹنے لگا)

آستر بھگتی ہوئی الساکہ گھر گئی اور زور زور سے دروازہ بجانے لگی۔۔الساکا بھائی باہر

آیا)

آستر آپ اس وقت سب خیر ت ہے ؟انکل ٹھیک ہیں ؟(وہ فکر مندی سے بولا)

جی ضمیر بھائی بابا ٹھیک ہیں بس دادی کو لینے آئی ہوں۔ وہ کہتی ہوئی اندر گئی اور

www.novelsclubb.com

دادی کو ساری بات بتادی تو وہ بھی جلدی سے آستر کہ ساتھ چل دیں۔

آپ لوگ کہاں جا رہے ہیں میں بھی چلتا ہوں۔(ضمیر نے کہا تو آستر فوار بولی)

نہیں نہیں۔۔ ضمیر بھائی آپ نہیں آیئے گا۔ پلیز۔۔(کہہ کر دادی کو لے کر اپنے

گھر آئی جہاں زوبیا کا چیخ چیخ کر برا حال تھا۔ دادی فوراً اس کی طرف بڑھیں اور آستر

سے بولیں)

www.novelsclubb.com

اس لڑکے کو باہر نکالو۔۔(دادی کہ کہنے آستر احد کی طرف بڑھی اور بولی)

آپ باہر جاہیں۔۔(چہرے پر بلا کی سنجید گی تھی وہ موقع کو سمجھتے ہوئے باہر صحن

میں چلا گیا جہاں پانی برس رہا تھا، آستر نے نیچ کا گیٹ بند کیا اور اندر اگئی تو محمود

صاحب کی آواز آئی تو آستر نے دادی کی طرف دیکھا تو وہ بولیں)

تم اپنے بابا کہ پاس جاو میں دیکھ لوں گی۔۔(ان کہ کہنے پر آستر محمود صاحب کہ

www.novelsclubb.com

پاس ائی تو وہ بولے)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بیٹا یہ کیسا شور ہے کیا ہو رہا ہے باہر ؟(وہ بہت پریشان تھے)

بابا کچھ نہیں ہوا(آستر نے انھیں تصیلی دی اور ساری بات بتادی پھر دادی کی آواز

پر کمرے سے باہر نکلی اور وہ جو کہہ رہی تھیں وہ دیتی جا رہی تھی اور گھنچکر بنی ہوئی

تھی۔)

www.novelsclubb.com

احد باہر دروازے کہ پاس ہی کھڑا تھا، دروازے کہ اوپر ایک جھمجھا تھا جس کہ نیچے

وہ کھڑا تھا اور زوبیا کہ لیے دعا گو تھا۔)

یا اللہ میرے کیے کی سزا میری بہن کو نہیں دینا، وہ بہت معصوم ہے اسے زندگی

دے اور اس کہ بچے کو بھی۔

--------------------------------------



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تھوڑی دیر بعد بچے کہ رونے کی آواز آئی تو آستر جو کہ کچن میں کچھ لینے گئی تھی فورا

بھاگتی ہوئی باہر آئی، دادی بچے کو پکڑے ہوئے تھیں۔ فاطمہ اور دادی مسکرا رہی

تھیں۔ آستر ان کہ پاس آگئی زوبیا کی آنکھیں بند تھیں۔

دادی یہ؟ (آستر نے زوبیا کی طرف اشارہ کیا جو کہ آنکھیں بند کیے ہوئے تھی)

www.novelsclubb.com

وہ ٹھیک ہے بیٹا، (دادی نے اسے دلاسہ دیا تو وہ بچے کی طرف مڑی)

ماشاءاللہ بہت پیارا ہے یہ تو۔۔(آستر نے مسکراتے ہوئے بچے کو دیکھتے ہوئے کہا جو

کہ اب دادی کی گود میں تھا)

آستر۔۔(محمود صاحب کی آواز پر وہ مڑی تو دادی بولیں)

رو کو میں بھائی صاحب سے ملوں (دادی بولیں اور بچے کو لے کر کمرے میں چلی

گئیں)

www.novelsclubb.com

اندر کون ہے؟ (فاطمہ نے آستر سے پوچھا)

میرے بابا ہیں۔۔ (آستر نے جواب دیا)

اچھا۔۔بیٹا تمہارا بہت بہت شکرا یہ میں تمہاری احسان مند ہو۔۔ تم نے جو کیا ہے

وہ۔۔ (آستر نے انھیں بیچ میں روکا اور بولی)

www.novelsclubb.com

نہیں انٹی ایسی کوئی بات نہیں۔۔آپ مجھے شرمندہ کررہی ہیں۔۔(آستر نے مسکرا

کر بولا)

اچھا میں بھی تمہارے بابا سے مل لوں (وہ کہہ کر کمرے کی طرف بڑھ

گئیں۔۔ تھوڑی دیر میں زوبیا نے بھی آنکھیں کھول دیں اور وہ بولی)

www.novelsclubb.com

میرا بچہ۔۔(وہ بے چینی سے بولی)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

میں لاتی ہوں۔(آستر کہہ کر اندر گئی۔فاطمہ اور دادی کہ ساتھ باہر آئی،دادی نے

زوبیا کو اس کا بچہ دیا تو اسے چومنے لگی)

احد۔۔۔(فاطمہ کو احد کا خیال آیا)بیٹا احد کو بلا دو۔(فاطمہ نے آستر سے کہا تو وہ

سر ہلا کر چلی گئی)

www.novelsclubb.com

آستر نے دروازہ کھولا تو وہ بے چین سا مڑا اور بولا)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

زوبیا کیسی ہے؟ وہ ٹھیک تو ہے نا۔۔۔

آپ کو اندر بلا رہی ہیں۔۔(بنا اس کی بات کو جواب دیے وہ بولی تو احد فوراً اندر کی

طرف بڑھا)

www.novelsclubb.com

پھپھو۔۔(احد نے اندر آکر کہا تو وہ مڑی اور ان کہ ہاتھ بچے کو دیکھ کر وہ کشمکش میں

مبتلا ہو گیا، کبھی وہ فاطمہ کو دیکھتا، تو کبھی زوبیا کو جو اسے دیکھ کر مسکرا رہی تھی۔ پھر

آہستہ آہستہ قدم بڑھتا ہوا ان کہ پاس گیا اور بچے کو دیکھا تو فاطمہ بولیں)

ہمارا دوسرا احد۔۔(احد نے خوشی سے انھیں دیکھا اور اپنے لب بچے کی پیشانی پر

www.novelsclubb.com

رکھ دیے مگر گود میں نہیں لیا کیونکہ وہ بھیگا ہوا تھا۔)

ماشاءاللہ بہت پیارا ہے۔۔(احد پیار سے بولا)

آستر دروازے پر ہی کھڑی یہ سب دیکھ رہی تھی۔احد دادی کی طرف مڑا اور ان

سے بولا)

آپ کا بہت شکریہ، میرے پاس الفاظ ہی نہیں ہیں کہ آپ کا شکریہ ادا

www.novelsclubb.com

کر سکوں،(احد ان کہ پاس آیا اور ان سے بولا)

آرے نہیں بیٹا اللہ نے مجھے اس کام کہ لیے چنا تھا بس اس میں شکریہ کی کیا

بات۔وہ تو آستر نے مجھے بلا لیا ورنہ مجھے تو پتا بھی نہیں چلنا تھا،اللہ اس بچے کو نیک

انسان بنائے۔۔(انھوں نے پیار سے احد کو کہا تو بولا)

آمین۔۔(اور پھر پیچھے مڑ کر آستر کو دیکھا جو ابھی تک دروازے پر کھڑی تھی۔احد

www.novelsclubb.com

نے اگلے ہی سیکنڈ اپنی نگاہیں نیچے کر لیں کیونکہ وہ اب آستر کہ سامنے نظریں

اٹھانے کہ قابل ہی نہیں رہا تھا۔)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بیٹا تم تو بہت بھیگ گئے ہو۔۔(دادی بولیں، کیونکہ احد جو کہ وائیٹ ٹی شرٹ اور

ٹراوزر پہنا ہوا تھا، بال بھیگے ہوئے تھے جن میں سے پانی کہ قطرے ٹپک رہے

تھے۔)

آستر۔۔(دادی نے آستر کو بلایا)

www.novelsclubb.com

بیٹا تولیا لا کر دو۔۔



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جی۔۔(دادی کہ کہنے پر آستر آگے آئی اور کمرے میں چلی گئی پھر تولیا لے کر آئی

اور احد کو دینے کہ بجائے دادی کو دی تو دادی نے تولیا احد کی طرف بڑھا دی۔ جیسے

اس نے تھام لیا اور اپنے بال سو کھانے لگا اور چہرا صاف کیا۔ پھر تولیا آستر کی طرف

بڑھا دی اور بولا)

www.novelsclubb.com

شکریہ۔۔۔(مگر دیکھا ابھی بھی نہیں اس نے آستر کی طرف، استر نے تولیا لیا اور

اندر کمرے میں چلی گئی۔ وہ واپس آئی تو احد، زوبیا کہ ساتھ بیٹھا تھا جب کہ فاطمہ



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اور دادی صوفے پر بیٹھی تھی۔بچہ بھی زوبیا کی گود میں تھا۔آستر آکر دادی کہ

ساتھ بیٹھ گئی جب دادی بولیں)

بیٹا تم نے تو بچے کو گود میں بھی نہیں لیا جاو لے لو اب تو چپ ہے۔(کیونکہ جب

آستر نے دیکھا تھا تو وہ بہت رو رہا تھا،)

www.novelsclubb.com

نہیں دادی مجھے ڈر لگتا ہے وہ اتنا چھوٹا سا ہے۔۔(آستر کہ جواب پر سب ہنس دیے

اور احد نے اسے نظر اٹھا کر دیکھا جو کہ دادی کو دیکھ رہی تھی، وہ ہنسا نہیں تھا، اسے

اس وقت آستر واقعی بہت معصوم لگی، پھر اس نے اپنی نظریں پھیر لیں)

اچھا کوئی بات نہیں،، ایک کام کرو بیٹا سب کہ لیے چائے بنالو سب دیکھو بھیگے

www.novelsclubb.com

ہوئے بھی ہیں۔ تھوڑی گرمی پہنچے گی۔۔(ایک یہ دادی بھی نئے نئے کام دے رہی

ہیں، اب چائے بناو، یااللہ مجھے برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔۔۔۔۔۔آستر دل

میں ہی سوچتی ہوئی کچن میں گئی۔)

احد بیٹا ایک کام کرو۔۔(فاطمہ احد سے بولیں)

جی پھپھو بولیں۔۔

www.novelsclubb.com

بیٹا اندر آستر کہ والد ہیں تم ایک دوفعہ ان سے مل کر شکریہ کہہ دو۔۔

اندر ان کہ والد ہیں۔۔(احد نے دروازے کی طرف دیکھتے ہوئے کہا)

ہاں بیٹا۔۔

اچھا میں مل لیتا ہوں (احد کہتا ہوا اٹھا)

آستر کو جب فاطمہ کی آواز پہنچی تو اسے فکر ہو گئی کہ کہیں احد اس کہ بابا کو کچھ بولا نا

www.novelsclubb.com

دے اس کہ بارے میں، آستر کی آنکھوں میں آنسو آ گئے وہ فورا باہر آئی جہاں

،فاطمہ اور دادی زوبیا سے باتیں کر رہیں تھیں شاید اسے کچھ سمجھا رہی تھیں اور احد

کمرے کی طرف جا رہا تھا جب آستر اس کہ پاس آئی اور بولی)

میرے بابا کو میرے بارے میں کچھ نہیں بولنا ان کی طبیعت ٹھیک نہیں

ہے۔۔(آستر نے التیجائی نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے بولی اور آنسو اس کی

www.novelsclubb.com

آنکھوں میں تیر رہے تھے۔ وہ یہ ہی سمجھتی تھی کہ احد یہ نا کہہ دے کہ آپ کی بیٹی

ایک فراڈ ہے۔۔

احد نے اسے دیکھا تو دل کٹ کہ رہ گیا۔۔۔وہ ایسا سوچتی ہے اس کہ بارے

میں۔۔ صیح تو سوچتی ہے وہ۔احد نے نظریں نچی کرلیں اور ہاں میں سر ہلا کر اندر چلا

گیا۔۔احد اندر چلا تو گیا مگر اس کا دل بہت پریشان تھا اسے اس شخص پر بھروسہ نہیں

تھا اس نے اگر بابا کو کچھ کہہ دیا تو۔۔۔وہ اپنے بابا سے بے حد محبت کرتی تھی وہ

www.novelsclubb.com

انھیں پریشان نہیں کرسکتی تھی)

اس نے جلدی سے چائے بنائی اور باہر لا کر سب کو دی اور بولی)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

میں بابا کو بھی چائے دے کر آتی ہوں۔۔(آستر نے دو کپ ٹرے میں لیے اندر گئی

اسے دیکھنا تھا کہ اندر کیا چل رہا ہے، وہ اندر گئی تو محمود صاحب مسکرا کر احد سے

بات کر رہے تھے۔)

بابا چائے۔۔(آستر کہہ اندر آئی اور چائے کی ٹرے بیڈ پر رکھ دی)

www.novelsclubb.com

بیٹا لو چائے۔۔(محمود صاحب نے احد سے کہا تو اس نے مسکرا کر چائے کا کپ اٹھایا

اور لبوں سے لگایا اور آستر کو دیکھا)

آستر کو محمود صاحب کو مسکراتا دیکھ کر سکون ہوا تو وہ باہر آگئی)

بارش تھی کہ روکنے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی۔۔ان کی گاڑی بھی خراب تھی

www.novelsclubb.com

اس لیے وہ واپس نہیں بھی جا سکتے تھے۔اس لیے آج رات انھیں یہیں رکنا تھا۔)

دادی آپ بے آرام ہو رہی ہو نگی میں ضمیر بھائی کو کال کر کہ بولاں۔۔آپ گھر

جا کر آرام کر لیں۔(چائے پینے کہ بعد آستر نے دادی سے کہا کیونکہ وہ ضعیف تھی

اس طرح انھیں بے آرام کرنا اچھا نہیں لگ رہا تھا اسے اس لیے بولی)

ہاں بیٹی بلالو۔۔(نھوں نے کہ تو آستر نے کال کی، تھوری دیر میں ضمیر بھی اگیا مگر

www.novelsclubb.com

اندر نہیں آیا۔۔آستر نے چھتری لی اور دادی کو پکڑ کر باہر نکلی اور بولی)

دادی آپ کا بہت شکریہ۔اگر آپ نہیں آتیں تو وہ لڑکی۔۔پتا کیا ہوتا۔۔(آستر

آگے نہیں بول سکی،دادی مسکرایں اور آستر کا گال تھپک کر بولی)

اللہ تمہیں خوش رکھے۔(وہ کہہ کر باہر نکل گئی،آستر دروازہ بند کر کہ اندر آگئی)

آنٹی آپ اوپر لیٹ جایئں آرام کرلیں۔(آستر نے فاطمہ سے کہا رات کہ تین تو بج

www.novelsclubb.com

رہے نیند تو نہیں آنی تھی)

آستر نے بولا اور صوفے پر تکیہ رکھ دیا۔ فاطمہ بھی لیٹ گئیں اور آستر آکر زوبیا کہ

پاس بیٹھ گئی اور اس کہ بیٹے کہ ساتھ کھلنے لگی پھر بولی)

آپ نے کیا نام سوچا ہے ؟(آستر نے پوچھا تو زوبیا مسکرا دی اور بولی)

سوچے تو بہت سارے ہیں تم بتاو تمہارے ذہین میں کوئی نام ہے ؟(زوبیا نے آستر

www.novelsclubb.com

سے پوچھا)

میرے ذہین میں تو نہیں (پھر رو کی اور بولی) عبد الھادی کیسا رہے گا؟ ہدایت دینے

والے کا بندہ۔۔۔؟

زو بیا اسے دیکھ کر مسکرائی مگر بولی کچھ نہیں تو آستر کو لگا شاید اسے اچھا نہیں لگا تو وہ

بولی)

www.novelsclubb.com

باقی آپ کو جو اچھا لگے۔۔(آستر نے کہا تو وہ فورا بولی)

ارے نہیں مجھے بہت اچھا لگا یہ نام، ہم آج سے ایسے عبدالھادی ہی بلائیں

گے۔۔۔(زوبیا نے مسکراتے ہوئے کہا تو آستر بھی مسکرا دی)

کیا آپ نے ان کہ بابا کو بتایا؟(آستر نے زوبیا سے پوچھا تو وہ بولی)

احد بھائی نے بتا دیا ہو گا۔۔(احد کہ نام پر اس کی مسکراہٹ غاہب ہو گئی)

www.novelsclubb.com

پھر زوبیا کا نا ختم ہونے والا باتوں سلسلہ شروع ہو گیا، فاطمہ کی انکھ لگ گئی

تھی۔ آستر بھی اس باتوں کو سن کر مسکراتی ہوئی اسے سن رہی تھی کہ اچانک

لائیٹ چلی گئی۔۔ تو اندھیرا ہو گیا کسی کو کچھ نظر ہی نہیں آرہا تھا آستر اپنا موبائل

ڈھونڈنے لگی کے احد کمرے سے باہر آیا اس کہ ہاتھ میں موبائل تھا جس کی ٹورچ

www.novelsclubb.com

لائیٹ جل رہی تھی۔

ٹورچ کی روشنی میں آستر کو بھی اپنا موبائل مل گیا اور وہ کمرے میں چلی گئی جہاں

محمود صاحب سو رہے تھے۔ آستر وہیں بیٹھ گئی کیونکہ احد باہر تھا زوبیا کہ پاس اور

آستر اس کی شکل بھی نہیں دیکھنا چاہتی تھی۔)

احد نے آستر کو وہاں سے جاتے دیکھا تو سمجھ گیا کہ وہ اس کی وجہ سے ہی گئی ہے۔ وہ

www.novelsclubb.com

لمبی سانس لے کر زوبیا کہ پاس بیٹھ گیا)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تم نے فیصل کو بتا دیا تھا نا۔؟(زوبیا کہ پوچھنے پر اس نے زوبیا کو دیکھا اور بولا)

نہیں۔۔

ہیں؟ مگر کیوں؟

www.novelsclubb.com

وہ وہاں پریشان ہو جاتا اور یہاں آ بھی نہیں سکتا تھا۔اس لیے نہیں بتایا،ابھی بات

کروا دیتا ہوں۔۔(احد نے کہتے ساتھ کال ملائی)

ہیلو فیصل یار بہت بہت مبارک ہو۔۔۔(وہ جو خواب غفلت میں سو رہا تھا،اسے

سمجھ ہی نہیں آئی کہ وہ کیا کہہ رہا ہے)

www.novelsclubb.com

کیا کہہ رہا احد۔۔(فیصل نا سمجھی سے بولا)

ارے میرے یار آپ باپ بن گئے ہیں۔۔یہ زوبیا سے بات کرو۔۔۔(فیصل تو

سنتے ہی جھٹ اٹھا، جب کہ احد زوبیا کو اپنا موبائل دے کر باہر نکل گیا)

---------------------------

احد باہر آیا تو دیکھا بارش اب بہت ہلکی ہو گئی تھی، احد نے باہر کا گیٹ کھولا تو باہر پانی

www.novelsclubb.com

بھرا ہوا تھا ابھی تک، احد گیٹ بند کر کہ پلٹا اور گھر دیکھنے لگا، جہاں گیٹ سے ہی اندر

آتے ایک چھوٹا سا صحن تھا اور ایک زینہ تھا جو چھت کو جاتا تھا، صحن میں ہی واشروم

تھا اور اس کہ باہر سنک لگا جس پر ایک شیشہ تھا، اور اندر کا تو وہ دیکھ ہی چکا تھا کہ ایک

کمرا تھا، چھوٹا سا دلان تھا اور ایک کچن۔

احد سیڑیاں چلتا ہوا چھت پر چلا گیا۔ جہاں ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی اور ہلکی ہلکی

www.novelsclubb.com

بوندیں اس کہ چہرے پر پڑ رہی تھیں۔ احد نے لمبی سانس لی اور آسمان کو دیکھنے لگا۔

تمہارے ظرف نے مجھے میری ہی نگاہوں میں گرا دیا ہے آستر (آج پہلی بار اس

نے اپنے منہ سے اس کا نام لیا تھا)۔۔۔۔میری برائی کا جواب تم نے جو نیکی سے

دیا ہے۔۔۔مجھے اپنے آپ سے نفرت ہو رہی ہے۔۔۔

**عکس و آئینہ میں اب ربط ہو کیا تیرے بعد**

www.novelsclubb.com

**ہم تو پھرتے ہیں خود اپنے سے خفا تیرے بعد (محسن نقوی)**

تمہاری نفرت مجھ سے جائیز ہے۔۔۔میں اسی قابل ہوں۔۔۔(وہ خود سے باتیں

کررہا تھا۔۔۔اسے رہ رہ کر اپنے کیے گئے ظلم یاد آرہے تھے اسے۔)

یااللہ مجھے معاف کردے مگر تو بھی مجھے جب تک معاف نہیں کرے گا جب تک

آستر مجھے معاف نہیں کرے گی۔۔۔معاویہ کہتی ہیں کہ اللہ اپنے حقوق تو معاف

www.novelsclubb.com

کردیتا ہے مگر بندوں کہ نہیں جب تک وہ خود معاف نہ

کردیں۔۔۔مگر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(اس کہ الفاظ وہیں دم توڑ گئے۔۔کیونکہ وہ



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جانتا تھا کہ یہ بہت مشکل کام ہے)۔۔اذان کی آواز پر آئی تو اسے احساس ہوا وہ کافی

دیر سے یہاں اپنی سوچوں میں گھم تھا۔۔۔سوچوں کہ سمندر سے باہر آیا۔۔اور

اذان کا جواب دینے لگا۔۔نماز پڑھ نہیں سکتا تھا کپڑے گندے ہونے کی وجہ

سے۔۔۔اذان کہ بعد کی دعا اور درود شریف پڑھ کر جب نیچے دیکھا تو لائیٹ بھی

www.novelsclubb.com

آچکی تھی تو وہ بھی نیچے اگیا۔)

---



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

لائیٹ آنے پر آستر باہر آئی تو زوبیا ابھی بھی موبائل پر بات کر رہی تھی اور فاطمہ

صوفے پر سو رہی تھی مگر احد وہاں نہیں تھا۔۔۔اذان کی آواز آئی تو وہ کمرے آئی

تو محمود صاحب بھی جاگ چکے تھے، آستر نے انھیں وضو کرایا اور ان کی ویل چیر پر

بیٹھ بیٹھا دیا وہ نماز پڑھنے لگے تو آستر نے بھی وضو کی اور نمار پڑھنے کھڑی

ہو گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

احد نیچے آیا اور زوبیا کو ابھی تک فون پر لگا دیکھا تو نفی میں سر ہلایا اور اس کہ پاس آیا

اور موبائل اس سے لیا اور بولا)

کچھ باتیں بعد کہ لیے بھی رکھ لو۔۔(وہ طنزیہ بولا تو وہ بولی)

آپ کو کیا مسلہ ہے۔۔۔دے دیں موبائل۔۔میرا گھر موبائل رہ گیا ہے اسکا فائدہ

www.novelsclubb.com

نہیں اٹھائیں آپ۔۔(وہ منہ بنا کر بولی)

ساری بیٹری ختم کر دی بدتمیز۔۔(اس کی بات کا جواب دیے بنا موبائل کو دیکھتے

ہوئے بولا اور کمرے کی طرف بڑھ گیا کہ انکل سے مل لے مگر جیسے ہی وہ اندر

گیا۔۔۔تو اندر محمود صاحب ویل چیر پر آگے نماز پڑھ رہے تھے اور ان کہ پیچھے

آستر۔۔ مگر دونوں کی پیٹھ احد کی طرف تھی۔۔احد آرام سے دروازہ بند کر کہ باہر

آگیا۔۔۔

کیا ہوا؟(اسے باہر اتے دیکھ زوبیا بولی)

www.novelsclubb.com

وہ لوگ نماز پڑھ رہے ہیں۔۔۔(احد نے اسے وجہ بتائی)

اچھا۔۔۔بھائی۔۔

ہممم

یہ لوگ کتنے اچھے ہیں نا۔۔۔ مطلب دنیا میں اسے لوگ بھی ہیں جو بنا جان پہچان

www.novelsclubb.com

کہ ہماری مدد کر رہے ہیں۔(زوبیا نے احد سے کہا)

ہاں دنیا میں ابھی اچھے لوگ موجود ہیں۔۔۔اچھائی ابھی ختم نہیں ہوئی دنیا

سے۔۔(احد نے کہتے ہوئے عبدالھادی کو اٹھایا اور بولا)

تم نے نام کیا سوچا اس کا۔۔؟

عبدالھادی۔۔۔ہدایت دینے والے کا بندہ۔۔(زوبی نے مسکرا کر بتایا تو احد نے

www.novelsclubb.com

اسے ستائشی نظروں سے دیکھا اور بولا)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

واہ بھئی نام بہت اچھا سوچا ہے۔

میں نے نہیں آستر نے بتایا تو مجھے پسند آیا تو میں یہ ہی رکھ دیا۔۔(زوبیا نے اسے سچ

بتایا)

میں بھی کہو کہ تم اتنا اچھا کیسے سوچ سکتی ہو۔۔(وہ اپنی مسکراہٹ دبتا ہوا بولا)

www.novelsclubb.com

اب ایسی بھی کوئی بات نہیں ہے،(وہ منہ بنا کر بولی)

تمہاری سوچ کی حد کہاتک ہے مجھے پتاہے۔۔

اچھا کہاتک ہے؟(وہ لڑنے والے اانداز میں بولی)

اچھابعد میں لڑلے نہ ابھی آرام کرو۔۔(احداس کہ انداز پر بولا)

----------------------------------

www.novelsclubb.com

آستر نماز پڑھ کر اٹھی تو محمود صاحب بولے۔۔۔)بیٹا ناشتے کا انتیظام کر و سب کہ

لیے۔۔

جی بابا۔۔(آستر کہہ کر باہر نکلی تو احد اور زوبیا کو بے حیث کرتے دیکھا پھر احد کہ

کہنے پر وہ خاموش ہو گئی۔۔ پھر زوبیا کی نظر آستر پر پڑی تو بولی)

www.novelsclubb.com

آستر پلیز یہاں آ ونہ۔۔دیکھو بھائی مجھ سے لڑ رہے ہیں۔(زوبیا نے جب اس کا نام

لیا تو احد نے اس کی طرف دیکھا نہیں مگر اس کا روم روم اس کہ جواب کا منتظر

تھا اس کی بات پر وہ مسکرائی اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتی کہ دروازے پر دستک

ہوئی۔۔۔اور آستر بنا کچھ کہے اگے بڑھی تو احد فورا اٹھا اور بولا۔۔)

www.novelsclubb.com


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

میں دیکھتا ہوں۔۔۔۔(اس کہ کہنے پر استر نے اس کی طرف دیکھا مگر احد جب تک

جا چکا تھا۔۔آستر نے اس کی پیٹھ کو گھورا۔۔۔ بڑا آیا۔۔میرے گھر میں آکر مجھے ہی

روک رہا ہے۔۔آستر نے دل میں سوچا)

احد نے گیٹ کھولا تو سامنے ایک لڑکی اور لڑکا کھڑے تھے۔۔۔وہ دونوں ہی احد کو

www.novelsclubb.com

دیکھ کر حیران تھے۔اور احد نا سمجھی سے انھیں دیکھ رہا تھا۔۔)

جی کیا کام ہے کون ہیں آپ لوگ ؟(احد کہ پوچھنے پر ان دونوں نے ایک دوسرے

کو دیکھا پھر لڑکی بولی)

یہ سوال تو ہمیں کرنا چاہیے کہ آپ کون ہیں اور اس گھر میں کیا کر رہے ہیں۔۔اور

آپی کہاہیں ؟(السا کہ ایک ساتھ اتنے سوالات پھر احد نے حیرت سے اسے دیکھا)

www.novelsclubb.com

میں۔۔۔(وہ آگے کچھ بولتا اس سے پہلے السا اسے سامنے سے ہٹاتی اندر چلی

گئی۔۔اور احد گردن موڑ کر اسے دیکھنے لگا)

میری بہن ہے۔۔(احد کہ دیکھنے پر ضمیر بولا تو احد نے اسے دیکھا اور دل میں بولا

۔۔۔۔تو میں نے کب چھیڑا ہے اسے۔۔)

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

آپ شاید وہی ہیں جس کہ بارے میں دادی نے بتایا تھا۔۔۔میرا نام ضمیر ہے اور

میں اسی گھر میں رہتا ہوں۔۔(ضمیر نے مسکراتے ہوئے کہا اور اپنا ہاتھ آگے

کیا۔۔)

میرا نام احد ہے۔۔(اس نے بھی مسکرا کر اس سے مصافہ کیا ا پھر احد بولا)

www.novelsclubb.com

کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ یہاں مکینک کہاں ملے گا میری گاڑی خراب ہو گئی

ہے۔۔

ابھی تو ہلکی ہلکی روشنی ہوئی ہے، ابھی تو کوئی دکان بھی نہیں کھلی ہو گی۔۔ تھوڑی

روشنی ہو جائے پھر آپ کو لے جاوں گا۔۔ (ضمیر نے کہا)

www.novelsclubb.com

بہت شکریہ۔۔ (احد نے مسکراتے ہوئے کہا پھر وہ چلا گیا اور احد اندر آ گیا)

------------------------------------------------

السا اندر بولتی ہوئی آئی۔۔آپی آپی۔۔۔

کیا ہوا؟سب خیریت۔۔(آستر نے پوچھا)

www.novelsclubb.com

ہاں ہاں سب ٹھیک ہے۔۔اپنے مہمانوں سے تو ملوا ہیں۔۔(السا کہ کہنے پر آستر نے

مسکرا کر زوبیا کی طرف دیکھا تو وہ بھی مسکرا رہی تھی۔پھر زوبیا کا،فاطمہ کا جو اس کی

آواز پر اٹھ چکی تھیں اور عبدالھادی کا تعارف کرایا۔السا تو عبدالھادی کو گود میں

لے کر پیار کرنے لگی اسے چھوٹے بچے بہت پسند تھے۔۔)

www.novelsclubb.com

السا تم یہاں بیٹھو زوبیا کہ پاس میں ناشتہ بنالوں۔۔(آستر کہہ کر کچن میں چلی گئ تو

فاطمہ بھی اس کہ پاس چلی آہیں اور بولیں)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بیٹا مجھے بتاؤ کیا کرنا میں بنا دیتی ہوں۔۔(فاطمہ نے بڑے پیار سے کہا تو آستر بولی)

نہیں نہیں آنٹی میں کر لوں گی آپ آرام کریں تھک گئی ہو نگی۔۔(آستر نے انھیں

پیار کہا اور باہر بھیجا اور پھر آٹا کھوندھنے لگی۔۔)

www.novelsclubb.com

احد جب اندر آیا تو السا اور زوبیا باتوں میں لگی تھیں اور عبدالھادی السا کی گود میں

تھا۔۔ایک کم تھی کہ دوسری بھی مل گئی۔۔(احد نے السا کو دیکھتے ہوئے کہا اور

محمود صاحب کہ پاس چلا گیا۔۔)

انکل میں اندر آجاوں۔۔(احد نے ان سے اجازت طلب کی)

www.novelsclubb.com

ہاں ہاں بیٹا۔۔(انھوں نے اسے اندر آنے کو کہا)

انکل ہم نے اکر آپ لوگوں کو تکلیف میں ڈال دیا۔۔(وہ شرمندہ سا ہو کر بولا)

نہیں بیٹا، مہمان تو اللہ کی رحمت ہوتے ہیں۔۔(وہ مسکراتے ہوئے بولے اور پھر وہ

دونوں باتوں میں لگ گئے جس میں محمود صاحب بول رہے تھے اور احد سن رہا تھا)

---------------------------------------

www.novelsclubb.com

یہ کون ہیں؟(السا نے زوبیا سے پوچھا احد کہ بارے میں)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

میرے بھائی ہیں۔۔(زوبیا نے مسکرا کر بولا)

میں آپی کی مدد کروادوں زرا۔۔(السا بول کر کچن میں چلی گئی)

آپی میں کچھ مدد کروں؟(السا نے آستر سے کہا)

آگئی آپ کو میری یاد۔۔(آستر نے مسکرا کر بولا)

www.novelsclubb.com

آپ کی یاد تو مجھے ہر وقت آتی ہے۔۔۔(وہ فل ڈرامائی انداز میں بولی تو آستر ہنس

دی)

ڈرامے باز۔۔(آستر نے بول کر اس کے سر پر چپٹ لگائی)

آپی آپ نے انھیں دیکھا؟

کیسے؟

www.novelsclubb.com

وہ زوبیا کہ بھائی کو۔۔۔(احد کہ ذکر پر اس کا حلق تک کڑوا ہو گیا) ان کی آنکھیں

کتنی پیاری ہیں۔ کیا پرسنلیٹی ہے اور آواز تو اففففف۔ میں تو دیکھتی ہی رہ

گئی۔۔(السا اپنی ہی بولتی جا رہی تھی)

یہ دستر خوان لگا جا کر باہر۔۔۔(آستر کو اسے چپ کروانے کا یہ ہی حل سوجا)

www.novelsclubb.com

جی اچھا۔۔(وہ دستر خوان باہر لے آئی تو آستر نے نفی میں سر ہلایا۔۔۔ظاہری

خوبصورتی کافی نہیں ہوتی السا،انسان کا کردار بہت معنی رکھتا ہے۔۔۔(آستر نے

دل میں سوچا)

پھر ان دونوں نے مل کر ناشتہ لگایا۔۔۔اور محمود صاحب کہ لیےاور احد کہ لیے

www.novelsclubb.com

ایک ٹرے میں پراٹھے،چائے اور آملیٹ رکھ کر السا کو دیا۔)

السا یہ اندر بابا کو دے آو۔۔۔(جی آپی السا نے ٹرے لی اور کمرے میں چلی گئی)

السا ٹرے لے کر اندر آئی اور بیڈ پر رکھ دی۔۔تو محمود صاحب بولے)

یہ السا ہے۔۔(محمود صاحب نے السا کا احد سے تعارف کرایا تو السا نے مسکرا کر

سلام کیا اور اس نے صرف سر ہلا کر سلام کا جواب دیا پھر وہ باہر آ کر سب کہ ساتھ

www.novelsclubb.com

مل کر ناشتہ کرنے لگی اور محمود صاحب اور احد کمرے میں۔۔)

ناشتے سے فارغ ہو کر احد باہر نکل گیا اور تین چار گھنٹے کہ بعد آیا۔۔ تو زوبیا اور فاطمہ

کو چلنے کا کہا۔۔۔ آستر فاطمہ اور زوبیا سے ملی السا بھی وہی موجود تھی۔ احد محمود

صاحب سے ملا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔۔

احد باہر آیا تو آستر عبدالھادی کو پیار کر رہی تھی جو کہ زوبیا کی گود میں تھا۔۔۔ احد

www.novelsclubb.com

ان کہ قریب آیا اور آستر سے بولا)

میں آپ کا شکریہ کن الفاظوں میں ادا کروں میرے پاس تو وہ لفظ ہی نہیں

ہیں۔۔۔(احد کا وہی سنجیدہ لہجا اور اس کی گھمبیر سی آواز میں بولا)

اس کی ضرورت نہیں۔۔(آستر بنا اسے دیکھے بولی تو احد کو دکھ ہوا کہ وہ اسے دیکھنا

بھی گورا نہیں کرتی۔۔)

www.novelsclubb.com

بہت شکریہ۔۔(وہ بس اتنا ہی بولا اور باہر چلا گیا اور آستر نے اسے جاتا دیکھا تو سوچا)

اللہ کسی کو دے کہ آزماتا ہے تو کسی سے لے آزماتا ہے، میرے رب نے بھی مجھے

آزمایا کہ تمہیں سامنے لا کر، کوئی اور وقت ہوتا تو میرا ارادے عمل بھی دوسرا

ہوتا۔۔۔ مگر میں کیسے کسی معصوم کو تمہارے کیے کی سزا دے سکتی

تھی۔۔۔۔ میری رب سے دعا ہے کہ آج مل گئے ہو دوبارہ زندگی میں مت

www.novelsclubb.com

ملنا۔۔۔

آستر۔۔(زوبیا کی آواز پر وہ حال میں لوٹی جو سامنے اپنی بانہیں پھیلائے ہوئے اس

کہ گلے لگنے کو تیار تھی آستر بھی مسکرا کر اس کہ گلے لگ گئی۔)

آج یہاں سے ہم اپنی دوستی کی شروعات کرتے ہیں۔۔(زوبیا اس سے الگ ہو کر

آستر اور السا کی طرف دیکھ کر بولی)

www.novelsclubb.com

بلکل کیوں نہیں۔۔(السا جھٹ بولی جب کہ آستر نے مسکرا کر سر ہلایا۔۔ پھر وہ

تینوں باہر تک آ ہیں تو احد اور فاطمہ زوبیا کا ہی انتیظار کر رہے تھے، احد نے زوبیا کہ

لیے گاڑی کا دروازی کھولا تو وہ عبدالھادی کو لے کر بیٹھ گئی اور احد گاڑی میں بیٹھا

اور دروازے پر دیکھا تو وہ وہاں نہیں تھی بس السا کھڑی تھی۔۔احد نے گاڑی آگے

بڑھادی)

www.novelsclubb.com

آستر اور السا نے مل کر پورے گھر کی صفائی کی۔۔۔آستر جب گھر میں ہوتی تھی تو

السا کا سارا دن یہیں ہوتی تھی۔

آپی آپ تھک گئی ہونگی آرام کرلو۔۔رات بھر جاگی ہو۔۔(وہ کام سے فارغ ہو کر

بیٹھیں تو السا بولی)

www.novelsclubb.com

ہاں تھک تو گئی ہوں۔۔ نماز کا ٹائم ہونے والا ہے اور کھانا بھی بنانا ہے۔۔(آستر نے

کہا)

کھانے آپ فکر نہیں کرو۔۔ کیونکہ آج میں بریانی بنانے والی ہوں۔۔ بھائی کو

سامان کی لسٹ دے دی ہے۔۔(السا نے خوشی سے کہا۔۔وہ جب بھی کچھ بناتی تھی

آستر کہ لیے ضرور لاتی تھی اور آستر بھی کچھ نا کچھ بنا کر اسے دیتی تھی۔۔)

www.novelsclubb.com

اووو بریانی ہمم مزا آئے گا۔۔۔(آستر نے مسکراتے ہوئے کہا)

چلیں میں چلتی ہوں بھائی سامان لے آئے ہوں گے۔۔(السا کہہ کر اٹھی اور چلی

گئی اور آستر محمود صاحب کہ پاس آئی اور انھیں کمرے باہر لے آئی۔۔)

ابھی گھر میں کیسی حل چل ہو رہی تھی۔۔۔۔اور اب وہی سناٹا۔۔۔(محمود

www.novelsclubb.com

صاحب اپنے گھر کو دیکھتے ہوئے بولے)

بابا وہ سب صرف کچھ وقت کہ لیے تھا۔۔ ہمیں تو ایسے ہی رہنا ہے نا۔۔(آستر ان

کہ گھٹنوں میں اپنے ہاتھ رکھ کر نیچے بیٹھ گئی اور انھیں سمجھانے لگی جو تھوڑے

اداس لگ رہے تھے۔۔)

احد بہت اچھا بچہ ہے۔۔۔ کہتا ہے آج سے آپ میرے دوست ہیں۔۔۔(وہ کہہ

www.novelsclubb.com

کر مسکرائے جب کہ آستر کہ چہرے اثرات بدل گئے وہ کچھ نہیں بولی)

آستر مجھے بہت خوشی ہے کہ تم نے ان لوگوں کی مدد کی۔۔ تمہیں پتا ہے کسی

تکلیف کو محسوس کرنا بھی ایک بڑی نعمت ہے۔ یہ محسوس کرنے کی صلاحیت بھی

اللہ کی رحمت ہے۔ یہ جو جسم پر کوئی تکلیف محسوس ہوتی ہے نا ہمیں وہ بھی اللہ کی

رحمت ہے، دل کی نرمی بھی اللہ کی رحمت ہے، ہماری وقتی پریشانیاں اور تکلیفیں

www.novelsclubb.com

بھی رحمت ہیں، بس ہمیشہ اللہ سے اسکا فضل مانگتے رہنا چاہیے۔۔۔ ہم نہیں جانتے

کس چیز میں ہماری بہتری ہے۔(وہ اسے سمجھا رہے تھے اور آستر ان کی باتوں کو

بڑے غور سے سن رہی تھی)

---

احد نے زوبیا کو اس اپنے گھر چھوڑا جہاں فیصل وراس کی فیملی اس کا انتیظار کر رہے

www.novelsclubb.com

تھے۔اس کہ بعد فاطمہ کو اس کہ گھر چھوڑا اور خود اپنے گھر چلا گیا۔۔

گھر آکر وہ فریش ہوا اور قضا نماز پڑھی اور اپنے بیڈ پر گر گیا۔۔۔آستر کہ ساتھ کیا گیا

ہر سلوک اسے یاد آرہا تھا اور جو اس نے کیا احد کہ ساتھ وہ بھی۔۔۔اسکا چہرا اس کی

آنکھوں سے اجھل ہی نہیں ہو رہا تھا۔ پھر اس کہ موبائل پر رنگ ہوئی تو اس نے

موبائل دیکھا تو اسکرین پر موم لکھا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

اسلام وعلیکم۔۔ماما۔۔۔کیسی ہیں؟(احد کا اس وقت شدد سے معاویہ کو یاد کر رہا تھا)

میں ٹھیک ہوں۔۔۔۔ تم ٹھیک ہو احد؟ مجھے ایسا کیوں لگ رہا ہے کہ تم پریشان

ہو۔۔۔(معاویہ کی آواز سے ہی اس کی فکر مندی ظاہر ہو رہی تھی، معاویہ کی بات

پر احد مسکرایہ اور بولا)

آپ ماں ہیں نا اس لیے آپ کو ایسا لگ رہا ہے۔۔(اور ماں کا دل کبھی جھوٹ نہیں

www.novelsclubb.com

بولا۔۔۔ یہ اس بات اس نے دل میں سوچی) میں ٹھیک ہوں ماما۔۔۔ آپ بس

میرے لیے دعا کریں۔۔(احد آنکھیں بند کر کہ بولا جیسے بہت قرب میں ہو)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

میری تو ہر دعا میرے بیٹے کہ لیے ہے میری جان۔۔۔ لیکن تم مجھے پریشان لگ

رہے ہو۔۔۔۔(معاویہ کی سوئی وہیں اٹکی تھی)

ماما آپ بس دعا کریں کہ اللہ مجھے معاف کر دے۔۔۔مجھے سکون دے

دے۔۔(احد واقع قرب میں تھا اس وقت) میں بلکل ٹھیک ہوں یار آپ اپنا اور بابا

کا خیال رکھیں۔۔(احد کو اندازہ ہوا کہ اس نے معاویہ کو پریشان کر دیا ہے) اچھا

ایک گڈ نیوز دینی ہے آپ کو۔۔(احد نے اس کا موڈ ٹھیک لرنا چاہا)

www.novelsclubb.com

کیسی نیوز؟

میں ماموبن گیا ہوں۔۔۔

کیا؟رہیلی۔۔اور تم مجھے اب بتا رہے ہو۔۔اچھا لڑکا ہے یا لڑکی؟(معاویہ نے خوشی

سے پوچھا)

www.novelsclubb.com

لڑکا ہے۔۔۔آپ زوبیا سے بات کرلیں۔۔


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہاں میں کرتی ہوں اس بات۔۔۔(معاویہ سے موبائل ناعیل نے لیا)

احد۔۔۔

بابا کیسے ہیں ؟(احد نے موڈ ٹھیک رکھتے ہوئے کہا)

www.novelsclubb.com

اب مجھے سچ سچ بتاو ہوا کیا ہے؟ کیوں پریشان ہو؟ مجھ سے جھوٹ بلکل نہیں بولنا

۔۔۔(نائیل کہ سنجیدگی سے کہنے پر احد کو اندازہ ہو گیا کہ نائیل کو ٹالنا مشکل ہے

اب)

بابا آپ واپس آجاہیں پھر آرام سے بات کریں گے۔۔میں سب بتادوں گا آپ

www.novelsclubb.com

کو۔۔ابھی فون پر نہیں بتا سکتا۔۔(احد نے منت بھرے لہجے میں کہا)

ٹھیک ہے آکر بات کرتا ہوں اپنا خیال رکھنا۔۔۔۔اللہ حافظ۔(ناعیل نے کہہ کر

کال کاٹ دی)

مجھے احد پریشان لگ رہا ہے ناعیل۔۔۔۔(معاویہ نے فکرمندی سے کہا)

ٹھیک ہے وہ پریشان نہ ہو۔۔۔(ناعیل اس کہ گرد بازو پھلاتے ہوئے کہا، وہ لوگ

اس وقت ہوٹل کہ روم میں تھے)

www.novelsclubb.com

---------------------------------------------

کال کٹ ہونے کہ بعد احد ٹھیک ہو کر بیڈ پر لیٹا اور سو گیا رات بھر کا جاگا ہوا اور

ذہنی تھکان بھی تھی۔۔ مگر آنکھیں بند کرتے ہی اس کا چہرا سامنے آیا، احد نے

جھٹ آنکھیں کھول دیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

یار۔۔۔مجھے معافی مانگنی ہی پڑے گی ورنہ میں پاگل ہو جاوگا۔۔(اب اسے

چڑ ہو رہی تھی کہ تھکان کہ بعد بھی اسے نیند نہیں آ رہی تھی۔اسے لیٹے لیٹے ظہر

کی آواز اس کہ کانوں میں پڑی تو وہ اٹھا اور وضو کی اور نماز پڑھنے کھڑا ہو گیا۔۔

نماز پڑھ کر وہ لیٹا اور آنکھیں بند کر لیں اور نیند بھی اس پر مہربان ہو گئی اور وہ سو گیا)

www.novelsclubb.com

---------------------------------------

دراوزے کی دستک پر محمود صاحب نے ویل چیر چلاتے ہوئے ہاتھوں کی مدد سے

گیٹ کھولا۔۔۔تو سامنے السا تھی۔۔

اسلام وعلیکم انکل۔۔آپی کہاں ہیں جو آپ نے گیٹ کھولا۔۔(وہ کہتی ہوئی اندر آئی

اور ہاتھ گیٹ بند کیا اور ان کی ویل چیر چلاتے ہوئے اندر آئی)

www.novelsclubb.com

وہ سو رہی ہے۔۔ تھک گئی ہے۔۔

ہاں تھک گئیں ہو نگی۔۔میں بریانی آئی تھی آپ لوگوں کہ لیے۔۔ چلیں آپ کو

نکال دیتی ہوں۔(السا کہتے ہوئے کچن میں گئی اور محمود صاحب کہ لیے ایک پلیٹ

میں بریانی نکال کر لائی اور انھیں کہ پاس بیٹھ گئی)

ارے بیٹا آستر نے مجھے یخنی بنا دی تھی۔۔میں نے دوا کھانی تھی نا اس لیے۔

www.novelsclubb.com

کوئی بات نہیں۔۔میں بھی تو آپ کی بیٹی ہوں میرا ہاتھ کا نہیں کھاہیں گے۔۔(وہ

اداس منہ بنا کر بولی)

ارے ناراض نہیں ہوتے ہم اپنی بیٹی کہ ہاتھ کا ضرور کھایئں گے۔۔(محمود صاحب

نے مسکراتے ہوئے کہا اور بریانی کھانے لگے)

www.novelsclubb.com

---------------------------------------

**دو ہفتے بعد۔۔**

سب کچھ اپنے معمول پر تھا۔۔وہ صبح اسکول جاتی اور دوپہر میں آجاتی اور وہی کام میں لگ جاتی۔۔آج اتوار تھا تو آستر کی چھٹی تھی۔۔شام کہ وقت وہ اور السا چھت پر بیٹھے چائے پی رہے تھے۔۔موسم بہت اچھا۔۔ہوا چل رہی تھی۔۔وہ ہر اتوار کو ایسے ہی یہاں بیٹھ کر باتیں کرتیں تھیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

آپی ایک بات تو بتاہیں۔۔(السا نے اس سے پوچھا)

ہمم کیا؟(آستر نے چائے کا کپ ہونٹوں سے لگاتے ہوئے کہا)

آپ کہ نام کا مطلب کیا ہے۔۔ مطلب کافی مختلف سا ہے نا اس لیے پوچھ رہی ہوں۔۔۔

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس کہ سوال پر آستہ مسکرائی پھر بولی) جنگجو ملکہ اور اس کا ایک اور مطلب ہے چمکتا

ستارا۔۔

کہتے ہیں نام کا پر سنلٹی پر اثر ہوتا ہے۔۔ آج کہ زمانے میں جنگیں کہا ہوتی ہیں جو

آپ جنگجو کی ملکہ بنیں گی؟ (السا کہ سوال پر وہ مسکرائی اور بولی)

www.novelsclubb.com

السا جنگیں صرف ھتیاروں کی نہیں ہوتی۔۔اپنی نفس کہ خلاف جنگ

کرنا۔۔۔اپنے اچھے اور برے حالات سے لڑنا ھیاروں سے لڑنے سے زیادہ مشکل

ہے،لوگوں کہ رویوں سے لڑنا۔۔۔یہ بھی جنگ سے کم نہیں ہوتی اور ان سب

سے ہی لڑ کر ایک جنگجو چمکتا ہوا ستارا بنتا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

(آستر کہ چپ ہونے پر السا نے تالی بجایئں۔۔ تو وہ مسکرانے لگی)

اچھا یہ احد بھائی روز کیوں آ رہے ہیں؟ (السا کہ سوال پر اس کی نا سمجھی سے اسے

دیکھا اور بولی)

کون احدَ؟؟

ارے وہی جو اس رات آپ کہ گھر رکے تھے۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ کب آیا؟؟؟ (آستر کو سمجھ ہی نہیں آیا کہ وہ کیا کہہ رہی ہے۔اور احد کیوں اۓ گا

یہاں)

اس دن کہ بات سے روز آرہے ہیں۔۔ صبح آتے ہیں اپنی بڑی والی گاڑی میں اور

آپ کہ آنے پہلے چلے جاتے ہیں۔۔۔(السا نے تو اس کہ سر پر بم ہی پھوڑ دیا) انکل

www.novelsclubb.com

نے نہیں بتایا آپ کو۔۔۔میں پچھلے ہفتے آپ سے پوچھنا ہی بھول گئی۔۔۔اور ہماری

ملاقات بھی اج ہوئی ہے۔۔


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بابا نے تو مجھے کچھ نہیں بتایا۔۔(آستر کا غصے سے چہرا لال ہو گیا۔۔اس کی ہمت کیسے

ہوئی میرے گھر آنے کی۔۔آستر کو یہ سوچ ہی کھولا گئی)

انکل نے نہیں بتایا تو چھوڑیں کوئی بات ہو گی اس لیے نہیں بتایا ہو گا انھوں

نے۔۔اب غصہ تو مت ہوں۔(السا اسے غصے میں دیکھ کر جلدی سے بولی)

www.novelsclubb.com

بعد میں ملتے ہیں۔۔(آستر جلدی سے بول کر نیچے اتر گئی اور السا اسے آوازیں دیتی

رہی)

---

---

www.novelsclubb.com

سب خیریت ہے نا؟(آریش نے احد سے پوچھا جو کہ لیپ ٹوپ پر بزی تھا۔)

ہاں سب ٹھیک ہے کیوں کیا ہوا۔۔۔؟

تو تو آج کل روزانہ دس، گیارہ جبے کہا چلا جاتا ہے؟ (آریش نے تفتیشی لہجے میں

پوچھا)

کام سے جاتا ہوں۔۔ (احد نے اسے ٹالنا چاہا)

www.novelsclubb.com

کیا کام؟

بس ہے ایک کام۔۔۔

احد تو کچھ چھپا رہا ہے۔۔؟

ہاں۔۔ مگر ابھی نہیں بتا سکتا۔۔(احد نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا) میٹنگ

کتنے بجے ہے۔۔(وہ بات کو بدلتے ہوئے بولا)

www.novelsclubb.com

پانچ بجے۔۔(آریش کہہ کر افس سے چلا گیا اور احد خالی دروازے کو دیکھتا رہا)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

---

بابا آپ نے مجھے بتایا کیوں نہیں کہ وہ احد ہمارے گھر روز آتا ہے۔۔۔(آستر نے

نیچے آکر محمود صاحب سے پوچھا) بابا بتاہیں نا میں کچھ پوچھ رہی ہوں۔۔(اسے غصہ

تو بہت تھا مگر آواز ہلکی اور نرم لہجے میں وہ پوچھ رہی تھی ان سے)

www.novelsclubb.com

احد نے منا کیا تھا۔۔(وہ آرام سے بولے)

ہیں۔۔۔وہ کون ہوتا ہے منا کرنے والا اور آپ مان بھی گئے (وہ بے یقینی سے بولی

،اسے یقین نہیں آرہا تھا ک اس کہ بابا اس سے باتیں چھپا ہیں گے)

اسی وجہ سے کہ تم ہاپیر ہو جاو گی۔۔اس لیے اس نے منا کیا تھا۔۔۔وہ صرف مجھ

سے ملنے آتا ہے اور کچھ دیر میں چلا بھی جاتا ہے۔تم کیوں غصہ ہو رہی ہو اتنا۔۔۔

www.novelsclubb.com

میں کیوں غصہ ہو رہی ہوں۔۔۔ایک انجان شخص ہمارے گھر میں روز آتا ہے کس

مقصد سے۔۔اتنا فارغ وقت نہیں ہوتا اس کہ پاس۔۔۔۔۔وہ ایک بہت بڑا بزنس

مین ہے بابا۔۔آپ خود سوچیں وہ کیوں آئے گا بنا کسی مقصد کہ یہاں۔۔۔

وہ مجھے سب بتا چکا ہے کہ وہ کیا ہے۔۔۔اور وہ ایسا لڑکا بلکل بھی نہیں ہے آستر۔

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جو بھی ہو اب وہ نہیں آئے گا یہاں (آستر نے دل تہہ کیا اور کمرے سے باہر آگئی

۔۔اب اسے کل کا انتیظار تھا)

-----------------------------------------------------------------

-----

www.novelsclubb.com

احد مٹنگ اٹین کر کہ نکلا اور ٹائم دیکھا تو بارہ بج رہے تھے۔۔

اوو شیٹ۔۔۔(وہ کہہ کر اپنے آفس سے نکلا، گاڑی میں بیٹھا اور گاڑی آستر کہ گھر

کی طرف موڑ دی، کچھ دیر میں وہ اس کہ گھر کہ سامنے کھڑا تھا۔احد نے دروازہ

بجایا۔۔اور انیتیظار کرنے لگا۔

جیسے ہی دروازہ کھولا تو احد حیران و پریشان رہ گیا سامنے آستر کو دیکھ کر۔۔۔۔)تو

www.novelsclubb.com

اسے پتا چل گیا۔۔ خیر ایک نا ایک دن تو یہ ہونا ہی تھا۔۔۔(احد نے دل میں سوچا)

دیکھ تو مجھے ایسے رہی ہے جیسے کچا چبا جائے گی۔۔(احد نے اس کہ دیکھنے پر دل میں

سوچا پھر نظریں جھکا کر اندر آیا کہیں وہ دروازے پر ہی عزت افزائی نا کر دے)

اس کہ اندر آنے پر آستر نے زور سے دروازہ بند کیا، دروزہ لوہے کا تھا تو آواز بھی

زور سے آئی۔۔۔احد نے مڑ کر اسے دیکھا تو بولی)

www.novelsclubb.com

کیا میں پوچھ سکتی ہوں یہاں کی وجہ ؟(اس نے ایک ایک لفظ چبا کر بولا، وہ اس

وقت جتنی غصے میں تھی احد اتنا ہی پر سکون تھا)

نہیں۔۔۔(احد نے ہنسی ضبط کرتے ہوئے کہا۔۔۔تو آستر کو تو آگ ہی لگ گئی)

تم سمجھتے کیا ہو خود کو ہاں۔۔۔کیوں تم روزانہ میری غیر موجودگی میں بابا سے ملنے

www.novelsclubb.com

آتے ہو۔۔

آپ کہو تو آپ کی موجودگی میں آجاؤں گا۔۔۔(احد کو اسے غصے میں دیکھ کر پتا نہیں

کیوں مزا آرہا تھا اور آستر سوچ رہی تھی کہ وہ اس سے کچھ پوچھ رہی ہے اور اسے

مزاق سوج رہا ہے۔۔آستر کا دل چارہا تھا احد کا گلہ دبا دے)

تم یہاں دوبارہ قدم رکھ کر تو دیکھوں ٹانگیں توڑ دوں گی میں تمہاری۔۔۔(اب

www.novelsclubb.com

آستر کا ضبط جواب دے گیا، وہ غراتے ہوئے بولی)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اگر یہیں بات کیسی لڑکے نے کہی ہوتی تو ابھی اپنی ٹانگوں پر نا کھڑا ہوتا

وہ۔۔۔۔(آستر کا لہجہ اسے غصہ دلا گیا)

جہاں تک میں جانتی ہوں تم بنا مقصد کہ کوئی کام نہیں کرتے تو اب یہاں آنے

مقصد بھی بتا دو۔۔۔(آستر کی آواز ہلکی مگر لہجہ وہ ہی غصے بھرا تھا)

www.novelsclubb.com

واہ کیا بات ہے بہت اچھے سے جانتی ہیں آپ تو مجھے۔۔(احد مسکراتے ہوئے

بولا۔۔ایک دم ہی اس کا غصہ ہلکا ہو گیا تھا یہ وہ خود بھی جانتا تھا۔۔)

میں تمہارا منہ لو نچ لوں گی اگر دوبارہ بکواس کی تو۔۔۔(آستر غصے سے چیخی تو وہ

تھوڑا دور ہوا)اب کون سا تماشا لگانا چاہتے ہو تم۔۔اب کیا اس محلے سے بھی نکلواو

گے ہمیں۔۔۔میں نے کیا بگڑا ہے تمہارا جو تم یہ سب کر رہے ہو۔۔۔(آستر کی

آواز بھرا گئی مگر آنسو نہیں نکلنے دیے اس نے اپنی آنکھوں سے)

آپ نے صحیح کہا میرا یہاں آنے کا مقصد تھا۔۔(احداب سنجید گی سے بولا) میں آپ

سے معافی مانگنا چاہتا ہوں۔۔جو کچھ میں نے کیا اس کہ لیے۔۔جب میں پہلے دن

یہاں آیا تو یہی سوچ کر آیا تھا آپ کا انتیظار بھی کر رہا تھا مگر جیسے جیسے وقت قریب

آیا میری ہمت جواب دے گئی میں ڈر گیا اور چلا گیا۔۔پھر زور آتا مگر ہمت ہی نہیں

کر پاتا آپ سے نظریں ملانے کی اس لیے آپ کہ آنے سے پہلے ہی چلا جاتا۔۔آستر

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

پلیز مجھے معاف کر دیں میں جو کچھ بھی کیا۔۔میں بہت شرمندہ ہوں (احد نے اسے

دیکھتے ہوئے ساری بات بتائی اور ساتھ معافی بھی مانگی)

ڈر جاتے تھے میں کوئی چڑیل ہوں یا میرے لمبے لمبے دانت ہیں جو تمہیں کاٹ

لیتے۔۔(آستر کی سوئی وہیں آٹک گئی ڈر جانے پر۔۔۔اس نے احد کی معافی کو بھی

www.novelsclubb.com

نظر انداز کر دیا)

ابھی جو سلوک کر رہی ہیں بس خون چوسنا ہی رہ گیا ہے۔۔۔۔(احد بال پر ہاتھ

لگاتے ہوئے بڑبڑایا مگر اس کی آواز اتنی تھی کہ آستر نے باآسانی سن لی)

تم۔۔۔نکلو میرے گھر سے۔۔۔اور دوبارہ اگر نظر آئے تو مجھ سے برا کوئی نہیں

ہو گا۔۔(آستر کا بس نہیں چل رہا تھا ورنہ پاس پڑا گملا اٹھا کر اسے مار دیتی۔۔)

www.novelsclubb.com

وہ تو ویسے بھی کوئی نہیں ہے۔۔۔(احد نے اسے دیکھ کر کہا)

نکلو۔میرے گھر سے۔۔(وہ چیخی)

انکل سے مل لو ایک دفعہ۔۔(احد نے اجازت مانگی)

ہر گز نہیں۔۔(آستر نے صاف انکار کر دیا)

ٹھیک ہے اللہ حافظ۔۔(وہ کہہ کر باہر نکل گیا تو آستر نے زور سے دروازہ بند کیا تو

www.novelsclubb.com

احد نے بند دروازے کو دیکھا اور سر نفی میں ہلا کر گاڑی میں بیٹھ گیا)

پورے راستے اس کہ چہرے پر مسکراہٹ تھی۔۔آج پہلی دفعہ اس نے آستر بلکہ

کسی لڑکی سے اس طرح بات کی تھی ورنہ وہ ہمیشہ ہی معاویہ اور زوبیا کہ علاوہ کیسی

لڑکی سے خود سے بات نہیں کرتا اور اگر کرنا پڑھ بھی جاتی تو ہو۔۔یا ہاں میں جواب

دیتا۔۔مگر آج آستر سے اس نے کیوں اسی باتیں کیں یہ وہ بھی نہیں جانتا تھا کیوں

www.novelsclubb.com

اور نا ہی ایسا کوئی اس کا ارادہ تھا اس کا۔۔اس کا غصہ بھرا چہرا اس کہ سامنے آرہا

تھا۔۔وہ حیران بھی تھا کہ ایک لڑکی اس کی اتنی بے عزتی کر گئی مگر اس نے کچھ

نہیں کہا کیوں۔۔مگر یہ سب سمجھنے میں اسے وقت لگنا تھا)

---

--

www.novelsclubb.com

بھیج دیا اسے،، کر دی بے عزتی اس کی۔۔۔اب مل گیا ہو گا سکون تمھیں ہے

نا۔۔(محمود صاحب جو کہ سن چکے تھے اس کی باتین کیونکہ آواز اندر تک آرہی

۔۔وہ غصے میں تھے اس وقت)

آپ غصہ نا کریں بلڈ پریشر بڑھ جائے گا۔۔۔(آستر نے انھیں سمجھایا)

www.novelsclubb.com

بھاڑ میں گیا بلڈ پریشر۔۔جب میں نے منا کیا تھا کہ اسے کچھ نہیں کہوں گی تو پھر تم

نے کیوں کیا ایسا؟(اب ڈانٹ سننے کی باری آستر کی تھی)

بابا آپ ایک غیر شخص کہ لیے مجھے ڈانٹ رہے ہیں۔(آستر کو واقع دکھ ہوا کہ وہ

اس گھٹیا بندے کہ لیے مجھے ڈانٹ رہے ہیں)

www.novelsclubb.com

مجھے غصہ اس بات کا ہے کہ تم نے میری بات کیوں نہیں مانی کیا میری کوئی حیثیت

نہیں ہے تمہاری نظر میں۔۔

نہیں بابا ایسا نہیں ہے۔۔ میری جان قربان آپ پر۔۔ میں ایسا سوچ بھی نہیں سکتی

کہ آپ کا حکم نا مانوں۔۔ (آستر روتے ہوئے ان کہ پاس بیٹھی اور ہچکیوں سے

www.novelsclubb.com

روتے ہوئے بولی)

بیٹا بولنے میں کہنے میں بہت فرق ہوتا ہے۔۔(وہ کر اپنی ویلچیر کمرے میں لے گئے

اور آستر وہیں بیٹھی روتی رہی)

شام میں السا آئی تو اس کی سوجی ہوئی آنکھیں دیکھ کر بولی)

آپی کیا ہو گیا آپ روئی ہیں کیا ہوا۔۔۔وہ احد بھائی نے تو کچھ نہیں کہا مجھے بتا ہیں میں

www.novelsclubb.com

ضمیر بھائی سے کہتی ہوں وہ ان کی خبر لیں گے۔۔(السا سمجھی احد نے کچھ کہا ہے)

بابا مجھ سے ناراض ہیں۔۔۔(آستر کی انکھوں میں دوبارہ آنسو آ گئے)

کیوں انکل کیوں ناراض ہیں؟(وہ نا سمجھی سے بولی تو آستر نے اسے ساری بات

بتادی تو السا چپ ہو گئی)

بابا مجھے اس کی وجہ سے ڈانٹ رہے ہیں السا۔۔۔میں اسے کبھی معاف نہیں کرو گی

اس کی وجہ سے میرے بابا نے مجھے ڈانٹا ہے۔۔(اس کی نفرت احد سے اور بڑھ

گئی)

میں انکل سے بات کرتی ہوں۔۔

www.novelsclubb.com

نہیں میں خود منالو گی بابا کو۔۔۔(آستر نے اسے منا کر دیا)

---

**اکیلے اکیلے مسکرا رہے ہو۔۔۔**

**کون سا کمینا پن چھوپا رہے ہو۔۔**(آریش آفس میں آیا تو احد کرسی پر سر ٹیکا کر

مسکرا رہا تھا تو آریش شرارت سے بولا)

www.novelsclubb.com

کیوں شعر کی ٹانگ تور رہا ہے۔۔۔۔(احد نے انکھیں کھول کر کہا البتہ سر ویسے ہی

ٹیکا یا ہوا تھا)

مجھے کیوں دال میں کچھ کالا لگ رہا ہے احد صیح صیح مجھے بتا دے کیا چل رہا ہے تیرے

دماغ میں۔۔(یہ اریش ہی تھا جو اس سے اتنا فری تھا جو اس سے اس طرح بات

www.novelsclubb.com

کر سکتا تھا ورنہ اور کسی میں اتنی ہمت نہیں تھی)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تو کیوں جاسوس بن رہا ہے؟ (احد سیدھے ہو کر بیٹھا اور اسے دیکھ کر بولا)

تیری حرکتیں ہی آج کل مشقوق ہیں تو جاسوسی تو بنتی ہے۔۔

آج شام ماما بابا آرہے ہیں عمرے سے۔۔۔ (احد نے بتایا مگر اس کہ مسکرانے کی

وجہ یہ نہیں تھی)

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اچھا چل پھر ساتھ چلیں گے ایرپورٹ۔۔(اریش سمجھا شاید یہ بات ہو گی مگر وہ

احد ہی کیا جو دل کی بات بتا دے)

---------------------------------------

ایک ہفتہ گزر گیا مگر محمد صاحب ابھی بھی آستر سے بات نہیں کر رہے تھے۔۔۔اور

www.novelsclubb.com

نہ ہی احد یہاں آیا تھا۔


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بابا دوا کھالیں پلیز ورنہ بخار کیسے اترے گا۔۔(آستر نے محمود صاحب کو دوا

دی۔۔دو دن سے انھیں تیز بخار تھا۔۔انھوں نے اس کہ ہاتھ سے گولی لی اور

کھالی)

پریشان لگ رہی ہیں کچھ۔۔(السا نے پوچھا)

www.novelsclubb.com

یار بابا کا بخار ہی نہیں اتر رہا مجھے بہت فکر ہو رہی ہے۔۔(وہ واقعی پریشان تھی)

آپکو پتا ہے کل جب آپ اسکول گئی ہوئی تھیں میں نے انکل کو دوا دی تھی تو وہ سو

گئے تھے اور احد بھائی کا نام لے رہے تھے نیند میں۔۔۔(السا نے بتایا)

ہمم ایک دو دفعہ میں نے بھی سنا ہے۔۔پتا نہیں ایسا کیا جادو کر دیا ہے اس نے کہ بابا

اسے بھول ہی نہیں رہے اور مجھے تو لگتا ہے کہ یہ بخار بھی اسی وجہ سے چڑھا

ہے۔۔(آستر نے اپنا سر تھامتے ہوئے کہا)

www.novelsclubb.com

مجھے لگتا ہے ہمیں احد بھائی کو بلا لینا چاہیے شاید انکل کی طبیعت ٹھیک

ہو جائے۔۔(السا نے اسے مشورہ دیا)

بلکل نہیں میں مر کر بھی اسے نا بلاوں اور میں نے بتایا تو تھا کیسے بے عزتی کر کہ

نکالا تھا اسے۔۔اب اسے خود ہی بلا لوں۔۔دماغ ٹھیک ہے۔۔(آستر کو اس کا ائیڈیا

بلکل پسند نہیں آیا)

www.novelsclubb.com

میں نے تو بس ایک بات کہی تھی (السا ہلکے سے بولی تو آستر کو احساس ہوا کہ السا کو

برا لگا ہے)

نہیں السا میرا وہ مطلب نہیں تھا۔۔(آستر نے اسے گلے سے لگالیا۔۔۔)

(مگر کبھی کبھی ہم اپنے منہ سے ایسی باتیں کہہ جاتے ہیں جو اللہ کو بہت بری لگتی ہیں

www.novelsclubb.com

جیسے آستر کا یہ کہنا کہ "میں مر کر بھی اسے نہیں بلاوں"۔۔ ہم روزانہ کئی دفعہ ایسا

کہہ جاتے ہیں۔۔ پھر اللہ ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے اور ہمیں اسی شخص کی دہلیز

پر لیجاتا ہے۔۔ ہم اور آپ کون ہوتے ہیں یہ کہنے والے یہ کام نہیں کریں گے ارے

کرنے والی ذات تو اللہ کی ہے جو ہر چیز پر قادر ہے۔۔)

----------------------------------

www.novelsclubb.com

رات گیارہ بجے وہ کمرے میں بیٹھی بچوں کی کاپیاں چیک کر رہی تھی اور محمود

صاحب بیڈ پر سو رہے تھے کہ اچانک ان کہ بڑبڑانے کی آواز آئی۔۔آستر بھاگ کر

ان کہ پاس گئی تو نیند میں کہہ رہے تھے۔۔

احد۔۔احد بیٹا۔۔(آستر نے جب اس کا نام سنا سر پکڑ لیا)

www.novelsclubb.com

یااللہ کیا جادو کر دیا ہے اس نے بابا پر کہ اسے بھول ہی نہیں پا رہے۔۔۔ (پھر محمود

صاحب سے بولی)

بابا میں ہو آپ کہ پاس۔۔۔ بابا میں استر۔۔ (آستر نے بولتے ہوئے جب ان کی

پیشانی چھوئی تو انھیں بہت تیز بخار ہو رہا تھا۔۔ آستر نے ان کہ سر پر پٹیاں رکھنا

شروع کیں تو اس کہ کانوں میں السا کی بات گونجی۔۔ "مجھے لگتا ہے ہمیں احد بھائی

www.novelsclubb.com


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کو بلا لینا چاہیے شاید انکل کی طبیعت ٹھیک ہو جائے"۔۔۔آستر نے زور سے اپنی

آنکھیں منچیں۔۔)

ٹھیک ہے بابا میں اسے بولا سلوں گی آپ کی خاطر۔۔اب چاہے اپنی یگو کو

نظر انداز ہی کیوں نا کرنا پڑے۔۔۔(آستر بولا کر سوچ میں پڑ گئی کہ اس کا نمبر کہا

www.novelsclubb.com

سے لے گی پھر کچھ یاد انے پر اس نے موبائل اٹھایا۔ تھوری دیر بعد اسے ایک نمبر

پر انگری برڈ لکھا دیکھا۔۔اسے یاد آیا جب وہ اس کہ افس میں تھی تو اسی نام سے اس

کا نمبر سیو کیا تھا۔۔

آستر اٹھ کر باہر آئی پھر سوچنے لگی۔۔ کیا وہ آئے گا۔۔بیٹا جس طرح اس کی عزت

آفنرائی کی تھی نا اب اپنے لیے تیار ہو جا۔۔۔آستر نے سوچتے ہوئے اس کا نمبر

www.novelsclubb.com

ملایا۔۔ بیل جا رہی تھی اور آستر نے اپنی آنکھیں بند کیں ہوئی تھیں۔۔۔ بیل جاتی

رہی مگر احد نے ریسو نہیں کی۔۔اس نے دوبارہ نمبر ملایا۔۔ مگر کوئی جواب نہیں

۔۔اس نے پھر ملایا۔۔۔اب بھی کوئی جواب نہیں۔۔۔۔)کال کیوں نہیں

اٹھارہا۔۔۔(آستر نے بولتے ہوئے موبائل سایڈ ہر رکھ دیا)

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

احد جو کہ لیٹ گھر آیا تھا، کھانا کھا کر عشاء کی نماز پڑھ رہا تھا جب اس کہ موبائل پر

www.novelsclubb.com

کال آئی۔۔ مگر وہ نماز میں مشغول رہا۔۔۔۔ نماز ختم کر کہ وہ اٹھا جائے نماز طے

کر کہ رکھی اور موبائل اٹھایا تو کسی نمبر سے تین مس کالس تھیں۔۔احد نے اسی

نمبر میں پر کال کی۔۔۔۔۔

آستر جو کہ کمرے میں جا رہی تھی کہ موبائل پر کال آئی جب دیکھا تو احد کا نمبر

تھا۔۔۔آستر نے لمبی سانس لی اور کال ریسو کی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ہیلو۔۔۔

ہیلو۔۔(جب کوئی جواب نہیں آیا تو وہ دوبارہ بولا)

اسلام و علیکم۔۔۔۔

وعیلکم اسلام۔۔کون ؟(کسی لڑکی کی آواز پر وہ سنجیدگی سے بولا۔۔وہ آستر کی اواز نہیں پہچان سکا تھا)

www.novelsclubb.com

میں۔۔۔میں۔۔آستر۔۔۔بات کر رہی ہوں۔۔۔(آستر اٹک اٹک کر بولی)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

آستر۔۔۔اس نے نام دھرایا۔۔۔پھر سوچنے لگا وہ کیوں کال کرے گی۔۔پھر

بے یقینی سے بولا) آپ ؟؟؟؟

جی۔۔بابا۔۔(وہ صرف اتنا ہی بولی کہ وہ بیچ میں بولا)

کیا ہوا انکل کو وہ ٹھیک ہیں ؟(وہ پریشانی سے بولا)

www.novelsclubb.com

ان کی طبعیت ٹھیک نہیں ہے وہ تم سے ملنا چاہتے ہیں۔۔

ٹھیک ہے میں کل ہی آتا ہوں۔۔۔(احد کچھ اور بولتا مگر اس سے پہلے ہی آستر نے

کال کٹ کر دی اور وہ موبائل کی اسکیرن دیکھتا رہا)

جانتا ہوں اپنے بابا کی وجہ سے تم نے مجھے بلایا ہے ورنہ تو تم میری شکل بھی نہ

دیکھو۔۔۔(احد موبائل کی اسکرین کو دیکھتا ہوا بولا اور اس کا نمبر سیو کیا

tiffy taffy کہ نام سے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

---------------------------------------

آستر نے کال کر کہ آنکھیں بند کریں تو آنسو گرے۔۔ کبھی کبھی نہ چاہتے ہوئے

بھی ہمیں ایسے کام کرنے پڑھ جاتے ہیں جو ہم نے کبھی سوچے بھی نہیں ہوتے

۔۔ جیسے ابھی آستر نے کیا۔۔اس نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ وہ کبھی احد سے بات

www.novelsclubb.com

کرے گی۔۔۔۔یا کبھی اسے اا پنے گھر بلائے گی۔۔۔۔

---------------------------------

دوسرے دن اتوار تھا تو اس کی چھٹی تھی۔۔احد دس بجے کہ قریب اس کہ گھر

پہنچا۔۔۔آستر نے گیٹ کھولا وہ سامنے سن گلاسیس لگائے بیلو جینز پر بلیک ٹی شرٹ

پہنے ،ہاتھ موبائل اور چابیاں پکڑے وہ اس کہ سامنے کھڑا تھا۔۔

www.novelsclubb.com

احد نے اسے دیکھا جو کہ سی گرین کلر کہ شلوار قمیض پہنے اور ہم رنگ ڈوپٹہ سر پر

اڑھے ہوئے تھی۔ آستر نے ساہیڈ پر ہو کر اسے اندر آنے کی جگہ دی اس کی نظریں

جھکی ہوئی تھی شرمندگی کی وجہ سے کہ اس کہ اتنی بے عزتی کہ بعد بھی وہ آج اس

کہ گھر پر تھا)

www.novelsclubb.com

اسلام و علیکم۔۔(وہ کہہ کر رو کا نہیں اور نہ ہی اس کہ جواب کا انتظار کیا سیدھا اندر

چلا گیا۔۔۔ تھوڑی دیر میں آستر بھی اندر آئی تو وہ محمود صاحب کہ پاس تھا۔ محمود

صاحب اسے دیکھ کر مسکرا رہے تھے۔۔

کیسے ہیں آپ ؟اور یہ بخار کب سے ہے آپ کو؟ڈاکٹر کو دیکھایا؟(وہ ایک ساتھ ہی

www.novelsclubb.com

سارے سوال کر گیا۔۔۔۔)

ارے میں ٹھک ہوں بیٹا تمہیں کس نے بتایا کہ میری طبعیت خراب ہے ؟(انھیں

احد کہ یہاں آنے پر حیرانی تھی)

آستر نے بلایا۔۔اور انھوں نے ہی بتایا کہ آپ کی طبعیت ٹھیک نہیں ہے۔۔(احد

نے بتایا) کیا کیا ہے یہ آپ نے ہاں۔۔۔اتنا تیز بخار۔دوالی آپ نے ؟ چلیں ڈاکٹر

www.novelsclubb.com

کہ پاس چلتے ہیں۔(احد نے ہلکے سے غصے سے پوچھا)

نہیں بیٹا۔۔میں نے دوالی ہے ابھی آستر نے دی تھی۔۔۔تم بیٹھو۔پریشان مت ہو

میں ٹھیک ہوں۔۔۔(محمود صاحب اسے سمجھاتے ہوئے بولے)

---------------------------------------------------

--

www.novelsclubb.com

آستر کچن میں آکر کھانے کی تیاری کرنے لگی کہ السا آگئی۔۔۔۔

کیا ہو رہا ہے ؟(وہ مسکراتے ہوئے بولی کچن میں کھڑے ہوتے ہوئے)

میں ٹھیک تم کیسی ہو۔۔(آستر مسکرتے ہوئے بولی)

تو آپ نے بولا لیا احد بھائی کو۔۔۔

میں بابا کہ لیے کچھ بھی کر ستی ہوں السا۔۔۔ان کی طبعیت نے انھیں بہت حساس

www.novelsclubb.com

کر دیا ہے،وہ بہت زیادہ سوچنے لگے ہیں جس کی وجہ سے وہ اس کا نام تک نیند میں

لینے لگے۔۔۔۔ان کہ لیے ٹینشن ٹھیک نہیں ہے اس لیے مجھے مجبوراًاسے بولا

پڑا۔۔۔۔۔۔(آستر کی انکھوں میں قرب تھا کہ وہ کس طرح اسے برداشت

کر رہی ہے)

میں جانتی ہوں آپ انکل سے بہت محبت کرتی ہیں۔۔۔انشاءاللہ انکل ٹھیک

www.novelsclubb.com

ہو جاہیں گے۔۔۔(السا نے اس کہ کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تو وہ ہلکا سا مسکرا

دی)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

آپ کو پتا ہے ابھی کیا ہوا؟(السا چہکتی ہوئی بولی)

پھر کوئی گڑبڑ کی ہے تم نے؟(آستر نے اسے مشکوک نظروں سے اسے دیکھا)

نہیں نا۔۔(وہ چڑ کر بولی)

پھر کیا کیا ہے؟

www.novelsclubb.com

آج میں نے اور میری دوستوں نے مل کر کلاس بنک کر دی اور گول گپے کھانے

گئے تھے۔۔(وہ خوشی سے بولی)

ایک منٹ ایک منٹ آج تو تمہارا ٹیسٹ نہیں تھا۔۔

تیاری نہیں تھی جبھی تو بنک کیا تھا۔۔(وہ معصوم سی شکل بنا کر بولی۔۔اس سے

www.novelsclubb.com

پہلے آسترا اسے کچھ کہتی کہ محمود صاحب نے اسے آواز دی)

تمہیں تو میں آکر بتاتی ہوں۔۔(آستر اسے ڈراتی ہوئی کمرے کی طرف گئی)

جی بابا۔۔(وہ دروازے پر کھڑی ہو کر بولی)

www.novelsclubb.com

بیٹا احد آج ہمارے ساتھ ہی کھانا کھائے گا۔۔۔۔(ان کی بات سن کر آستر نے احد

کو دیکھا جو نیچے سر کیے بیٹھا تھا) کھانے میں کیا بنایا ہے ؟(ان کہ اگلے سوال پر آستر

بولی)

آروی گوشت۔۔۔۔(آستر کہ بتانے پر احد سر اٹھا کر اسے دیکھا اور پھر محمود

www.novelsclubb.com

صاحب سے بولا)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

انکل میں ابھی کھانا نہیں کھاؤ گا۔۔ناشتہ کر کہ ہی گھر سے نکلا تھا۔۔پھر کبھی کھالوں

گا۔۔۔(وہ منت بھرے لہجے میں بولا۔۔اب وہ کیا بتاتا کہ اس کو سبزیوں سے کتنی

چڑ تھی خاص طور پر آروی، ٹنڈے، لوکی، کریلے وغیرہ سے)

آستر کو اس کی حالت دیکھ کر ہنسی آئی جسے وہ دبا گئی)

www.novelsclubb.com

ارے بیٹا کھانا تیار ہے اور ویسے بھی پہلے آستر گھر پر نہیں ہوتی تھی تو میں فورس بھی

نہیں کرتا تھا اب تو وہ گھر پر ہے اور کھانا بھی تیار ہے۔۔(ان کہ اتنی وضاحت پر

آستر و غصہ آیا کہ انتی بھی کیا ضرورت ہے اسے وضاحت دینے کی۔ نہیں کھا رہا تو نا

کھائے۔۔ بابا بھی نا۔۔)

www.novelsclubb.com

محمود صاحب کہ اتنے کہنے پر احد خاموش ہو گیا۔۔اب اتنی محبت سے وہ کہہ رہے

تھے کہ انکار نہیں کر سکا مگر یہ اس کا دل ہی جانتا تھا کہ کس طرح اس نے ہاں کری

تھی آر وی گوشت کھانے کہ لیے۔۔)

جاو بیٹا لے آو۔۔

جی بابا۔۔(آستر کہہ کر کچن میں آگئی)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کیاہوا؟(السانے اسے غصے میں دیکھ کر پوچھا)

بابانے کہاہے کہ وہ کھاناکھاکر جائے گا۔۔۔(اس کہ کہنے پر السا کو ہنسی آگئی)

کیاہوا۔۔بہت ہنسی آرہی ہے۔ ہمم

نہیں آپ کی شکل دیکھ کر ہنسی آرہی ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابھی بتاتی ہوں میں رکو۔۔۔

اچھا سوری۔۔(وہ کہہ کر دوبارہ ہنسنے لگی تو آستر سر جھٹک کر روٹی توے پر ڈالی)

یہ لو اندر دے کر او۔۔۔(آستر نے ٹرے السا کو دی جس میں ایک کٹورے میں

گرم سالن تھا۔۔ساتھ میں گرم گرم روٹی تھیں)

السا وہ لے کر اندر آئی۔۔اور ٹرے بیڈ پر رکھ کر چلی گئی۔۔ محمود صاحب نے سالن

www.novelsclubb.com

پلیٹ میں نکالا پھر آحد نے اور دونوں نے کھانا شروع کیا۔

تھوڑی دیر میں محمود صاحب نے آواز دی تو السا آئی تو انھوں نے اشارے سے اور

روٹی لانے کو کہا۔

آپی انکل اور روٹی کا کہہ رہے ہیں تو۔۔۔(آستر خوش ہوئی کہ چلو بابا بیٹ بھر کہ

کھا رہے ہیں بھلے اس کہ ساتھ ہی صبح۔۔۔اس نے دو روٹی گرم گرم ڈال کر دے

دیں۔۔احد کا تو اسے پتا چل گیا تھا کہ وہ آدھی بھی نہیں کھائے گا۔۔ جس طرح کا

www.novelsclubb.com

اس نے منہ بنایا تھا۔۔۔ لیکن جب محمود صاحب نے دوبارہ روٹی کا کہا تو اس کا ماتھا

دھنکا اور بولی)

یہ ہو کیا رہا ہے اندر۔۔ میں دیکھ کر آتی ہوں۔۔۔(اور جب وہ اندر آئی تو محمود

صاحب بیٹھے مسکرا رہے اور احد کھانے کے ساتھ انصاف کر رہا تھا)

www.novelsclubb.com

تو ساری روٹیاں یہ کھا رہا تھا۔۔اس نے دل میں سوچا۔۔اور بولی)

بابا آپ نے کھانا کھالیا؟

ہاں بیٹھا۔۔یہ احد کہ لیے اور لے آو۔۔(آستر کی آواز پر احد نے آستر کو دیکھا جو

اسے ہی گھور رہی تھی۔۔)

تین روٹیاں کھانے کہ بعد بھی اور لے آوں؟(آستر نے حیرت سے کہا تو احد نے

www.novelsclubb.com

چونک کر محمود صاحب کو دیکھا اور بولا)

میں تین روٹیاں کھا گیا؟(احد کو حیران تھا)

ماشاءاللہ بیٹا۔۔۔(محمود صاحب مسکرا کر بولے اور آستر کو گھورا کہ کیا ضرورت تھی ایسا بولنے کی۔۔۔تو وہ نظریں جھکا گئی۔۔مگر احد ابھی تک حیرت کہ سمندر میں غوطے لگا رہا تھا۔۔۔۔کہ وہ کیسے تین روٹیاں کھا گیا۔،جب کہ وہ تو معاویہ کہ علاوہ کسی دوسرے کہ ہاتھ کا بنا کھا نہیں کھاتا تھا۔۔۔اور سبزی وہ بھی آروی جو اسے کبھی پسند نہیں تھا۔۔اس کی تو سمجھ میں ہی نہیں آرہا تھا۔۔۔)

www.novelsclubb.com

آستر باہر آئی اور بولی)

پیٹو کتنا کھاتا ہے۔۔۔(وہ غصے سے بولی)

کون احد بھائی؟(السا نے پوچھا)

ہاں تین روٹیاں کھا گیا۔۔۔۔(آستر نے حیران ہوتے ہوئے اسے بتایا)

www.novelsclubb.com

آپ کہ ہاتھ میں جادو ہے۔۔۔انھیں کچھ زیادہ ہی پسند آگیا ہے آروی گوشت وہ

بھی آپ کہ ہاتھ کا۔۔(السانے اسے شرارت سے کہا مگر آستر نے اسے گھورا تو اس

کی آنکھوں میں غصہ دیکھ کر السا بولی)

اچھا سوری۔۔۔(پھر اس کا موڈ ٹھیک کرنے کہ لیے بولی) اچھا آپ نے عشق آتش

www.novelsclubb.com

نوول پڑھا؟(السا کہ پوچھنے پر آستر نے اپنے سر پر ہاتھ مارا)

پھر کوئی ناول پڑھ لیا؟(اسے پتا تھا اب جب تک وہ اسے ساری اسٹوری نہیں

بتا دے گی اسے سکون نہیں ملے گا۔۔کیونکہ یہ السا کا پسندیدہ کام ہے)

احد باہر آیا تو آستر اور السا سیڑیوں پر بیٹھی باتیں کر رہی تھیں اور ہنس رہی تھیں۔وہ

پہلی بار آستر کو ہنستے ہوئے دیکھ رہا تھا۔۔السا کی نظر احد پر پڑھی تو اس کی ہنسی ہلکی

ہو گئی،آستر نے پیچھے دیکھا تو اسے ہی دیکھ رہا تھا مگر آستر کہ دیکھنے پر نظریں جھکا کر

باہر نکل گیا۔۔)

www.novelsclubb.com

---

رات کو کھانے پر احد نے معاویہ سے پوچھا۔۔

ماما کیا کبھی میں نے تین روتیاں کھاہیں ہیں۔۔(اس کی سوئیں وہیں اٹکی ہوئی تھی)

ہیں؟؟؟بیٹا تم دو روٹی بھی کھالو نا تو میں شکرانے کہ نفل پڑھوں گی۔۔(معاویہ نے

www.novelsclubb.com

آہ بھرتے ہوئے کہا)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تو پھر پڑھ لیں۔۔(احد نے ہلکے سے بولا)

کیا کہاں ؟(معاویہ کو سمجھ تو نہیں آیا کہ اس نے کیا کہا ہے مگر اس نے کچھ کہا ہے وہ

یہ سمجھ گئی تھی)

آج میں نے تین روتیاں کھائی ہیں محمود انکل کہ گھر۔۔۔(احد نے روٹی کا نوالہ

www.novelsclubb.com

منہ ڈالتے ہوئے کہا)

کون محمود انکل ؟(سوال اب کی نا عیل نے کیا)

ارے میں تو بتانا ہی بھول گیا آپ کو ان کہ بارے میں ۔۔میرے نئے فرینڈ

ہیں ۔۔بہت اچھے ہیں وہ ۔۔بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے ان سے ۔۔

جیسے ؟(نا عیل کا اگلہ سوال)

www.novelsclubb.com

دین کہ بارے میں ۔۔۔(احد ننے ہلکے پھلکہ انداز میں بتایا)

آج سے پہلے تو کبھی تم نے کسی کہ گھر کا نہیں کھایا؟ (معاویہ نے پوچھا)

وہ انکل نے زور دیا تو میں انکار نہیں کر سکا ماما۔۔ (احد نے معصوم سا چہرا بنا کر کہا تو

معاویہ خاموش ہو گئی)

---------------------------------------

www.novelsclubb.com

رات کو معاویہ احد کہ کمرے میں آئی تو وہ نماز پڑھ رہا تھا۔وہ مسکرا کر وہیں بیڈ پر بیٹھ

گئی اور اس کی نماز ختم ہونے کا انتیظار کرنے لگی۔۔اس کہ سجدے بہت لمبے تھے

وہ شاید دعا کر رہا تھا سجدے میں۔۔۔کیونکہ بندہ سجدے کی حالت میں اپنے رب

کہ بہت قریب ہوتا ہے۔۔

www.novelsclubb.com

اچانک کیسے آگئے اور بتایا بھی نہیں۔۔۔(احد اس سے الگ ہوا تو وہ بولی)

تو سرپرائز کیسے دیتا۔۔(احد نے کہہ کر اس کا ہاتھ چوما) بہت مس کیا میں نے آپ

کو۔۔

www.novelsclubb.com

میں بھی اپنے بیٹے کو بہت مس کیا۔۔۔اچھا جاو تم فریش ہو جاو آرام کرو میں

تمہارے کھانے کہ لیے کچھ بناتی ہوں۔(معاویہ نے اس کہ بال بگاڑتے ہوئے کہا

اور اٹھ گی تو وہ بھی اپنے کمرے میں چلا گیا)

---------------------------------------------------

www.novelsclubb.com

شام میں آستر اور ناعیل گھر آئے تو معاویہ اور احد لون میں بیٹھے باتیں کر رہے

تھے۔ناعیل کو دیکھ احد اس کہ پاس آیا اور ناعیل کہ گلے لگ گیا۔۔آستر جو کہ پیچھے

کھڑی تھی۔احد نے اسے دیکھا پھر ناعیل سے الگ ہوا اور آستر کو سلام کیا جس کا

اس نے جواب دیا تو وہ بولا)

www.novelsclubb.com

کیسی ہیں آپ؟(اتنے دن بعد اس دشمن جان کو دیکھ رہا تھا، نظریں تھیں کہ ہٹنے

سے انکاری تھیں)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

میں ٹھیک ہوں۔۔(وہ بس اتنا ہی بولی اور اندر چلی گئی)

------------------------------------------

ماما اس بیگ میں گفٹس ہیں تو یہ آپ دے دیجیۓ گا۔۔(معاویہ لاونج میں بیٹھی تھی جب احد نے ایک بیگ لاکر معاویہ کو دیا

www.novelsclubb.com

کس کس کہ گفٹس ہیں ؟(معاویہ نے پوچھا)

آپ کہ، باباکہ، السا، آریش، زوبیا اور فیصل کہ لیے بھی۔۔اچھا اس میں بیگ میں

صرف عبدالھادی کہ گفٹس ہیں۔آریش کو تو میں خود دوں گا۔۔(احد نے ایک

ایک کا بتایا اور گفٹس الگ الگ کر کہ معاویہ کو بتایا کہ کون سا کس کا ہے۔)

آستر کہ لیے کچھ نہیں لائے؟(معاویہ نے جب دیکھا سارے گفٹس اس نے الگ

www.novelsclubb.com

کر دیے تو معاویہ نے پوچھا)

آستر جو کہ کچن میں تھی اپنا نام سن کر چونکی اسے آوازیں تو ساری جا رہی تھیں مگر

اس نے دھیان نہیں دیا تھا)

اونو۔۔۔وہ تو میں بھول ہی گیا۔۔(احد نے سر کو پیٹتے ہوئے کہا)

www.novelsclubb.com

احد بہت بری بات ہے تم سب کہ لیے لے کر آئے یہاں تک کہ اس کی دوست

السا کہ لیے بھی وہ تمہیں تب بھی یاد نہیں آئی۔۔(معاویہ کو احد کی یہ حرکت اچھی

نہیں لگی)

سوری ماما مجھے یاد ہی نہیں رہا۔۔(احد جانتا تھا وہ کچن میں ہے اس لیے وہ ایسا بول رہا

www.novelsclubb.com

تھا۔۔اس کی اداکاری عروج پر تھی



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تم ابھی جاو اور مارکٹ سے اس کہ لیے کچھ لے کر آو۔۔۔(معاویہ نے اسے حکم

دیا)

اتنی گرمی میں میں نہیں جا رہا اور ویسے بھی کیا فرق پڑتا ہے ماما انھیں نہیں دیا

تو۔۔(احد کہہ کر رو کا نہیں اپنے روم میں چلا گیا اور معاویہ اسے دیکھتی رہی)

www.novelsclubb.com

---------------------------------------

وہ اپنے کمرے میں آ کر خوب ہنسا پھر آلماری کہ پاس آیا اور اس میں سے ایک بیگ

نکالا جس میں ایک مہنگا موبائل، پرفیوم اور چوکلیٹس تھیں۔۔۔۔

تم سانس کی طرح میرے ساتھ رہتی ہو تمہیں میں کیسے بھول سکتا ہو۔۔(احد

گفٹس کو دیکھ کر مسکرایا اور بولا)

www.novelsclubb.com

رات میں وہ آستر کہ کمرے میں آیا جب وہ کمرے میں نہیں تھی۔احد نے وہ بیگ

بیڈ پر رکھا اور چلا گیا۔۔۔آستر کافی دیر بعد کمرے میں آئی تو بیڈ پر بیگ دیکھ کر

چونکی۔۔ پھر اس پر کارڈ رکھا دیکھا تو اس پر احد لکھا تھا۔۔۔آستر سمجھ گئی کہ یہ احد

لایا اس نے بیگ اٹھایا اور اس کہ کمرے میں جا ہی رہی تھی جب وہ لاونج میں آتا

www.novelsclubb.com

دیکھائی دیا۔۔۔

یہ آپ شاید بھول گئے تھے۔۔(آستر نے بیگ احد کہ سامنے کرتے ہوئے کہا)

بھولا نہیں تھا خود رکھا تھا۔۔(احد مسکراتے ہوئے بولا)

مجھے نہیں چاہیے یہ۔۔(آسترکو اس کی بات یاد تھی جو اس نے معاویہ سے کہی

تھی)

مگر کیوں؟

www.novelsclubb.com

کیونکہ موبائل میں لے چکی ہوں، چو کلیٹس مجھے پسند نہیں ہیں اور پرفیوم کی خوشبو

سے میرے دماغ پھٹتا ہے۔۔(آسترنے کہااور بیگ وہیں رکھ کر چلی گئی۔وہ اتنی

گری پڑی نہیں تھی جو زبردستی کہ تحائف لیتی۔اگراحد سب کہ سامنے بھی دیتا تو

وہ نہیں لیتی یہ تو وہ معاویہ کہ کہنے پر لایا تھا(ایسا آستر کا سا چنا تھا۔اب اسے کیا پتا

www.novelsclubb.com

تھا یہ سب اس نے کتنے پیار سے لیا تھا اس کہ لیے)

۔احد کو اب احساس ہوا کہ وہ غلط بول گیا۔۔احد نے سر پر ہاتھ پھرا)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

استعمال تو تم ہی کرو گی۔۔۔(وہ بھی ڈیٹ تھا)

---

زوبیا احد سے ملنے آئی تھی وہ یہں روک گئی تھی۔دن میں آستر، معاویہ اور زوبیا

بیٹھی باتیں کر رہیں تھی کہ زوبیا بولی)

www.novelsclubb.com

میرا کب سے مہندی لگوانے کا دل چا رہا ہے۔ مگر عبد الھادی اتنا تنگ کرتا ہے کہ

کون پارلر جائے۔ (زوبیا نے اداس سا منہ بنا کر بولا)

مین لگا دوں ؟ (آستر بولی)

تمہیں آتی ہے مہندی لگانی۔ ؟ معاویہ نے پوچھا)

www.novelsclubb.com

جی تھوڑی بہت۔۔

تو چلو مہندی منگواتے ہیں اور تم لگادو۔۔(زوبیا خوشی سے بولی)

جی مگر السا کی طرف زیادہ اچھی مہندی ملتی ہے وہ اکثر لگواتی تھی مجھ سے اس کا

رنگ بہت اچھا آتا ہے۔ایک کام کرتے ہیں السا کو بھی بلواتے ہیں اور اس سے کہہ

دیں گے کہ مہندی بھی ساتھ لے آئے۔(آستر نے کہا کیونکہ وہ السا کو کیسے بھول

سکتی تھی)

www.novelsclubb.com

یہ آئیڈیا بھی اچھا ہے۔۔میں بھائی کو کال کرتی ہوں وہ ڈرائیور کو بھیج دیں

گے۔(زوبیا نے احد کو کال کی،

آریش جو احد کہ آفس میں آیا تھا کسی کام سے تو وہ وہاں نہیں تھا اور اس کا موبائل بج

رہا تھا۔آریش نے جب اسکیرین کر زوبیا کا نام دیکھا تو کال پک کر لی۔)

www.novelsclubb.com

ہیلو۔۔آریش بولا)

آریش بھائی، بھائی کہاں ہیں؟ (زوبیا بولی)

وہ یہاں نہیں ہے ابھی کوئی کام تھا مجھے بتاو۔۔ (آریش نے کہا تو زوبیا نے کہا)

السا کو لینے کہ لیے ڈرویئور بھیج دیں، (السا کا نام سن کر پہلے تو وہ مسکرایہ پھر بولا)

ٹھیک ہے میں لے کر آتا ہوں۔۔

www.novelsclubb.com

نہیں بھائی آپ ڈرائیور بھیج دیں بس۔۔ (زوبیا نے منا کیا)

نہیں ڈرائیور نہیں۔۔(اس نے کہہ کر کال کاٹ دی)

کیا ہوا؟(آسترنے پوچھا)

آریش بھائی لا رہے ہیں السا کو۔۔(زوبیا نے بتایا)

کیا؟اب سارے راستے لڑتے ہوئے آہیں گے دونوں۔(آستر نے سر پیٹ لیا)

www.novelsclubb.com

السا کو کال کرو اور اسے مہندی کا بھی بول دو۔۔(آسترنے زوبیا کو کہا اور اسے آنے

کا کہا تو وہ خوشی سے پاگل ہو گئی اور مہندی کا سن کر تو اس کی خوشی کا ٹھیکانہ نہیں تھا)

--------------------------------------------

آریش جب وہاں پہنچا تو وہ تیار کھڑی تھی۔آریش نے اسے کال کی)

ہیلو۔۔


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جلدی سے باہر آجاو۔۔۔(آریش بولا)

آپ پھر آگئے مجھے لینے؟

کیوں کیسی اور کو آنا تھا۔(آریش نے چڑ کر بولا) اب تم آرہی ہو یا میں جاو۔۔

آرہی ہوں آرہی ہوں (وہ جلدی سے باہر آئی کہ کہنی چلا ہی نا جائے وہ گاڑی میں

بیٹھی تو آریش نے بنا اسے دیکھے گاڑی آگے بڑھادی)

www.novelsclubb.com

ایک منٹ یہاں روکیں۔۔(الساز ور سے بولی تو اس نے ایک دم بریک لگائے)

کیا ہوا؟(وہ گھبرا کر بولا)

مجھے مہندی لینی ہے آپی منگوائی ہے۔آپ روکیں میں لے کر آتی ہوں۔۔(السا

نے بول کر دروازہ کھولا تو وہ بولا)

www.novelsclubb.com

بیٹھو یہی میں لے کر آتا ہوں۔۔(آریش نے اسے اترتے دیکھا تو بولا)

آپکو کیا پتا کہ کون سی لینی ہے۔(السا نے عقل پر ماتم کیا)

اچھا چلو۔۔(وہ بول کر خود بھی اتر گیا)

آپ کیوں آرہے ہیں؟میرے بوڈی گارڈ ہیں کیا؟(السا کو اس کا ساتھ آنا اچھا نہیں

لگا اس کی بات پر آریش نے اسے گھورا تو وہ آگے بڑھ گئی۔۔اس نے ایک دکان سے

www.novelsclubb.com

مہندی لی۔۔اور آریش اسے ہی دیکھ رہا تھا پھر اس کی نظر برابر والی دکان پر پڑی جو


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

چوڑیوں کی دکان تھی۔ آریش وہاں گیا اور چوڑیاں دیکھنے لگا۔ السا مہندی لے کر

مڑی تو آریش کو نا پا کر ادھر ادھر دیکھا تو وہ برابر والی دکان پر چوڑیاں دیکھ رہا

تھا۔ السا کو شرارت سوجی اور اس کہ پاس آئی اور بولی)

آپ چوڑیاں بھی پہنتے ہیں؟ (وہ بے یقینی سے بولی تو آریش نے چونک کر اسے

دیکھا) لیکن یہ آپ پر اچھی نہیں لگیں گی۔۔(السا نے نفی میں سر ہلایا تو اس کی بات

پر آریش ہنس دیا تو وہ ہنسنے لگی)

www.novelsclubb.com

تمہیں چوڑیاں پسند ہیں؟(آریش نے اس سے پوچھا)

بہت۔۔۔(السا کہ لہجے میں ایک جوش تھا)

یہ کیسی ہے؟(آریش نے ایک چوڑیوں کا سیٹ اٹھا کر پوچھا)

نہیں مجھے ایک ہی رنگ کی چوڑیاں نہیں پسند،الگ الگ رنگ کی بہت ساری ایک

www.novelsclubb.com

ساتھ پسند ہیں۔۔(السا کی بات اس کہ سمجھ نہیں نہیں آئی)

کیا مطلب؟(وہ ناسمجھی سے بولا)

دیکھیں میں سمجھاتی ہوں۔(السانے کہہ کر مختلیف رنگ کی چوڑیاں کا ایک سیٹ

بنوایا اور بولی)

دیکھیں ایسے۔۔اچھی ہیں نا(اس نے کہہ کر آریش کی تصدیق چاہی)

www.novelsclubb.com

بہت۔۔۔کیتنے پیسے ہوئے؟(وہ السا کو کہہ کر دوکان دار سے بولا اور پیسے دیے)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نہیں مجھے نہیں لینا یہ۔(السا کو اس کہ پیسوں سے لینا اچھا نہیں لگا)

کیوں تمہیں تو پسند تھیں۔۔(وہ گاڑی میں بیٹھا ہوا بولا)

ہاں مگر مجھے اپنے بھائی کہ پیسو سے لینا پسند ہے۔

عادت ڈال لو۔۔(آریش نے کہہ کر کال ریسو کی جہاں احد کال کر رہا تھا تو السا کو

www.novelsclubb.com

جب سمجھ آیا وہ کچھ کہتی تب تک وہ کال پر مصروف ہو گیا)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہاں بھائی۔۔آریش بولا)

کہاں ہے تو؟

السا کو لینے آیا تھا، زوبیا نے کہا تھا۔۔(آریش نے سچ بول دیا السا کو سمجھ میں آگیا کہ

وہ احد سے بات کر رہا ہے۔۔تو اسے پھر شرارت سوجی اور زور زور سے بولی)

www.novelsclubb.com

احد بھائی بچاہیں مجھے احد بھائی۔۔(السا کہ چلانے پر آریش نے اس کی طرف دیکھا

کہ اسے کیا ہوا ہے)

آریش یہ السا کی آواز ہے؟ کیا ہوا ہے اسے؟ آریش؟(احد نے جب السا کی آواز سنی

تو فکر مندی سے بولا)

www.novelsclubb.com

السا بول کر بنا آواز کہ ہنسنے لگی تو پھر بولنا چاہا مگر آریش نے اس کہ منہ پر اپنا بھاری

ہاتھ رکھ دیا تھا۔۔اور احد سے بولا)

کچھ نہیں پاگل ہو گئی ہے۔۔وہ ایسے ہی بول رہی ہے۔۔(آریش نے بول کر السا پر

ایک غصیلی نظر ڈالی)

www.novelsclubb.com

بات کرو امیری السا سے۔۔(احد نے کہا تو اس نے اپنا ہاتھ اس کہ منہ سے ہٹایا اور

فون دیا مگر اس قدر غصے سے دیکھ رہا تھا السا کو لگا کہ اس نے کچھ غلط کر دیا ہے پھر احد

سے بولی)

ہیلو۔۔۔

www.novelsclubb.com

السا تم ٹھیک ہو؟ کیا ہوا؟(احد بولا)

بھائی وہ کو کروچ دیکھ لیا تھا اس لیے ڈر گئی (وہ اریش کو دیکھتے ہوئے بولی جیسے وہ

کروچ ہو)

آریش کو فون دو۔۔(احد نے کہا تو اس نے فون آریش کو دے دیا جیسے اس نے

جھپٹا)

www.novelsclubb.com

میں کافی دونوں سے سوچ رہا تھا کہ تیری شکل کس میں ملتی ہے۔۔آج پتا چلا کہ

کو کروچ میں ملتی ہے۔(احد نے کر قہقہ لگایا)

تجھے تو میں آ کر بتاتا ہوں۔۔(وہ غص ئے میں بولا اور فون بند کر دیا گاڑی اسٹارٹ کی

اور جیتنی تیز وہ چلا سکتا تھا وہ چلا رہا تھا اور السا کو اپنی موت سامنے نظر آ رہی تھی وہ

www.novelsclubb.com

دعاہیں کرنے لگی۔آریش نے گاڑی احد کہ گھر کہ آگے روکی تو اس کی جان میں

جان آئی۔۔وہ اترنے لگی تو وہ بولا)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

یہ کون لے کر جائے گا؟ (اس کا اشارہ ڈیشبورڈ پر پڑی چوڑیوں کی طرف تھا)

مجھے نہیں لینی یہ۔۔(وہ بولی)

السا۔۔(وہ صرف اتنا ہی بولا اس کی آنکھوں میں غصہ دیکھ کر اس نے چوڑیوں کا

سیٹ اٹھایا یہ سوچ کر کمینی چوڑیوں کہ ساتھ اسے بھی نا پھنک دے اور اندر چلی

گئی)

www.novelsclubb.com

کیوں تم مجھے غصہ کرنے پر مجبور کر دیتی ہو۔میں ایسا نہیں ہو پر تم مجھے ایسا کرنے پر

مجبور کر دیتی ہو۔پر جب تم میری بن جاو گی تو سارے بدلے لوں تم سے ایک ایک

کر کہ۔۔(وہ خود ہی کہہ کر مسکرایا اور گاڑی آگے بڑھا دی)

---

www.novelsclubb.com

السا اندر آئی اور سب سے ملی اور آستر کہ ساتھ بیٹھ گئی اور منہدی آستر کو دی۔



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کس کہ لگوانی ہے پہلے (آستر نے پوچھا)

پہلے مجھے لگاو کیونکہ عبدالھادی اٹھ گیا تو اسے سمبھالو گی اس کہ سوکھنے

تک۔۔(زوبیا بولی تو آستر نے زوبیا کہ مہندی لگانا شروع کی۔معاویہ سب کہ

لیے میکرونی بنا کر لے آئی۔۔السا اپنے ہاتھ سے آستر کو کھلا رہی تھی۔معاویہ کبھی

www.novelsclubb.com

زوبیا کو کبھی آستر کو کھلا رہی تھی۔زوبیا کہ دونوں ہاتھوں پر مہندی لگانے کہ بعد

اس نے السا کہ دونوں ہاتھوں پر مہندی لگائی۔پھر ان تینوں کی ضد پر آستر نے


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

معاویہ کہ ہاتھوں پر بھی مہندی لگائی۔۔آستر کو مہندی لگاتے شام ہو گئی تھی۔وہ

آستر کہ ہاتھ پر مہندی لگا رہی تھی جب احد اور آریش اندر آئے۔السا اور زوبیا اپنی

مہندی سوکھا رہیں تھی جب کہ آستر نے معاویہ کہ ایک ہاتھ پر مہندی لگا دی تھی

اب دوسرے پر لگا رہی تھی۔

www.novelsclubb.com

اندر کا منظر دیکھ کر آریش بولا) یہ کیا مینا بازار لگایا ہوا ہے ؟(آریش نے احد سے کہا تو

وہ اسے دیکھ کر آگے بڑھ گیا)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

یہ کیا ہو رہا ہے۔۔(احد کہتا ہوا معاویہ کہ پاس بیٹھا تو اس کا ہاتھ ہلا تو آستر نے اسے

دیکھا تو وہ بولا)

او و سوری۔۔۔ ویسے اچھی لگی رہی مہندی ماما۔۔(وہ معاویہ کا ہاتھ دیکھتے ہوئے بولا)

یہ تو ان لوگوں نے زبردستی لگا دی ہے۔(معاویہ نے ان تینوں کو دیکھ کر کہا)

www.novelsclubb.com

اچھا کیانا۔۔۔(اس نے مسکرا کر معاویہ سے کہا پھر اس نے آستر کو دیکھا جو معاویہ

کہ ہاتھ پر مہندی لگا رہی تھی۔ سر پر ڈوپٹہ لیے، جھکی پلکیں، وہ دل سے مہندی

لگا رہی تھی۔ کسی کی نظر اپنے اوپر محسوس ہوئی تو آستر نے نظر اٹھا کر دیکھا تو وہ جو

اسے ہی دیکھ رہا تھا دوسری طرف دیکھنے لگا)

www.novelsclubb.com

آریش چلیں(وہ فورا کہہ کر اٹھا اور آریش کو لے کر چلا گیا۔ جب سے وہ آیا تھا اس

کہ انداز آستر کو عجیب لگ رہے تھے، اس کہ دیکھنے کا انداز، بات کرنے کا انداز)

السا اور زوبیا اپنی مہندی دھو کر آئیں دونوں کے ہاتھوں پر بہت پیارا رنگ آیا

تھا۔تب تک آستر نے معاویہ کے دونوں ہاتھوں میں بھی مہندی لگا دی تھی۔

اب تم اپنے ہاتھوں میں لگاؤنا۔۔(زوبیا نے آستر کو کہا)

www.novelsclubb.com

میں اس وقت بہت دھک گئی ہوں، میرے کمر میں شدید درد ہو رہا ہے، میں سونے

جا رہی ہوں۔۔(آستر کہہ کر اٹھی، اسے مہندی نہیں لگانی تھی اسی لیے اس نے ایسا

کہا)

ہاں ہاں ٹھیک گئی ہو تم جاو بیٹا آرام کرو۔۔(معاویہ پیار سے بولی تو وہ مسکرا کر

www.novelsclubb.com

کمرے میں چلی گئی)

ایک کام اور کرتے ہیں۔۔(زوبیا بولی)

کیا؟(السا نے پوچھا)

چوڑیاں۔۔۔میں بھائی سے بولتی ہوں وہ ہمیں چوڑیاں دلانے چلیں۔(چوڑیوں

کہ نام سے السا کو آریش کی دلائی ہوئی چوڑیاں یاد آئیں۔جو اس نے آتے ہی آستر

www.novelsclubb.com

کہ کمرے میں رکھ دیں تھی۔)

زوبیا احد کہ کمرے میں آئی جہاں وہ دونوں باتیں کر رہے تھے۔زوبیا اندر آئی اور

بولی)

بھائی ایک کام کر دیں۔۔(وہ معصوم کا چہرا بنا کر بولی)

کیا؟(احد اسے دیکھتے ہوئے بولا)

www.novelsclubb.com

ہمیں چوڑیاں پہنی ہیں۔۔

تو؟میں پہناو گا۔پہن لو خود کس نے روکا ہے۔۔(احد نے چڑ کر کہا)

آرے آپ دلایئں گے تو پہنں گے نا۔اب چلیں جلدی۔۔۔(زوبیا نے اسے چلینے

کو کہا)

یہ ہمیں میں کون کون شامل ہے؟(احد نے ابرواچکا کر پوچھا)

www.novelsclubb.com

میں،السااور موممانی جان۔۔۔

بس ؟(زوبیا نے آستر کا نام نہیں لیا تھا اس لیے وہ بولا)

نہیں ایک کام کرتی ہوں محلے کی لڑکیوں کو بھی بولا لاتی ہوں۔۔(زوبیا چڑ کر بولی تو

آریش جو کب سے خاموش تھا ہنس دیا تو احد نے زوبیا کو گھورا،اس سے پہلے زوبیا

کچھ بولتی حارث کی کال آگئی تو وہ نام دیکھ کر احد سے بولی)

www.novelsclubb.com

آپ نے نہیں جانانا، ٹھیک ہے ہم حارث کہ ساتھ چلے جاہیں گے۔۔۔(زوبیا کہہ

کر باہر آگئی، احد اور آریش بھی اس کہ پیچھے آئے۔

حارث اندر آیا تو احد اور آریش سے ملا اور پھر معاویہ سے۔ زوبیا نے اسے السا سے

بھی ملوایا۔ سب سے ملنے کہ بعد وہ لوگ بیٹھے تو حارث نے زوبیا سے کہا)

www.novelsclubb.com

بھابھی آستر نظر نہیں آرہیں۔۔(آستر کہ نام پر احد نے چونک کر حارث کو دیکھا جو

زوبیا کو ہی دیکھ رہا تھا)

آرے وہ سو رہی ہے۔۔(زوبیا نے بتایا)

www.novelsclubb.com

کیوں خیریت ؟طبیعت تو ٹھیک ہے ان کی ؟(حارث نے فکر مندی سے پوچھا تو احد

کا تو خون ہی کھول گیا کہ وہ اتنا کیوں آستر کہ بارے میں پوچھ رہا ہے اور یہ کب سے

جانتا ہے اسے)

ہاں ہاں طبیعت ٹھیک ہے وہ تھک گئی تھی ہم سب کہ ہاتھوں میں مہندی لگاتے

www.novelsclubb.com

لگاتے۔(زوبیا نے اسے وجہ بتائی)

حارث جوب کیسی جا رہی ہے؟(اس سے پہلے کہ وہ کچھ اور بولتا آستر کہ بارے میں

اور اس کا ضبط جواب دے جاتا احد نے بات کا رخ موڑ دیا)

جی بھائی بہت اچھی جا رہی ہے۔(وہ آفس کی ہی باتیں کرنے لگے)

حارث۔۔(زوبیا نے بس اتنا ہی بولا تھا کہ عبد الھادی رونے لگا۔ پھر اس نے

www.novelsclubb.com

چوڑیوں کہ لیے جانا ملتوی کر دیا اور حارث کہ ساتھ گھر چلی گئی)

آپ کہ یہاں روکنے کہ ارادے ہیں۔گھر نہیں جانا؟(آریش السا سے بولا)

آپکو کیا مسلہ ہے کبھی بھی جاوں۔(وہ کہہ کر السا کہ روم میں چلی گئی)

اس کا تو کچھ کرنا پڑے گا۔۔۔(آریش منہ میں بڑبڑایا)

صیح کہا ہے اس نے تجھے کیوں فکر ہو رہی ہے اس کہ جانے کی میں خوئد چھوڑ دوں

www.novelsclubb.com

گا۔۔۔(احد اپنی ہنسی دباتا ہوا بولا)

تو میرے ساتھ ہے یا اس کہ ؟ (آریش نے احد سے پوچھا)

دونوں کہ ۔۔ (احد اس کہ گرد ہاتھ رکھا)

ایک بتا ( جیسے آریش ہٹاتے ہوئے بولا احد کچھ اور کہتا کہ نا عیل آ گیا تو وہ دونوں

چپ ہو گئے )

www.novelsclubb.com

---------------------------------------------

رات کو کھانے کہ بعد السا نے آستر کو جانے کا کہا۔۔وہ سب لاونج میں ہی بیٹھے

تھے۔آریش بھی وہیں تھا،السا کہ کہنے پر احد بولا)

چلو میں چھوڑ کر آتا ہو۔۔(احد کہتا ہوا کھڑا ہوا) تو بھی چل رہا ہے؟(احد نے آریش

سے پوچھا)

www.novelsclubb.com

نیکی اور پوچھ پوچھ۔۔(آریش نے کہہ کر اسے آنکھ ماری، احد اس کا مطلب سمجھتے

ہوئے آستر سے بولا)

آستر آپ بھی چلیں السا اکیلی جائے گی ہمارے ساتھ۔۔۔(احد کی بات پر کہ السا

اکیلے جائے گی پر اس نے ہاں میں سر ہلایا اور اندر جا کر عبایا پہن کر باہر آئی تو وہ

www.novelsclubb.com

شاروں گاڑی میں بیٹھے گئے۔آستر اور السا پیچھے تھیں جبکہ احد اور آریش آگے،

السا کہ گھر کہ باہر گاڑی روکی تو السا آستر کہ گلے لگی، احد کو اللہ حافظ کہہ کر جا رہی

تھی کہ آریش بولا) میں بھی ہوں شاید یہاں۔۔(اسے السا کہ اگنور کرنا اچھا نہیں

لگا)

احد بھائی کچھ کہا آپ نے؟(السا نے احد سے پوچھا)

www.novelsclubb.com

نہیں تو۔۔(احد اپنی ہنسی کنٹرول کرتے ہوئے بولا)

اچھا چلیں اللہ حافظ۔۔(وہ کہہ کر اتر گئی تو احد کا قہقہ گاڑی میں گونجا، آستر بھی

مسکرا دی۔)

تم دونوں کو دیکھ لوں گا میں۔۔(آریش چڑ کر بولا)

میں دادی سے ملوں ؟(آستر نے احد کو دیکھتے ہوئے کہا تو احد نے میر رسے اسے

دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہی تھی۔ پھر بولا)

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ضرور۔۔۔(احد کہ کہنے پر وہ گاڑی سے اتری اور اندر چلی گئی)

میں بھی مل کر آتا ہوں۔(احد کہہ کر اترا)

میں بھی آرہا ہوں۔۔(آریش بھی اس کہ پیچھے نکلا)

تھوڑی دیر بعد وہ لوگ نکلے تو آسترا اپنے گھر کو دیکھنے لگی جہاں وہ رہتی تھی اپنے بابا

www.novelsclubb.com

کہ ساتھ۔احد نے اسے دیکھا تو سمجھ گیا کہ وہ پھر سے دکھی ہو گئی ہے)

چلیں۔۔(احد نے آستر سے کہا تو وہ گاڑی میں بیٹھی اور احد نے گاڑی آگے بڑھا

دی۔ پورے راستے وہ کھڑکی سے باہر دیکھتی رہی اور اپنے آنسو ضبط کرتی رہی، احد

بار بار اسے میر رسے دیکھ رہا تھا۔ آریش کو اس کہ گھر چھوڑا۔ اب گاڑی میں وہ

دونوں ہی تھے۔)

www.novelsclubb.com

آستر آپ پھر اداس ہو رہی ہیں۔(احد نے پیچھے مڑ کر اس سے کہا)

یہ اداسی تو اب عمر بھر کہ لیے ہے۔(آسترنے ابھی بھی احد کی طرف نہیں دیکھا

تھا)

بلکل بھی نہیں۔۔۔بہت غلط سوچ رہی ہیں آپ۔جانے والوں کہ ساتھ بندہ خود کو

برباد نہیں کرلیتا۔۔۔(احد نے سمجھایا)

www.novelsclubb.com

مجھے بابا کہ پاس لے چلیں پلیز۔۔(آسترنے احد کو دیکھتے ہوئے کہا)

ابھی؟ ابھی تو بلکل بھی نہیں۔۔(احد نے صاف انکار کیا)

پلیز مجھے ابھی جانا ہے بابا کہ پاس۔۔(وہ ضد کرنے لگی)

ٹھیک ہے لے جاوں گا مگر میری ایک شرط ہیں۔(احد نے اسے دیکھتے ہوئے کہا)

کیا؟(آستر جلدی سے بولی کیونکہ اسے ابھی اپنے بابا کہ پاس جانا تھا)

www.novelsclubb.com

مجھ سے دوستی کریں گیں ؟(احد نے اس سے پوچھا تو آستر نے حیرت سے اسے

دیکھا پھر بولی)

میں دوستی نہیں کرتی۔۔

کیوں ؟(احد نا سمجھی سے بولا)

www.novelsclubb.com

کیونکہ اسے نبھانا بہت مشکل ہوتا ہے۔(آستر نے سامنے دیکھتے ہوئے سنجید گی سے

کہا)

آپ بس دوستی کریں نبھا میں لوں گا۔۔(آستر نے اسے دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا

تھا)

www.novelsclubb.com

نہیں۔۔میں نہیں کروں گی۔۔۔آپکو نہیں لے کہ جانا تو نا لے جاہیں میں بابا سے

کہہ دوں گی یا آریش سے۔۔(آستر نے کہا)

ٹھیک پھر انہی کہ ساتھ جایئے گا۔۔(احد نے کہہ کر گاڑی اسٹارٹ کی)

www.novelsclubb.com

آخر مسلہ کیا ہے کیوں نہیں لے کر جا رہے ہیں مجھے۔؟ کیا ڈر لگ رہا ہے چڑیلوں

سے ؟(اب کہ آستر نے چڑ کر بولا اور ساتھ ہی جو سوال کیا تو احد نے اسے دیکھا اور

بولا)

میں چڑیلوں سے کیسے ڈر سکتا ہوں میں تو انھیں دوستی کی پیشکش دیتا ہوں۔۔(احد

www.novelsclubb.com

چڑ کر بولا پہلے تو آستر کو سمجھ نہیں آیا اور جب سمجھ آیا تو بولی)

تم مجھے چڑیل بول رہے ہو؟ اپنی شکل دیکھی ہے کبھی آئینے میں بلکل ڈریکولا سے

ملتی ہے۔ تمہاری یہ آنکھیں جب غصے میں لال ہوتی ہیں تو پورے ڈایناسور لگتے ہو

منہ سے آگ نکالتے ہوئے۔۔۔(اس کی اچھی طرح طبیعت صاف کرنے کہ بعد وہ

بول کر پوری کھڑکی کی طرف مڑ کر بیٹھ گئی اور باہر دیکھنے لگی) بڑا آیا مجھے چڑیل

www.novelsclubb.com

بولنے والا (وہ منہ میں بڑبڑائی)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

آج کافی دنوں کہ بعد وہ اپنی ٹون میں واپس آئی تھی احد کو یہ دیکھ کر خوشی

ہوئی۔۔اور وہ رونا بھی بھول گئی تھی)

اپنے بارے میں کیا خیال ہیں آپکے ؟(اب احد بولا) ہمم مجھے ڈاینا سور سے ملا رہی

ہیں اور خود چڑیلوں کی طرح مجھ سے لڑ رہی ہیں۔۔اور کیا کہا میں منہ سے آگ نکلتا

www.novelsclubb.com

ہو۔۔تو آپ کہ منہ سے تو پھول جھڑتے ہیں ہے نا؟(وہ بھی کہا پیچھے رہنے والا تھا)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اب تم نے مجھے ایک دفعہ اور چڑیل بولا نا تو میں واقع تمہارا منہ نوچ لوں

گی۔۔(آستر نے باقائدہ اس کی طرف اپنا ہاتھ بڑھا کر اسے ڈرانا چاہا)

دیکھا ایسے ہی نہیں بول رہا میں حرکتیں ہی ہیں آپ کی ایسی، یہ تو میرا ظرف ہے کہ

آپکو برداشت کر رہا ہوں۔اپنے گھر میں رکھا ہوا ہے۔ورنہ کیا کرتیں کہاں جاتیں

آپ؟ میرا احسان ماننا چاہیے آپکو اور آپ میرا منہ نوچنے کا کہہ رہی ہیں۔اگر اس

رات میں نہیں آتا تو کیا کرتیں آپ؟ کیسی کو منہ دیکھانے کہ قابل بھی نہیں


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

رہتیں۔(وہ بولتے بولتے کب ٹیک پر سے اتر گیا اسے پتا ہی نہیں چلا، اس کہ منہ

میں جو آیا وہ بول گیا بس، اس کا مقصد آستر کو دکھی کرنا نہیں تھا وہ اس کا دھان بٹانا

چاہتا تھا۔۔اسے احساس بھی نہیں ہوا کہ اس کہ الفاظ نے آستر کو کتنا دکھ پہچایا

ہے۔اور جب اسے احساس ہوا کہ وہ کیا کہہ گیا ہے تو اس نے آستر کو دیکھا

www.novelsclubb.com

۔۔وہ سن ہو گئی آج احد نے اسے جو آئینہ دیکھایا وہ بہت ہی بھیانک تھا۔اس چہرا

بلکل پیلا پڑ گیا تھا جیسے اس نے سارا خون اس کا نچوڑ لیا ہو۔۔۔)

آستر ایم سو۔۔(اسے اپنے آپ پر بہت غصہ آرہا تھا۔۔وہ پورا جملہ بولتا کہ وہ بولی)

گاڑی رکو۔۔۔

آستر مجھے اندازہ۔۔(وہ اسے سمجھانا چاہتا تھا مگر اس سے زیادہ نہیں سن سکتی تھی)

میں نے کہا گاڑی روکو۔۔(وہ غصے سے چیخی تو احد نے گاڑی روک دی۔آستر فورا

www.novelsclubb.com

گاڑی سے باہر نکلی،احد بھی اس کہ پیچھے نکلا)

آستر میری بات سنیں، ایم سوری میں نے جو کچھ بھی کہا میں اس کہ لیے۔۔(وہ تیز

تیز چلتی جارہی تھی اور احد اس کہ ساتھ ساتھ چل رہا تھا۔)

تم نے کچھ غلط نہیں کہا بلکل صیح تو کو کہا۔(آستر رو کی اور اس کو دیکھتے ہوئے بولی

اس کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔جیسے اس نے بے دردی سے صاف کیا) یہ ہی

www.novelsclubb.com

ہے میری اوقات ہے۔۔

نہیں نہیں آستر۔۔ایسا نہیں بولیں پلیز میں۔۔۔(احد سے اس یہ حالت نہیں

دیکھی جا رہی تھی، جس کی وہ اس قدر محبت کرنے لگا تھا اسے کیسے اس حالت میں

دیکھتا) میں ایسا سوچ بھی نہیں سکتا میں تو آپ سے۔۔۔(وہ جو اپنے دل کی بات

کہنے والا تھا۔۔ کہ آستر نے اسے بیچ میں ہی روک دیا)

www.novelsclubb.com

بس ایک لفظ اور نہیں بہت سن لیا۔۔ بہت برداشت کر لیا تم نے مجھے مگر اب نہیں

کرنا پڑے گا۔اب یہ مصیبت تمہارے سر سے ہٹ جائے گی۔۔ تم جاوا پنے گھر

میں نہیں جاوں گی۔۔(وہ کہہ کر آگے بڑھی)

انفف(اس نے آستر کا ہاتھ پکڑ کر کھینچا)جو کہنا ہے مجھے گھر چل کر کہنیں میں سب

www.novelsclubb.com

سن لوں گا مار بھی لے نا۔۔ مگر یہ مت کہنا کہ آپ گھر نہیں جاہیں گی۔۔(اس کی

آنکھوں ایک تڑپ تھی،اس کہ جانے کا سن کر)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تم ہوتے کون ہو مجھے رکونے والے۔۔(آستر نے اپنا ہاتھ جھڑواتے ہوئے کہاوہ

لوگ جہاں کھڑے تھے وہ جہاں سنسان تھی وہاں کوئی بھی نہیں تھا،وہ کہہ کر

آگے بڑھ گئی احد نے غص ےئے سے اپنی مٹھیاں بند کیں اور آگے بڑھا)

تمہیں ایک دفعہ بات سمجھ کیوں نہیں آتی ہے گاڑی میں بیٹھو۔۔(اب کی بار احد

www.novelsclubb.com

نے غصے میں کہا اسے آستر اس طرح باہر تماشہ لگانا برا لگ رہا تھا)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہاں نہیں آتی سمجھ، نہیں آتی سمجھ مجھے چھوڑ دو میرا پیچھا ابھی جو کہا اس سے دل نہیں

بھرا جو اور کچھ کہنے کہ لیے لے کر جا رہے ہو۔۔۔(آستر کی آنکھیں غصے سے لال

ہو رہی تھیں۔وہ اپنا ہاتھ چھڑوانے کی کوشش میں لگی ہوئی تھی مگر احد کی گرفت

بہت سخت تھی اتنی کہ آستر کو اس کی انگلیاں گوشت میں پیوست ہوتی لگی۔احد

www.novelsclubb.com

اسے کھینچتا ہوا گاڑی تک لایا اور دروازہ کھول کر اندر بیٹھایا)

کیا زبردستی ہے یہ۔۔مجھے جانے دو جنگلی انسان۔۔(آستر کا غصے سے برا حال تھا کہ

احد کا ہشر نشر کر دے)

تم میں ابھی میرا جنگلی پنا دیکھا نہیں ہے۔۔(احد نے وارن کیا اور گاڑی اسٹارٹ کی

۔۔۔وہ دونوں گھر پہنچے تو آستر اپنے کمرے میں چلی گئی سیدھی اور احد اپنا غصہ

www.novelsclubb.com

نکالنے جم میں چلا گیا،اسے اپنے آپ پر غصہ تھا۔)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کیا ضرورت تھی اتنا بولنے کی۔۔ کیوں بول گیا میں۔۔اس کا غصہ ہونا جائز

ہے۔(وہ خود سے باتیں کر رہا تھا اور پیچنگ بیگ کی شامت آئی ہوئی تھی وہ جب بھی

غصے میں ہوتا شامت بیچارے پیچنگ بیگ کی ہوتی۔۔۔)

---

www.novelsclubb.com

صبح سب ناشتے کی ٹیبل پر تھے۔احد آستر سے معافی مانگنا چاہتا تھا مگر آستر ناعیل کہ

ساتھ آفس نکل گئی)

ناعیل کسی کیس کی فائل دیکھ رہا تھا جب آستر اس کہ پاس آئی۔۔

بابا مجھے کچھ کام سے باہر جانا ہے میں جاوں؟(آستر نے پوچھا تو اس نے اجازت

دے دی،کافی دیر بعد جب وہ واپس آئی تو ناعیل نے اس سے پوچھا)

www.novelsclubb.com

آستر بیٹا کہا تھیں آپ اتنی دیر سے ؟

بابا میں نے ایک فلیٹ دیکھا ہے آفس کہ بہت قریب ہے۔

مگر کیوں ؟

میں وہاں شفٹ ہونا چاہتی ہوں۔۔

www.novelsclubb.com

پھر وہی بات۔۔۔۔میں نے ایک دفعہ جب کہہ دیا تو پھر دوبارہ کیوں اس بات کا

ذکر۔۔(نائیل نے اب کی تھوڑی سختی سے کہا۔۔ مگر آستر کی ایک گھنٹے کی محنت کہ

بات وہ مان گیا۔۔)

بابا آپ فکر کیوں کر رہے ہیں میں سارا دن تو آپ کہ ساتھ ہوتی ہوں اور گھر بھی

www.novelsclubb.com

آتی رہوں گی آنٹی سے ملنے۔۔آپ اپسیٹ نا ہوں (آستر نے اسے احد اور اس کہ

بیچ جو بھی اس کہ بارے میں نہیں بتایا)۔بابا میں آج ہی شفٹ ہونا چاہتی ہوں۔

آستر کس بات کی جلدی ہے بیٹا، مجھے سچ سچ بتاو کچھ ہوا کیا؟ (نا عیل کو کچھ گڑ بڑ لگی)

نہیں بابا جب جانا ہی ٹھیرا تو آج کیا اور کل کیا۔۔ (آستر بولی۔۔ نا عیل اس کہ ساتھ

گیا فلیٹ دیکھا اور جب پوری تصلی کر لی پھر ہامی بھری اس نے۔۔

www.novelsclubb.com

آستر گھر گئی وہاں سے اپنا بیگ لیا اور معاویہ کو بتایا تو پہلے تو بہت ناراض ہوئی) آنٹی

میں روز آپ سے ملنے آوں گی پرومس اب اپنی دعاوں کہ ساتھ مجھے اجازت

دیں۔(آستر معاویہ کہ گلے لگ گئی معاویہ نے اسے بہت ساری دعاہیں دیں)

---------------------------------------

www.novelsclubb.com

آج سارا دن وہ آفس میں اپسیٹ رہا۔ رات گھر آیا تو سیدھا کمرے میں گیا، کھانے پر

معاویہ نے اسے بلایا تو نیچے آیا مگر وہاں آستر نہیں تھی۔

آستر کہاں ہیں؟ وہ کھانا نہیں کھاہیں گیں؟ (احد نے معاویہ سے پوچھا)

وہ چلی گئی ہے۔۔ (احد کا منہ میں جاتا نوالا وہیں رک گیا معاویہ کی بات پر، اس نے

www.novelsclubb.com

بے یقینی سے معاویہ کو پھر نا عیل کو دیکھا)

چلی گئی کہا؟ کیوں؟ آپ لوگوں نے انھیں رکا کیوں نہیں؟ (احد نے سمجھ نہیں آ رہا

تھا)

احد ریلکس۔ میں نے اسے پرمیشن دی ہے۔ (نا عیل نے اسے غصے میں دیکھ کر کہا)

کیوں؟ (احد نے پوچھا) کہا گئی ہے وہ؟ (احد نے نا عیل سے پوچھا)

www.novelsclubb.com

احد۔۔ (نا عیل نے اسے سمجھانا چاہا)

چاچو مجھے بتاہیں وہ کہاں ہے اس وقت ؟ کیا وہ اپنے پرانے گھر گئی ؟ (احد نے

بے چینی سے پوچھا)

نہیں

پھر ؟ (احد کہ پوچھنے پر ناعیل نے اسے اڈریس بتادیا وہ فوراً اٹھا اپنے کمرے سے

گاڑی کی چابیاں لیں اور باہر نکل گیا)

www.novelsclubb.com

ناعیل روکو اسے۔۔کچھ الٹا سیدھا نا بول دے یہ آستر کو۔۔۔(معاویہ نے

فکر مندی سے ناعیل کو کہا)

اسی کی وجہ سے گئی ہے وہ جبھی اتنا بے چین ہے یہ،انھیں لگتا ہے یہ کچھ نہیں بتاہیں

گے تو مجھے پتا نہیں لگے گا۔۔جب یہ دونوں رات کو آئے تھے اس وقت میں نے

www.novelsclubb.com

دیکھا تھا آستر کس قدر غصے میں تھی اور یہ صاحب زادے ساری رات جم میں تھا اپنا

غصہ نکال رہا تھا۔(ناعیل نے معاویہ کو بتایا)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کیا؟(معاویہ بے یقینی سے بولی)

میں یہ تو نہیں جانتا بات کیا ہے مگر آستر احد کی وجہ سے ہی گئی ہے۔۔(نا عیل کہہ

کر کمرے میں چلا گیا)

--------------------------------------------

www.novelsclubb.com

آستر صفائی ہی کر کہ فارغ ہوئی تھی گھر کی جب ڈور بیل بجی۔

بابا آئے ہونگے۔۔(آستر سمجھی نائیل اور معاویہ ہونگے کیونکہ سب وہ ہی تو جنتا تھا

اس کا پتا۔آستر نے گیٹ کھولا تو سامنے احد کھڑا تھا جو اسے گھور رہا تھا۔اس کی

آنکھوں میں غصہ صاف آستر دیکھ سکتی تھی۔)

تم یہاں کیا کر رہے ہو ؟(آستر نے اس کہ غصے کو نظر انداز کرتے ہوئے کہا مگر وہ

www.novelsclubb.com

کچھ نہیں بولا صرف استر کو گھورتا رہا)

اب بولو بھی۔۔(آستر کو اس کہ دیکھنے سے چڑ ہو رہی تھی۔)

احد اس کہ قریب آیا تو آستر پیچھے ہوئی تو وہ اندر آگیا اور گھر دیکھنے لگا۔وہ ایک

کمرے کا فلیٹ تھا۔جہاں کچھ بھی نہیں تھا۔

تو یہاں رہنا ہے تمہیں ؟(احد نے گھر کو دیکھتے ہوئے کہا۔)

www.novelsclubb.com

آپ سے سیدھا تم۔۔(آستر نے دل میں سوچا) بد تمیز۔۔

احد اس کی طرف آیا تو آستر اسے ہی دیکھ رہی تھی۔) یہ سب تم نے میری وجہ سے

کیا ہے نا۔ (وہ بولتا ہوا اس کی طرف آیا تو آستر پیچھے ہوئی، مگر وہ رو کا نہیں یہاں تک

کہ آستر دیوار سے لگ گئی۔) میں نے جو کچھ تم سے کہا کل مجھے معاف کر دو مگر پلیز

گھر چلو۔۔ (احد کی آنکھوں میں ایک التیجا تھی) تم جو سزا دینا چاہو مجھے دے دو مگر

www.novelsclubb.com

پلیز مجھے چھوڑ کر مت جاو آستر (آستر نے حیرت سے اسے دیکھا یہ کیا کہہ رہا تھا وہ)

تمہارا دماغ تو ٹھیک ہے یہ کیا کہہ رہے ہو۔۔(آستر نے اسے غصے سے دیکھا اور دور

جانے لگی تبھی اس نے دیوار پر اپنے ہاتھ رکھ کر سارے راستے روک دیے)

ابھی میری بات مکمل نہیں ہوئی ہے۔۔۔(احد کہہ کر تھوڑا اور آگے آیا تو آستر کی تو

سانسیں روک گئیں)

www.novelsclubb.com

مجھے تمہاری کوئی بات سمجھ نہیں آرہی ہے تم جاو یہاں سے۔۔(وہ احد کی آنکھوں

میں دیکھ کر بولی جبکہ یہ بہت مشکل کام تھا)

تم مجھ سے جیتنا دل چاہے لڑھ لو۔مجھے برا بھلا کہہ لو مگر پلیز میرے ساتھ

چلو۔۔(احد ملیک کیسی لڑکی سے اس طرح التیجا کرے گا یہ تو اس کبھی سوچا بھی

نہیں تھا)

www.novelsclubb.com

احد کیوں کر رہے ہو ایسا؟ (آستر کو سمجھ تو آ گیا تھا مگر پھر بھی جاننا چاہتی تھی)

کیونکہ میں تم سے محبت کرتا ہوں۔۔۔ میں اپنی زندگی کا ہر پل تمہارے ساتھ

گزارنا چاہتا ہوں۔ تمہارے بغیر میں نہیں رہ سکتا آستر۔۔ (احد نے اپنی پیشانی اس

کی پیشانی سے لگا دی، آستر کا دل اتنی زور سے دھڑک رہا تھا جیسے ابھی باہر آ جائے گا

www.novelsclubb.com

)جب تمہیں سوچتا ہوں تو تمہارا احساس خوشبو کی طرح مجھے مہکا جاتا ہے، تمہیں

جب سے چاہا ہے مجھے زندگی حسین لگنے لگی ہے۔ آنکھیں بند کرتا ہوں تو تمہارا



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

عکس نظر آتا ہے۔آنکھیں کھولتا ہوں تب بھی تم ہوتی ہو۔۔(وہ اپنی محبت کا اظہار

کر رہا تھا،اس کی گرم سانسیں آسترا اپنے چہرے پر محسوس کر رہی تھی) تمہارا خیال

میرے چہرے پر مسکراہٹ بکھیر دیتا ہے۔جب ٹیرس پر کھڑا ہوتا ہوں اور ٹھنڈی

ہوا کا جھونکا مجھ سے ٹکراتا ہے تو تمہارا احساس چھو جاتا ہے۔۔جب تمہاری آنکھوں

میں آنسو دیکھتا ہوں تو میرا دل بھیگ جاتا ہے۔تم میرے جینے کی وجہ بن گئی ہو آستر

www.novelsclubb.com

میں نہیں رہ سکتا تمہارے بغیر۔۔۔۔(وہ چپ ہوا تو آستر نے آنکھیں کھولیں اور

بولی)

مگر میں تم سے محبت نہیں کرتی۔۔۔(آستر نے اسے دیکھتے ہوئے اس کی نیلی

آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا)

www.novelsclubb.com

میں جانتا ہوں۔۔ مگر میں سکھا دوں گا۔۔(وہ معصوم بچے کی طرح بولا)

محبت سکھائی نہیں جاتی وہ تو ہو جاتی ہے اور مجھے تم سے محبت کبھی نہیں

ہو گی۔۔(آستر نے اس کہ دل کو کرچی کرنے میں کوئی کثر نہیں چھوڑی۔۔احد کو

اس کی بات پر دکھ ہوا پھر بولا)

تمہیں یہاں رہنے کا شوق ہے تو اپنا یہ شوق پورا کر لو مگر اپنے دماغ میں ایک بات

www.novelsclubb.com

بیٹھا لو آنا تمہیں میرے پاس ہی ہے۔ تمہیں مجھ سے نفرت کرنی ہے جی بھر کر

کرو۔۔۔میں دیکھتا ہو کب تک کرو گی۔۔(احد کہہ کر دور ہوا اور اسے دیکھنے لگا پھر

وہاں سے چلا گیا)

آستر وہیں زمین پر بیٹھ کر رونے لگی وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔احد کا کہا گیا ایک

ایک لفظ اس کہ کانوں میں گونج رہا تھا)

www.novelsclubb.com

---------------------------------------------

ـ

اسے لے کر جاؤ اور جو کہا ہے وہ کرو۔۔ (احد غصے سے دھاڑا۔۔ آج کافی دونوں

بعد وہ دوبارہ اپنی ٹون میں واپس آیا تھا۔۔ وہ پہلے والا احد بن گیا تھا۔۔۔ آریش

www.novelsclubb.com

آفس میں آیا تو وہ حافیاظ کو ہی ڈانٹ رہا تھا۔)

احد کیا ہوا ہے؟ سب ٹھیک ہے تو اتنا غص ئے میں کیوں ہے؟ (حفیظ کہ جانے کہ

بعد آریش نے اس سے پوچھا جو سگریٹ جلا رہا تھا)

تھوڑی سی ڈھیل کیا دے دی ہے میرے سر پر بیٹھ رہے ہیں یہ لوگ۔۔ (احد

سیگریٹ پیتے ہوئے بولا)

www.novelsclubb.com

رلیکس پانی پی۔۔ (آریش نے اسے پانی دیا تو اس نے منا کر دیا)

-------------------------------------

ہیلو۔۔

آستر مجھے تم سے ملنا ہے۔۔(آریش نے آستر سے کہا)

ہاں تو آفس آجاو۔۔

www.novelsclubb.com

نہیں آفس نہیں۔۔ تمہارے آفس کہ ساتھ ہی کیفے ہے وہاں آجاو۔۔(آریش

اسے فکر مند لگا)

ٹھیک ہے۔۔(آستر نے کہہ کر فون بند کر دیا)

---

www.novelsclubb.com

تھوڑی دیر میں وہ دونوں کیفے میں تھے۔

کیوں بلایا ہے؟(آستر نے اس سے پوچھا)

میں نے اپنے پیرینٹس کو السا کہ گھر بھیجا تھا رشتہ لے کر۔۔

ہاں السا نے مجھے بتایا تھا تو؟

تو اس نے یہ نہیں بتایا کہ اس نے منا کر دیا ہے۔۔

www.novelsclubb.com

کیا؟

آستر میں السا سے بہت محبت کرتا ہوں۔۔ نہیں رہ سکتا میں اس کہ بنا۔۔۔ پلیز اس

سے پوچھو اس نے کیوں منا کیا ہے۔ کیا وجہ ہے۔۔(آریش واقع پریشان تھا۔ اس

کہ کہنے پر اسے اپنے کان میں کہے گئے احد کہ جملے سنائی دئے۔ پھر سر جھٹک کر اس

نے السا کو کال کی اور اسپیکر ان کر دیا وہاں ایک دو لوگ ہی تھے)

www.novelsclubb.com

اسلام و علیکم آپی۔۔۔ کیسی ہیں۔(السا کی مسکراتی آواز اسپیکر پر سے سنائی دی آریش

تو اس کی آواز میں ہی کھو گیا)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

السایہ میں کیا سن رہی ہوں تم نے آریش کا پرو پوزل رجیکٹ کر دیا ہے۔(سلام کہ

جواب کہ بعد وہ بولی)

جی آپی۔۔

مگر کیوں ؟آریش اتنا اچھا تو ہے اور سب سے بڑی بات تم سے پیار کرتا ہے۔ پھر

www.novelsclubb.com

کیوں ؟(آستر کو واقع اس بے واقوفی کی امید نہیں تھی السا سے)

آپی آپکو تو پتا ہے نا مجھے اڈونچر کا کتنا شوق ہے۔مجھے ایسے سیدھی سیدھی شادی نہیں

کرنی۔(السا کی بات پر آستر نے اپنا سر پیٹ لیا اور آریش تو موبائل کو ایسے گھور رہا

تھا جیسے الساہو)نوول میں کیسے ہیرو اپنی محبت کا اظہار کرتا ہے۔اس کہ لیے ہر کیسی

سے لڑتا ہے۔یہاں تو ایسا کچھ بھی نہیں ہوا۔ان کہ گھر والے بھی مان گئے میرے

گھر والے بھی مان گئے جیسے میں کوئی بوجھ ہوں۔۔اس لیے میں تھوڑا تنگ کرنے

کہ لیے کہا)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تھوڑا تنگ۔ تمہارا دماغ ٹھیک ہے وہ کتنا پریشان ہو رہا ہے اس کا اندازہ ہے۔اور اگر

وہ کہیں اور شادی کر لے تو؟(آستر کو اب غصہ آگیا)

کر کے تو کر لے جو مجھے منا نہیں سکتا۔۔ مجھ سے وجہ نہیں پوچھ سکتا کہ کیوں منا کیا

تو اس کی نظر میں میری تو کوئی ویلو نہیں ہوئی۔مجھے نہیں کرنی اسے شخص سے

www.novelsclubb.com

شادی (السا بولی)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

السا میں گھر آکر تمہیں تھپڑ مارو گی۔۔۔

گندی گی آپی ہیں آپ۔۔(السا کہ کہنے پر آریش مسکرایا تو آستر نے اسے دیکھا)

یہ تو میں تمہیں بتاوں گی کہ میں کتنی گندی ہوں۔۔۔(آستر نے کہہ کر فون بند

کر دیا)

www.novelsclubb.com

بے وقوف ہے وہ تھوڑی سی۔ ناول کی دنیا میں رہتی ہے۔ بہت معصوم ہے

وہ۔۔ (آستر نے مسکراتے ہوئے کہا تو وہ بھی مسکرادیا اور تبھی احد اندر آیا اور

اندر آتے ہی اس کی نگاہ سامنے پڑی جہاں آستر مسکرا رہی تھی اور کوئی اور بھی تھا اس

کہ ساتھ وہ غصے سے ان کی ٹیبل کی طرف آیا اور جب اس نے آریش کو دیکھا تو

www.novelsclubb.com

رک گیا ورنہ تو وہ اس کا جبڑا توڑ دیتا اگر کوئی اور ہوتا۔)

احد تو یہاں کیا کر رہا ہے۔؟ (آریش نے احد سے سوال کیا)

میں بھی یہ ہی جانا چاہتا ہوں۔۔(احد نے کہا اریش سے مگر دیکھ وہ آستر کو رہا تھا اور

آستر ٹیبل کو گھور رہی تھی)

میں آستر سے ملنے آیا تھا اور تو۔۔۔(آریش نے بتایا)

میں بھی۔۔(احد کہ کہنے پر آستر نے اسے دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا)

www.novelsclubb.com

تو بیٹھ نا کھڑا کیوں ہے۔۔(آریش کہ کہنے پر وہ بیٹھ گیا اور جیسے ہی وہ بیٹھا آستر کھڑی

ہو گئی اور بولی)

میں چلتی ہو آفس میں کام ہے۔۔(وہ کہہ کر چلی گئی اور احد اسے دیکھتا رہا جب تک

وہ باہر نکل نہیں گئی)

www.novelsclubb.com

---

السا اپنے کمرے میں لیٹی ناول پڑھ رہی تھی جب اسے بالکنی میں کسی کہ کودنے کی

آواز آئی۔السا نے چونک ادھر دیکھا تو وہاں کوئی اور نہیں آریش تھا۔

آپ؟(السا نے حیرت سے اسے کہا)

ہاں میں۔۔۔(وہ اطمینان سے بولا)

www.novelsclubb.com

آپ یہاں کیوں آئے ہیں کسی نے دیکھ لیا تو؟(وہ فکر مندی سے بولی)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

پہلے مجھے یہ بتاو شادی سے منا کیوں کیا؟(آریش اس کہ قریب آیا)

میری مرضی (وہ اٹک اٹک کر بولی)

سنا ہے تمہیں اڈونچر بہت پسند ہیں۔۔(آریش کہ بولنے پر اس نے حیرت سے

دیکھا۔۔)

www.novelsclubb.com

تو کیا آپی نے آپ کو سب بتا دیا۔۔(وہ دکھ سے بولی)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ کیوں بتاہیں گی میں نے خود سب سن لیا۔(آریش نے کہا تو السا کا منہ کھولا رہ گیا

حیرت سے)

وہ السا کہ قریب آیا،اس کا ہاتھ پکڑا اور گھٹنوں پر بیٹھ کر بولا) میں نے کبھی نوول

نہیں پڑھے تو مجھے نہیں پتا کہ ہیرو کیسے پرپوز کرتے ہیں مگر مجھے یہ ہی صیح

www.novelsclubb.com

لگا۔۔۔(اس کہہ کر جیکٹ کہ اندر سے چوکلیٹس کا ڈبہ نکالا اور بولا)

کیا تم مجھ سے شادی کرو گی؟ میری زندگی کی ہمسفر بنو گی؟ (آریش کہ اس انداز پر وہ

رونے لگی تو آریش فوران کھڑا ہوا)

یار تم پھر رونا شروع ہو گیئں۔۔اچھا یہ لو چوکلیٹس کھاو۔۔(اس نے ایک چوکلیٹ

کھول کر اسے دی جیسے اس نے پکڑ لیا اور اپنے آنسو صاف کیے)

www.novelsclubb.com

کیا میں ہاں سمجھوں؟ کل ماما بابا آہیں گے گھر پر، تمہیں کوئی مسلہ تو نہیں ہے ؟(وہ

الساسے اجازت لے رہا تھا، السا کچھ نہیں بولی اس نے اپنی نظریں جھکا دیں شرم کہ

مارے، اسے شرماتا دیکھ وہ مسکرایا اور بولا)

مجھے میرا جواب مل گیا۔۔اب نکاح کہ بعد ہی ملیں گے انشاءاللہ۔۔(وہ کہہ کر

www.novelsclubb.com

چلا گیا اور السا کتنی دیر ایسے ہی کھڑی رہی، اسے یقین ہی نہیں آ رہا تھا کہ یہ کیا ہو رہا

ہے اس کہ ساتھ)

--------------------------------------

آستر نے اپنا سارا سامان السا کہ گھر سے یہاں شفٹ کر لیا تھا۔۔۔وہ نماز پڑھ کر

جائے نماز رکھ رہی تھی جب دروازے پر دستک ہوئی۔۔آستر نے دروازہ کھولا تو

سامنے احد کھڑا تھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔

www.novelsclubb.com

آستر ڈر گئی۔۔۔کل کا منظر اس کی آنکھوں کہ سامنے آگیا تو اس نے نظریں

جھکا دیں۔۔۔احد بس اسے دیکھ رہا تھا جو کالے رنگ کی قمیض شلوار پہنے اور کالا ہی

رنگ کا ڈوپٹہ نما کی طرح اڑھے اس کہ سامنے کھڑی تھی۔۔۔چہرے پر

معصومیت اور نور دونوں تھا۔۔احد مسکرایا اور بنا کچھ بولے وہاں سے چلا گیا۔۔

www.novelsclubb.com

آستر حیران کھڑی تھی کہ وہ یہاں آیا کیوں؟ اور آیا تو بنا کچھ کہے ہی چلا گیا؟۔۔وہ

آستر کو بے چین کر کہ چلا گیا۔

اب سے وہ روز آتا اسے دیکھتا اور بنا کچھ بولے چلا جاتا اور آستر کو بے چین

کر جاتا۔۔آستر نے سوچ لیا تھا اب کل آئے گا تو گیٹ ہی نہیں کھولے گی۔۔۔)

---------------------------------------

www.novelsclubb.com

ناعیل ایک کیس کی فائل دیکھ رہا تھا جب اس کہ موبائل پر گھر سے کال آئی جیسے

سن کر وہ فورا کھڑا ہو گیا گھبراتے ہوئے۔۔آستر اسے دیکھ کر اس کہ پاس آئی اور

بولی)

کیاہوابابا؟سب خیرت؟

www.novelsclubb.com

گھر سے کال تھی،،معاویہ بے ہوش ہو گئی ہے۔۔میں جارہاہوں۔

میں بھی چلتی ہوں۔۔۔(آستر اور نائیل دونوں گھر پہنچے)

معاویہ۔۔(نائیل بھاگتا ہوا اس کہ پاس آیا جو کہ لاونج میں ہی صوفے پر بے ہوش

پڑی تھی۔سیدہ بی بی اس کہ پاس تھیں)

کیا ہوا تھا انٹی کو؟(آستر نے سیدہ بی بی سے پوچھا)

www.novelsclubb.com

مجھے نہیں پتا میں تو کچن میں تھی اچانک چکر آئے اور گر گئیں۔۔

ڈاکٹر کو کال کی؟(نائیل نے پوچھا)

نہیں جی۔۔

آستر ڈاکٹر کو کال کرو میں معاویہ کو اندر لے کر جا رہا ہو۔۔(نائیل نے کہہ کر

معاویہ کو اٹھایا اور کمرے میں لے گیا)

www.novelsclubb.com

تھوڑی دیر میں ڈاکٹر بھی آگیا، آستر اور ناعیل بھی کمرے میں ہی تھے ڈاکٹر چیک

کر رہا تھا جب احد اچانک اندر آیا گھبرایا ہوا۔۔

ماما۔۔(احد معاویہ کہ پاس آیا تو ناعیل نے اسے روکنے کا اشارہ کیا تو وہ روک گیا)

کمزوری کی وجہ سے انھیں چکر آگئے ہونگے گھبرانے کی بات نہیں ہے کچھ دیر میں

ہوش میں آجاہیں گی۔ یہ کچھ ٹیسٹ میں نے لکھے ہیں وہ لازمی کرولیجیے گا۔۔

www.novelsclubb.com

جب انٹی ٹھیک ہیں تو ٹیسٹ کس بات کہ ؟ (آستر نے ڈاکٹر سے پوچھا)

نہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے یہ تو میں بس اپنے اطمینان کہ لیے کہہ رہا تھا۔۔

کیسا اطمینان ؟ (اب کی احد بولا) آپ صیح صیح بتاہیں کیا بات ہے ؟

(وہ دونوں ڈاکٹر کہ پیچھے پڑھ گئے)

www.novelsclubb.com

یہ تو ٹیسٹ کروانے کہ بعد ہی کچھ کہہ سکتا ہوں۔۔میں چلتا ہوں۔۔(وہ کہہ کر باہر

نکل گئے تو ناعیل نے احد کو ان کہ ساتھ جانے کو کہا)

ناعیل معاویہ کہ پاس بیٹھ گیا۔)معاویہ آنکھیں کھولو یار۔۔۔کیا ہو گیا تمہیں؟

آستر ان دونوں کو دیکھ رہی تھی جب احد اندر آیا اور معاویہ کہ دوسرے سائیڈ پر

www.novelsclubb.com

بیٹھ گیا۔معاویہ کا ایک ہاتھ ناعیل کہ ہاتھ میں تھا تو دوسرا احد کہ۔۔۔

ماما آنکھیں کھولیں پلیز۔۔میں نہیں رہ سکتا آپکے بغیر۔۔(احد معاویہ سے بولا، وہ

تینوں وہاں پریشان تھے اور اس کہ ہوش میں آنے کی دعا کر رہے تھے۔۔۔کی

تھوڑی دیر میں اسے ہوش آگیا۔ معاویہ نے آنکھیں کھول دیں، ناعیل نے اس کی

پیشانی پر اپنے لب رکھے اور بولا)

www.novelsclubb.com

اللہ کا شکر ہے کہ تمہیں ہوش آگیا۔ جان نکال دی تھی تم نے۔۔(ناعیل نے بات

پر وہ ہلکا سا مسکرائی)

ڈاکٹر نے کہا ہے آپکو کمزوری ہو گئی ہے آج سے آپکو کھانا میں اپنے ہاتھوں سے

کھلاوں گا۔۔آپ بلکل اپنا خیال نہیں رکھتی ہیں۔۔۔(احد بولا۔۔آستر بس

خاموش کھڑی تھی جب معاویہ بولی)

آستر بیٹا ایسے کیوں کھڑی ہو۔یہاں آو میرے پاس۔۔(معاویہ نے اسے بلایا، مگر

www.novelsclubb.com

وہ آتی کہا ایک ساہیڈ پر ناعیل تھا تو دوسری ساہیڈ پر احد۔پھر احد اٹھا اور بولا)

میں آتا ہوں۔۔(وہ کہہ کر کمرے سے چلا گیا تو آستر معاویہ کہ پاس آئی)

---

احد کمرے میں آیا۔ کپڑے نکالے اور واش روم چلا گیا، وضو کر کہ باہر آیا اور نماز

پڑھنے لگا۔ شکرانے کی۔۔وہ ناعیل اور معاویہ سے بہت محبت کرتا تھا۔ان کی

www.novelsclubb.com

تھوڑی سی بھی تکلیف اسے برداشت نہیں تھی۔

------------------------------------

میں ٹھیک ہوں اب آپ پریشان نہیں ہو۔۔۔(معاویہ نے نا عیل اور آستر سے کہا

(

دیکھ رہا ہے کتنی ٹھیک ہو۔۔(وہ جو بیڈ کروان سے ٹھیک لگائے بیٹھی تھی، نا عیل نے

اسے گھورتے ہوئے کہا)

www.novelsclubb.com

میں زرا کچن میں دیکھ لوں احد نے کھانا نہیں کھایا ہو گا اور تم نے بھی۔۔(معاویہ

اٹھتے ہوئے بولی)

معاویہیہیییہ (ناعیل سختی سے بولا) دماغ ٹھیک ہے نا۔ بیٹھو یہاں۔۔(ناعیل نے

اسے ڈانٹا تو معاویہ نے اسے گھورا اور بیٹھ گئ)

www.novelsclubb.com

انٹی آپ آرام کریں میں دیکھ لیتی ہو کھانا۔۔(آستر کہہ کر اٹھی)

نہیں وہ احد نے مجھ سے آج صبح بریانی کا کہا تھا میں وہی بنانے جا رہی تھی کہ

گر گئی۔۔(معاویہ نے کہا)

ہاں تو آج بریانی نہیں کھائے گا تو کچھ نہیں ہو گا۔۔(نا عیل نے معاویہ کو آنکھیں

دیکھا ہیں)

www.novelsclubb.com

میں بنا دیتی ہوں آپ پریشان نہیں ہو۔۔(آستر کہہ کر باہر نکل گئی)

کیا؟(معاویہ کہ گھرنے پر ناعیل بولا)

تم نے مجھے آستر کہ سامنے ڈانٹا۔۔۔(وہ ناعیل گھورتے ہوئے ایک ایک لفظ چبا

کر بولی)

مارتا بھی اگر بات نہیں مانتیں(ناعیل نے کہا)

www.novelsclubb.com

بہت برے ہو تم۔۔(معاویہ منہ بنا کر بولی اور منہ دوسری طرف کر لیا)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ناعیل نے اس کا چہرا اپنی طرف کیا اور بولا) تم سے بڑھ کر میرے لیے کوئی چیز اہم

نہیں ہے۔اپنا خیال رکھا کرو میرے لیے پلیز۔۔(ناعیل نے اس کی پیشانی پر اپنے

لب رکھے پھر اس کا سر اپنے سینے پر رکھا اور اس کہ گرد اپنے بازوں حاہل کر دیے)

__________________________________________

www.novelsclubb.com

آستر جب کچن میں آئی تو ساری چیزیں تیار تھیں اس لیے اسے زیادہ وقت نہیں لگا

بریانی بنانے میں۔

سیدہ بی بی سب کو بلالیں کھانے پر میں یہ جب تک لگادیتی ہوں۔۔۔(آستر نے کہا تو

وہ بولیں)

www.novelsclubb.com

بی بی جی بڑے صاحب اور بیگم صاحبہ تو اپنے کمرے میں ہی کھاہیں گے کیونکہ اب

صاحب انھیں ملنے بھی نہیں دیں گے اور چھوٹے صاحب کو میں نہیں بلا سکتی کیونکہ

ان کہ کمرے میں ملازم کو جانے کی اجازت میں نہیں ہے۔۔۔

کیوں؟(آستر نے پوچھا)

www.novelsclubb.com

پتانہیں جی۔۔ایک دفعہ مین چلی گئی تھی انھیں بلانے۔۔ چھوٹے صاحب اتنا غصہ

ہوئے کہ کیا بتاوں۔مجھے نوکری سے نکال رہے تھے وہ تو برے صاحب نے

منا کر دیا۔۔

بد تمیز انسان۔۔(آستر نے دل میں کہا)

www.novelsclubb.com

آستر نے معاویہ اور نائیل کہ لیے کھانا کمرے میں بھیجوا دیا۔اب مصیبت تھی اس

کی۔۔اسے کون بلائے گا۔۔پھر آستر بہت ہمت کر کہ اوپر گئی۔وہ پہلی مرتبہ یہاں

آئی تھی۔اس کہ نوک کرنا چاہا مگر دروازہ کھولا ہوا تھا۔آستر نے تھوڑا سا کھولا تو

سامنے احد جائے جماز پر بیٹھا دعا مانگ رہا تھا۔آستر کو اس کا سائیڈ سے ہی چہرا دیکھ رہا

تھا۔وہ اندر نہیں آئی۔پھر جانے کہ لیے جیسے ہی مڑی کہ احد کی آواز آئی)

www.novelsclubb.com

تم یہاں ؟(وہ حیرت سے بولا، اسے آستر کہ یہاں آنے کی توقع نہیں تھی )ماما ٹھیک

ہیں ؟(وہ ایک دم پریشان ہو گیا معاویہ کہ لیے )

انٹی ٹھیک ہیں (اسے پریشان دیکھ کر بولی )میں بس کھانے کا پوچھنے آئی تھی انٹی نے

کہا تھا اس لیے ۔۔

www.novelsclubb.com

تو پوچھو۔۔۔(احد نے اسے دیکھتے ہوئے کہا )

سیدہ بی بی سے کھانا بھیجوا رہی ہو کھالے نا۔۔(آستر کو اس دیکھنا زہر لگ رہا تھا۔وہ

احد کو گھورتے ہوئے بولی اور جانے لگی)

وہ لے کر آئیں گی تو میں نہیں کھاؤ گا۔۔(وہ ضدی بچے کی طرح بولا)

تو رہو بھوکے مجھے کیا۔۔(وہ کہہ کر چلی گئی)

www.novelsclubb.com

کھانا تو اب تم ہی لے کر اوگی مس آستر محمود۔۔(احد نے مسکرا کر کہا اور سر پر ہاتھ

پھیرا)

-----------------------------------

آستر نا عیل اور معاویہ کہ کمرے میں آئی دستک دی اور اندر آئی۔۔

www.novelsclubb.com

بابا اب میں اجازت چاہتی ہوں۔شام ہو جائے گی میں گھر جاوں ؟(آستر نے ناعیل

سے کہا)

آستر بیٹا کچھ دن میرے پاس رکھ جاو پلیز (معاویہ بولی)

انٹی آپ مجھے شرمندہ کر رہی ہیں۔آپ پلیز مت بولیں۔آپ حکم

www.novelsclubb.com

کریں۔۔(آستر معاویہ کہ پاس آئی اور اس کا ہاتھ پکڑ کر بولی)

تو پھر مت جاو۔۔(معاویہ نے کہا تو وہ نا چاہتے ہوئے بھی بولی)

ٹھیک ہے نہیں جاتی۔۔۔آپ نے دوا لے لی؟(آستر مان گئی وہ نا عیل اور معاویہ کو

ناراض نہیں کر سکتی تھی)

ہاں کھالی۔۔(معاویہ نے کہا اور احد اندر آیا۔۔۔)

www.novelsclubb.com

آپ آرام کریں۔۔(آستر کہہ کر اٹھی اور کمرے سے باہر چلی گئی)

معاویہ کھانا کھایا آپ نے ؟(احد نے پوچھا)

احد۔۔۔(نا عیل نے اسے گھورا، جب جب وہ معاویہ کا نام لیتا تھا۔۔ نا عیل اسے

اسے ہی گھورتا تھا)

چاچو پھر سے جیلس ہو گئے۔۔(احد نے معاویہ کہ کان میں کہا تو وہ ہنس دی)

www.novelsclubb.com

تمہیں تو میں ابھی بتاتا ہو۔۔(نا عیل کہہ کر اس کہ پاس ایا اس سے پہلے وہ کمرے

سے بھاگ گیا)

---------------------------------------

www.novelsclubb.com

آستر عشاء کی نماز پڑھ کر کچن میں آئی اور اپنے لیے کھانا گرم کر کہ وہیں ٹیبل پر بیٹھ

کر کھانے لگی۔احد کچن میں شیرو کو لیے آیا پانی پینے۔۔استر کو وہاں بیٹھا دیکھا بنا

اسے کچھ بولے فریج سے بوتل نکالی اور پانی پیا پھر شیرو سے بولا)

دنیا بہت ظالم ہے شیرو۔۔بہت ظالم لوگ یہاں بستے ہیں۔۔(وہ کہہ شیرو کو رہا تھا

مگر اصل میں وہ آستر کو سنا رہا تھا)۔اب مجھے ہی دیکھ لو بھوک سے جان نکل رہی ہے



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

مگر کیسسسی کو پرواہی نہیں ہے۔۔(اس نے کسی پر زور دیتے ہوئے آستر کو جتایا مگر

وہ بھی کھانے میں مگن رہی۔وہ کہہ کر چلا گیا تو آستر نے اپنا ہاتھ روکا اور سوچنے لگی)

واقع اسے بھوک تو لگی ہو گی میں نے دوپہر میں کھانے کا پوچھا تھا اس سے، یار کیا

مصیبت ہے یہ شخص۔(آستر اپنی نیچر سے مجبور تھی وہ نہیں کر سکتی تھی کیسی کو

دیکھی اور بھوکا تو وہ کیسی کو نہیں دیکھ سکتی تھی۔۔۔اس نے کھانا چھوڑا اور

اٹھی، بریانی گرم کی۔ پلیٹ بھر کہ نکالی ساتھ ہی رائیتہ رکھا اور ٹیرے لے کر احد

کہ کمرے کی طرف بڑھی۔۔

---

احد بیڈ پر لیٹا مووی دیکھ رہا تھا جب دروازے پر دستک ہوئی۔ احد نے دروازے کو

www.novelsclubb.com

دیکھا اور مسکرایا وہ سمجھ گیا تھا کہ کون ہو سکتا ہے۔ وہ اٹھا اور دروازہ کھولا تو وہ جان

دشمن سامنے ہی کھڑی تھی کھانے کی ٹیرے لیے۔۔احد سائیڈ پر ہوا اور اسے اندر

آنے کی جگہ دی۔ مگر وہ اندر نہیں آئی)

یہ پکڑو۔۔(آستر نے تیرے احد کی طرف بڑھائی)

اندر نہیں آو گی ؟(احد نے اس سے پوچھا)

www.novelsclubb.com

تم یہ پکڑ رہے ہو یا میں لے جاوں ؟ (آستر نے اس کا سوال نظر انداز کیا تو احد نے

ٹیرے لے لی یہ سوچ کر کہ کھینی لے ہی نا جائے بھوک بھی تو بہت لگ رہی تھی

اور اوپر سے آستر کہ ہاتھ کی بنی بریانی افففف، وہ فورا چلی گئی )

احد بیڈ پر بیٹھا اور بریانی کھانی شروع کی۔۔) کھانا تو کمال بناتی ہے۔۔۔(احد نے دل

www.novelsclubb.com

سے تعریف کی اور بریانی سے انصاف کرنے لگا)

---

آج زوبیا اور فیصل کی ویڈنگ انیورسری تھی اور رات ان کہ گھر فنکشن تھا۔ آستر کو

یہاں دو دن ہو گئے تھے۔ معاویہ نے اسے جانے ہی نہیں دیا تھا)

شام کی تیاری ہو گئی ہے آستر ؟ (معاویہ نے آستر سے پوچھا وہ تینوں لون میں بیٹھے

www.novelsclubb.com

تھے نائیل بھی وہیں تھا)

انٹی میں سوچ رہی تھی گھر چلی جاتی ہوں کپڑے وہیں ہیں میرے۔۔(آستر کہ

کہنے پر نائیل نے معاویہ کو دیکھا پھر آستر سے بولا)

آپ گھر نہیں جا رہیں ہیں آپ مارکٹ جا رہی ہیں اور اپنے لیے اچھا سا ڈریس لو میں

نہیں چاہتا میری بیٹی پرانے کپڑے پہنے۔۔(نائیل نے اس کہ سر پر ہاتھ رکھتے

www.novelsclubb.com

ہوئے کہا۔۔تب ہی احد بھی وہاں آ گیا اور معاویہ کہ پاس بیٹھ گیا)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

لکین بابا اس کی کیا ضرورت ہے۔میرے پاس پہلے ہی بہت کپڑے ہیں۔۔(آستر

نے منا کیا)

میں نے کہہ دیا نا بس۔۔ایک کام کرو احد کہ ساتھ جاو۔۔(پھر وہ احد کی طرف مڑا

اور بولا)احد آستر کو مارکٹ لے کر جاو اور اچھا سا ڈریس دلاو۔۔۔(ناعیل کہ کہنے

www.novelsclubb.com

پر احد کا دل کیا ناعیل کہ گلے لگ جائے)مگر صرف اتنا ہی بولا

جی بابا۔۔(مگر دل خوشی سے بھنگڑے ڈال رہا تھا)

گاڑی پہلے آستر کہ فلیٹ پر روکیں۔) ہم یہاں کیوں روکے ہیں ؟(اومیزہ نے

پوچھا)

میری بیٹی یہاں رہتی ہے۔۔(جواب نائیل نے دیا)

اوواچھا(وہ اتناہی بولی مگر دل سوچ رہی تھی کہ ان کاتوایک ہی بیٹاہے پھر یہ بیٹی

کہاں سے آگئی)

www.novelsclubb.com

آستر باہر آئی تو مگر کنفیوز ہو گئی کہ کس گاڑی میں بیٹھے اسے السا کہ ساتھ بیٹھنا تھا

مگر وہاں احد ڈرائیو کر رہا تھا تو اس نے نائیل اور معاویہ کہ ساتھ بیٹھنے کہ لیے آگے

بڑھی تو السا نے اسے پکڑا اور اپنے ساتھ گاڑی میں بیٹھا لیا۔۔۔

کیسی ہو آستر ؟(آریش نے پوچھا)

www.novelsclubb.com

اللہ کا شکر ہے اچھی ہوں۔۔(آستر نے اسے جواب دیا، احد نے میر ر میں اسے

دیکھا)

تم ٹھیک ہو؟(آستر نے السا سے پوچھا)

مجھے دیکھ کر کیا لگتا ہے آپکو؟(السا نے الٹا اس سے سوال کیا)

www.novelsclubb.com

ماشاءاللہ (آستر نے اتناہی کہا کیونکہ اس کی خوشی اس کہ چہرے سے ہی بیان ہو رہی

تھی۔ وہ آریش کہ ساتھ بہت خوش تھی)

تین گھنٹے کی ڈرایو کہ بعد وہ لوگ فارم ہاوس پہنچ گئے، فارم ہاوس بہت خوبصورت

تھا۔ ہر طرف ھریالی، وہ بہت بڑی جگہ تھی۔ وہ سب اترے اپنی اپنی گاڑیوں

www.novelsclubb.com

سے۔ موسم بہت خوبصورت ہو رہا تھا اس پر ہریالی، ایک سکون تھا وہاں پر،

پہلے سب فریش ہو جاو جب تک کھانا بھی تیار ہو جائے گا۔(نا عیل نے سب کو کہا

پھر احد کی طرف مڑا اور بولا) احد سب کو روم دیکھا دو۔۔

جی بابا۔۔(احد نے سر ہلایا اور اندر چلے گئے)

------------------------------------------------

------

www.novelsclubb.com

کچھ ہی دیر میں وہ لوگ کھانے پر جمع تھے۔ ہنسی مزاق، قہقہ لگ رہے تھے۔ کھانے

کہ بعد آریش نے کرکٹ کھلنے کا پروگرام بنایا۔۔

احد، آریش، اومیزہ، زوبیا اور معاویہ ایک ٹیم میں تھے، جب کہ

ناعیل، آستر، السا، فیصل اور حارث ایک ٹیم میں تھے۔

www.novelsclubb.com

آریش بہت زبردست کھیل رہا تھا۔وہ بیٹینگ کر رہا تھا جب السا کی بولنگ کی باری

آئی۔اب سب انھیں بہت غور سے دیکھ رہے تھے۔السا بھاگتی ہوئی آئی

اور اور اور اور اس نے بول ڈالی اور اور اور یہ یہ یہ آریش آوٹ۔یہیییییییییی السا

خوشی سے اچھل گئی اور احد نے آریش کہ ایک رک کر تھپڑ دیا کندھے پر۔۔۔

www.novelsclubb.com

بندے کو پیار میں اتنا بھی اندھا نہیں ہونا چاہیے کہ جان بوجھ کر آوٹ

ہو جائے۔۔(احد نے ایک ایک لفظ چبا کر بولا)

ابھی آسٹر کھیلے گی تب پوچھوگا میں تجھ سے۔۔(آریش نے احد کو آنکھ ماری)

اب باری تھی احد کی اور بولنگ ناعیل کروا رہا تھا۔ناعیل نے بول ڈالی اور یہ یہ احد

نے مارا چھکا۔۔۔بول ہوا سے باتیں کررہی تھی۔سب کی نظریں آسمان پر جاتی

بول کی طرف تھیں۔

www.novelsclubb.com

ناعیل نے دوسری بول کروائی اور یہ کیا دوسرا ابھی چھکا اس نے اڑا دیا۔۔

بہت خوب احد۔۔(معاویہ خوشی سے چیخی تو ناعیل نے اسے دیکھا اور نظروں ہی

نظروں میں بولا کہ تم بچو اب مجھ سے، مگر معاویہ نے کب اس کی باتوں کا اثر لیا تھا

جواب لیتی) خیر جیسے تیسے کر کہ ناعیل کا اور ختم ہوا۔

اب بولنگ آتر کروا رہی تھی۔جب حارث کی آواز آئی۔۔)کا مون آستر۔۔۔(وہ

www.novelsclubb.com

چیخا تو احد نے اسے دیکھا اور دانت پیچ لیے)

آستر نے بول ڈالی تو آریش پہلے ہی سمجھ گیا تھا کہ بیٹا اب تو احد اوٹ ہوا مگر یہ کیا

اور ایک اور چھکا اڑایا۔اور حارث کو دیکھا پھر آریش کو دیکھ کر انکھ ماری، سب اوپر

بول کو جاتا دیکھ رہے تھے، آستر نے اسے دیکھا تو احد اسے ہی دیکھ رہا تھا، آستر کہ

دیکھنے پر وہ مسکرایا اور آنکھوں کہ اشارے سے پوچھا ہار جاوں۔۔آستر نے نظریں

گھما لیں۔پھر دوسری بول ڈالی اور احد اوٹ ہو گیا۔سب بہت خوش تھے مگر آستر

جانتی تھی وہ جان بوجھ کر اوٹ ہوا ہے اس نے صرف احد کو گھور تھا۔)

---

دوسرے دن آستر عبدالھادی کو گود میں لیے بیٹھی تھی اور اس کہ برابر میں شیرو

بیٹھا تھا۔جب اس کی نظر سامنے کھڑے احد اور اومیزہ پر پڑی۔

احد جو کہ کال پر بات کررہا تھا، کہ اومیزہ اس کہ پاس آکر کھڑی ہوئی، احد مڑا تو وہ

www.novelsclubb.com

اس کہ پیچھے ہی تھی۔احد جانے لگا کہ اومیزہ بولی)

احد پلیز میری بات تو سن لو۔۔۔(احد نے اومیزہ کو دیکھا پھر اس کی نظر اومیزہ کہ

پیچھے کچھ دور بیٹھی آستر پر پڑی جو اسے ہی دیکھ رہی تھی،احد نے بولا)

کیا ہوا ہے۔(احد لہجا نورمل کرتے ہوئے کہا)

وہ میری لوکٹ کا لوک نہیں لگ رہا۔۔پلیز لگا دو۔۔(اس نے احد کہ سامنے لوکٹ

www.novelsclubb.com

کیا،احد نے پہلے لوکٹ کو دیکھا پھر اومیزہ کو)

دماغ ٹھیک ہے تمہارا۔۔(غصہ تو اسے بہت آرہا تھا، مگر آستر انھیں ہی دیکھ رہی

تھی تو احد نے جلانے کہ لیے چہرے پر غصہ نہیں آنے دیا۔ پھر اس نے لوکٹ لیا

اور او میزہ کو پہنا دیا اور لوک لگانے کہ لیے جب وہ اس کی طرف جھکا تو آستر نے اپنی

نظریں پھیر لیں احد نے اسے دیکھا تو اس کہ چہرے پر مسکراہٹ آگئی)

www.novelsclubb.com

---

نہیں مجھے نہیں جانا اس پر۔۔(السا نے آریش کو جواب دیا)

کیوں، جب میں ہو تمہارے ساتھ تو ڈر کس بات کا۔۔(آریش نے اسے ڈرتے

ہوئے دیکھا تو بولا)

مجھے گھوڑوں سے ڈر لگتا ہے میں کبھی نہیں بیٹھی اس پر۔۔۔

www.novelsclubb.com

ادھر آؤ ہاتھ دو اپنا۔ (آریش گھورے پر بیٹھا اور السا کا ہاتھ پکڑ کر اس کو اوپر

کھنچا، اریش السا کہ پیچھے بیٹھا تھا اور اس نے گھوڑا بھاگانا شروع کیا تو السا کی چیخیں نکل

گئیں)

آریش روکیں مجھے ڈر لگ رہا ہے،، آریش میں آپکو چھوڑوں گی نہیں۔۔۔۔ (وہ کہتی

www.novelsclubb.com

رہی مگر آریش نے ایک نہیں سنی اس کی)

السا آنکھیں کھولو یار میں ہوں تمہارے پاس۔۔(آریش نے اس سے کہا)

واقع بہت خوبصورت منظر تھا دونوں طرف پیڑ تھے ہرے بھرے اور وہ آریش

کہ ساتھ گھوڑے پر سوار تھی۔آہستہ آہستہ اس کا ڈر کم ہوتا گیا)

---------------------------------------------

www.novelsclubb.com

آستر بیٹا ہمیں کچھ بات کرنی ہے تم سے۔(ناعیل اور معاویہ نے آستر نے کہا)

جی بابا کہیں (وہ تینوں وہاں تھے بس)

بیٹا کچھ تمہیں حارث کیسا لگتا ہے ؟(معاویہ نے پوچھا)

جی ؟؟؟(آستر نے ناسمجھی سے کہا)

بیٹا کچھ دنوں پہلے حارث کا رشتہ آیا تھا تمہارے لیے۔(ناعیل نے کہا اور معاویہ

www.novelsclubb.com

شوکڈ تھی)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہم نے کوئی جواب نہیں دیا کیونکہ جب تک تم سے نہیں جا لیتے کہ تم کیا چاہتی ہو

کچھ نہیں کہیں گے۔۔۔(نا عیل نے اسے دیکھتے ہوئے کہا آستر کی سمجھ میں ہی

نہیں آیا کیا کہے)

حارث بہت اچھا بچہ ہے، ہم سب اسے بہت اچھے سے جانتے ہیں۔(معاویہ نے کہا

وہ چپ رہی کچھ نہیں بولی)

www.novelsclubb.com

میں تو چاہتی ہوں کہ تمہاری شادی حارث سے ہو جائے اور احد کی اومیزہ سے

۔۔۔(معاویہ دور کھڑے احد اور اومیزہ کو دیکھتے ہوئے بولی)

معاویہ کی بات پر آستر نے چونک کر اسے دیکھا، پھر اس کہ تعاقب میں دیکھا تو دور

احد اومیزہ کہ ساتھ کھڑا تھا۔

www.novelsclubb.com

بیٹا تم سوچ لو پھر آرام سے جواب دینا کوئی جلدی نہیں ہے۔۔۔(نائیل نے اس کہ

سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا)

ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ــ

www.novelsclubb.com

رات میں وہ سب لون میں بیٹھے تھے۔ ناعیل اور معاویہ وہاں نہیں تھے۔۔ چلیں

انتاکشری کھیلتے ہیں۔۔(زوبیا بولی)

ہاں ہاں مزا آئے گا۔۔۔(السا نے بھی ہامی بھری اور باقی سب بھی راضی ہو گئے)

یہ آستر کہاں ہے ؟(آریش نے السا سے پوچھا)

www.novelsclubb.com

وہ آپی نماز پڑھ رہی ہیں۔(آریش نے احد کو دیکھا تو احد نے اسے گھورا)

پہلے فیصل کی باری تھی۔۔۔۔۔۔۔۔کتنا سونا تینو رب نے بنایا۔۔۔۔۔۔

۔اس نے گانا گایا تو سب نے اووووووو کہا زوبیا کو دیکھتے ہوئے۔۔۔آستر بھی آگئی

تھی وہاں۔۔احد بلکل اس کہ سامنے تھا اور اومیزہ اس کہ برابر میں۔آستر نے ان

دونوں کو دیکھا پھر نظریں پھیر لیں۔۔

www.novelsclubb.com

آریش نے گانا شروع۔۔۔۔۔

تو ہی حقیقت خواب تو، دریا تو ہی پیاس تو، تو ہی دل کی بے قراری تو سکون۔۔تو

سکون۔۔تو ہمسفر تو ہمقدم تو ہمنوا میرا۔۔۔(السا نے اسے دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا

تھا۔السا سے اس کی انکھوں میں نہیں دیکھا گیا اس نے نظریں جھکا دیں۔۔ایک

ایک لفظ اس کہ دل کا حال بیان کر رہا تھا۔احد نے آستر کو دیکھا جو کہ السا کو دیکھ کر

مسکرا رہی تھی۔احد کی آنکھوں کی تپش جب اسے محسوس ہوئی تو اس نے دیکھا

تو وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔)

www.novelsclubb.com

حارث نے گانا شروع کیا تو سب نے اس کی طرف دیکھا۔۔۔

مسکرانے کی وجہ تم ہو۔۔۔گنگونانے کی وجہ تم ہو۔۔۔(احد نے حارث کو دیکھا جو

آستر کو دیکھ رہا تھا اور گا رہا تھا، آستر موبائل میں لگی ہوئی تھی اس لیے اس نے

حارث کو دیکھا نہیں تھا۔ مگر احد کی رگیں تن گئیں۔ وہ جیسے جیسے گا رہا تھا احد کا دل

www.novelsclubb.com

کر رہا تھا اسے گولی مار دے اس کا بار بار آستر کو دیکھنا اس سے برداشت نہیں ہو رہا

تھا۔ جیسے ہی اس نے گانا ختم کیا سب نے تالیاں بجاہیں، آستر نے بھی۔ سوائے احد

کہ ۔اس کا دل کر رہا تھا کہ ان تالیوں کہ بیچ حارث کا منہ ہو۔)

چل احداب تیری باری۔۔(آریش نے کہا)

میں نہیں گارہا۔(اس کا موڈ تو ویسے ہی خراب ہو گیا تھا)

www.novelsclubb.com

کیوں ؟ گانا یار تیرا گیٹار کہا ہے۔(آریش نے ملازم سے کہہ کر اس کا گیٹار منگوایا

اور اسے دیا)

تم گیٹار بھی بجاتے ہو۔۔واووو(اومیزہ نے خوشی سے کہا اس کہ کہنے پر احد نے

سامنے بیٹھی آستر کو دیکھا جو اسے نہیں دیکھ رہی تھی۔)

www.novelsclubb.com

بھائی گائے نا پلیز (السا اور زوبیا ایک ساتھ بولیں)

میری قسمت کہ ہر ایک پننے پے، میرے جیتے جی بعد مرنے کہ، میرے ہر ایک

پل ہر ایک لمحے میں تو لکھ دے میرا اسے۔(وہ احد کہ دل کی دعا تھی۔احد آنکھیں

بند کر کہ گا رہا تھا اور گیٹار بھی بجا رہا تھا، اور آستر کا وہاں بیٹھنا مشکل ہو گیا۔وہ اٹھی

اور اندر چلی گئی۔احد نے گانا ختم کیا اور آنکھیں کھولیں تو وہ سامنے نہیں تھی۔سب

سے تالیاں بجاہیں، آریش نے سیٹیاں بجاہیں، مگر ایک وہ نہیں تھی وہاں جو اس کہ

لیے تالیاں جباتی۔احد کو غصہ آگیا)

------------------------------------------

صبح فجر کی نماز پڑھ کر وہ باہر آئی تو احد لون میں نماز پڑھ رہا تھا۔ وہ سفید قمیض شلوار

میں بہت وجیہہ لگ رہا تھا، وہ اپنی نماز پڑھنے میں گم اور آستر اسے دیکھنے میں۔ احد

نے سلام پھیرا اور تسبیح پڑھنے لگا اس نے آستر کو نہیں دیکھا۔ آستر واپس اندر آ گئی۔

www.novelsclubb.com

ناشتے پر سب موجود تھے حارث آستر کہ سامنے ہی بیٹھا تھا۔جب حارث آستر سے

بولا)

آستر پلیز بریڈ دیجیے گا۔۔(آستر نے چپ چاپ اسے بریڈ دے دیئے جب کہ احد

نے آستر کو گھورا)

www.novelsclubb.com

آج شام تک ان لوگوں کو نکلنا تھا۔ان تین دنوں میں انھوں نے بہت مزے کیے

تھے،،بہت سی یادیں جمع کیں تھیں۔آسترا ابھی بھی شیر و کو پکڑے پل کہ پاس

کھڑی اپنی سوچوں میں مگن تھی جب کوئی اس کہ پاس آکر کھڑا ہوا۔اس نے

گردن گھوما کر دیکھا تو حارث اس کہ برابر میں کھڑا تھا۔

www.novelsclubb.com

آستر مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے۔(حارث نے اس سے کہا)

کیا؟(آستر نے صرف اتنا ہی کہا تو وہ مسکرایا یہ پھر بولا)

آپکا صرف یہ اتنا سا جواب دینا مجھے پاگل کر دے گا۔آستر میں نے اپنے گھر والوں کو

انکل انٹی کہ پاس بھیجا تھا آپکا رشتہ لینے کہ لیے،

جی مجھے پتا چلا۔۔(آستر بولی)

www.novelsclubb.com

تو پھر کیا جواب ہے آپ کا؟(حارث نے ڈرتے ہوئے پوچھا)

پتا نہیں۔۔۔جو بھی جواب ہو گا بابا بتا دیں گے آپ کو۔۔(آستر نے کہہ کر حارث

کی طرف دیکھا)

آستر پلیز ایسا کوئی جواب مت دیجیے گا جس سے میں جینا ہی بھول

جاوں۔۔(حارث نے التجائی نظروں سے ایسے دیکھا پھر چلا گیا)

www.novelsclubb.com

آستر نے سر جھٹکا اور اندر جانے لگی جب کسی نے اس کا ہاتھ پکڑا اور کھنچا، آستر کی چیخ

نکلی مگر احد نے اپنا مضبوط ہاتھ اس کہ منہ پر رکھ دیا۔ آستر اسے پھٹی پھٹی نگاہوں

سے دیکھ رہی تھی۔ وہ گھر کا پیچھلا حصہ تھا۔

احد اسے دیوار سے لگائے گھور رہا تھا۔ آستر نے اس کا ہاتھ ہٹنا چاہا تو احد نے اس کا

www.novelsclubb.com

دوسرا ہاتھ بھی اپنی پکڑ میں لے لیا پھر اس کہ قریب ہوا اور بولا)

تمہیں میں نے منا کیا تھا کہ تم مجھے اس کہ آس پاس بھی نظر نہیں آو، مگر تم نہیں

مانی۔اب بتاو کیا سزا دوں۔۔۔(احد نے کہ بہت قریب تھا،احد نے اس کہ منہ

سے اپنا ہاتھ ہٹایا تو آستر نے لمبی لمبی سانسیں لیں)

ہٹو یہاں سے مجھے جانا ہے۔چھوڑو مجھے ورنہ میں بابا کو سب بتاوں گی(وہ غصے سے

بولی)

www.novelsclubb.com

تم کیا بتاؤ گی، انہیں میں خود بتاؤں گا۔ مگر ابھی بات تمہاری سزا کی ہے جو تمہیں ملے

گی (احد نے گھمبیر لہجے میں کہا)

بکواس بند کرو اپنی اور ہٹو پیچھے (وہ غرائی)

اچھی لگتی ہو تم اس طرح غصے میں۔۔۔ (احد نے اس کے گال کھینچے)

www.novelsclubb.com

صرف لاسٹ وارننگ دے رہا ہوں کہ اب مجھے وہ تمہارے قریب نہیں دیکھے۔

ورنہ؟ کیا کرو گے؟(آستر نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا)

پھر جو میں کروں گا وہ تم برداشت نہیں کر پاؤ گی۔۔(احد نے کہہ کر ایک انکھ ماری

اور بولا)

کیا کہہ رہا تھا وہ؟

www.novelsclubb.com

تمہیں اس مطلب۔۔۔(آستر نے چڑ کر کہا)

مجھے ہی تو تمہاری ہر بات سے مطلب ہے۔(وہ اسے دیکھ کر مسکرایہ)

میں نے کبھی تم سے پوچھا ہے کہ تم اس اومیزہ کہ ساتھ کیوں تھے نہیں نا تو پھر

تمہیں کیا مسلہ ہے۔۔(نا جانے کیوں وہ یہ بات بول گئی وہ خود بھی انجان تھی اس

بات سے)

www.novelsclubb.com

اس کی بات پر احد مسکرایا پھر بولا) تمہیں جلیسی ہو رہی ہے اسے میرے قریب

دیکھ کر ؟(احد اس کہ اور قریب ہوتے ہوئے بولا)

مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا تم کچھ بھی کرتے پھرو۔۔(آستر نے چہرا موڑتے ہوئے

کہا)

www.novelsclubb.com

مگر مجھے تو ان آنکھوں میں جلیبی ہی دیکھ رہی ہے۔(آحد نے اس کا چہرا اپنی طرف

کیا)

پھر تو پنی آنکھوں کا علاج کرواں تم۔(آستر بولی)

علاج کی مجھے نہیں تمہیں ضرورت ہے، تم میں وٹامین ایم کی کمی ہے (وہ طنزیہ

بولا)

وہ کیا ہوتا ہے ؟(آستر کی سمجھ مہیں نہیں آئی اس کی بات)

محبت کہ وٹامین نہیں ہیں تم میں۔۔

کیونکہ سارے وٹامین تو آپ میں بھرے ہیں۔۔(وہ طنزیہ بولی اور اسے تھکادے

کر چلی گئی اور احد کا قہقہ اسے اپنے پیچھے سنائی دیا)

www.novelsclubb.com

--------------------------------------------

ابھی ان کہ نکلنے میں کچھ گھنٹے باقی تھے۔جب معاویہ کی طبعیت خراب ہوئی،سب

لوگ پریشان ہو گئے۔نا عیل اور احد کی تو جان پر بن آئی۔نا عیل نے معاویہ کو اپنی

بانہوں میں اٹھایا اور باہر نکلا باقی سب بھی جلدی جلدی وہاں سے نکل گئے۔

---------------------------------

www.novelsclubb.com

معاویہ کو ہوسپیٹل لے کر آئے وہ لوگ ڈاکٹرز اس کہ ٹیسٹ، چیکپ کرنے میں

لگے ہوئے تھے اور باہر نائیل، احد، آستر کھڑے تھے۔ وہاں کھڑا ہر شخص معاویہ

کہ لیے دعا گو تھا۔ کچھ گھنٹوں کہ بعد ڈاکٹر نے نائیل کو اپنے کیبن میں بلایا تو احد

بھی اس کہ ساتھ گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ڈاکٹر کیا ہوا معاویہ کو؟ پلیز بتاہیں کیوں وہ اتنی کمزور ہوتی جا رہی ہے؟ (نائیل بہت

پریشان تھا)

سر ہم آپ کی وائف کہ کچھ ٹیسٹ پہلے بھی کیے اور آج بھی کچھ ٹیسٹ کیے ہیں ان

سے یہی پتا چلا ہے کہ انھیں کینسر ہے۔(ڈاکٹر نے تو ان دونوں کہ پیروں کہ نیچے

سے زمین کھینچ لی، ان دونوں کو محسوس ہوا کہ آسمان ان کہ سر پر آ گر، وہ بے یقینی

کہ عالم میں ڈاکٹر کو دیکھ رہے تھے۔)

www.novelsclubb.com

آپ لوگ پریشان نا ہوں، وہ ابھی پہلے اسٹیج پر ہیں جیسے کور کیا جا سکتا ہے اور اس کا

علاج بھی موجود ہے۔ سائنس نے بہت ترقی کرلی ہے۔ آپ لوگ انھیں باہر

لے جاہیں انشاءاللہ اللہ نے چاہا تو وہ بلکل ٹھیک ہو جاہیں گی۔۔(ڈاکٹر نے انھیں

دلاسہ دیا)

وہ دنوں چیچ چاپ ڈاکٹر کہ کیبن سے باہر آئے، ناعیل لڑکھڑا گیا تو احد نے اسے سہارا

دیا اور ایک بینچ پر بیٹھایا اور بولا)

www.novelsclubb.com

بابا پریشان نہیں ہو ہم ماما کو باہر لے کر جاہیں گے وہ انشاءاللہ ٹھیک ہو جاہیں

گی۔۔۔(احد کی خود حالت خراب تھی مگر اسے مظبوط بننا تھا ان دونوں کہ

لیے، نائیل کہ آنسو نکل گئے۔یہ سوچ ہی اس کہ جسم سے جان نکال رہی تھی کہ

اگر معاویہ کو کچھ ہو گیا تو۔۔۔)

www.novelsclubb.com

بابا پلیز سمبھالیں خود کو۔۔۔(احد نے کہا)

---------------------------------------------

-----

احد اور نائیل معاویہ سے ملنے اندر گئے جو کہ بیڈ پر آنکھیں بند کیے لیٹی تھی۔احد کی

آں کھوں سے آنسو ٹپکے جیسے اس نے فوراصاف کیا،نائیل کو سب دھندلہ دیکھ رہا

تھا آنکھوں میں آنسوں کہ وجہ سے،آستر کھڑی ان کو دیکھ رہی تھی کہ ڈاکٹر کیا کہا

ہے جو ان حالت ایسی ہو رہی ہے۔معاویہ نے آں کھیں کھولیں۔

www.novelsclubb.com

ناعیل گھر چلو مجھے یہاں نہیں رکنا۔(وہ ناعیل کو دیکھتے ہوئے بولی)

ڈرپ ختم ہو جائے پھر چلتے ہیں۔(ناعیل نے گال پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔۔احد کا

وہاں رکنا مشکل ہو گیا۔وہ باہر نکل گیا۔آستر کو بھی وہاں رکنا مناسب نہیں لگا اس

لیے ان دونوں کو اکیلا چھوڑ کر وہ بھی باہر آگئی۔

www.novelsclubb.com

وہ باہر آئی تو سامنے بنچ پر اپنا سر ہاتھوں میں لیے بیٹھا تھا۔آستر اس کہ پاس آئی اور

بولی)

احد تم ٹھیک ہو؟انٹی کو کیا ہوا ہے؟(اس کہ سوال کرنے پر جب احد نے چہرا اٹھا کر

اسے دیکھا کو آستر کو لگا اس کا دل کسی نے مٹھی میں لے لیا ہو۔۔احد کا چہرا آنسوں تر

www.novelsclubb.com

تھا اس کی آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں۔)

آستر۔۔۔ماما۔۔۔ماما (وہ رک رک کر بولا رہا تھا) ماما کو کینسر ہے۔ (احد نے کہنے پر

آستر نے اپنے ہاتھ منہ پر رکھے اور حیرت سے اس کی آنکھیں پھٹی ہوئی تھیں)

آستر شوکڈ کی حالت میں ہی احد کہ برابر میں بیٹھ گئی اسے یقین ہی نہیں آرہا

تھا۔۔۔)

www.novelsclubb.com

وہ ٹھیک تو ہو جاہیں گی نا؟ (آستر نے احد سے پوچھا)

ڈاکٹر کہہ رہے ہیں ہمیں انھیں باہر ملک لیجانا ہو گا۔

تو لیجاؤ نا۔۔(وہ بولی،اس کی بات پر احد نے ہاں میں سر ہلایا اور بولا)

آستر میں ماما کو ایسے نہیں دیکھ سکتا۔ان کی تکلیف مجھ سے برداشت نہیں

ہو رہی۔مجھے لگ رہا ہے کہ میری جان نکل رہی ہے۔(وہ اس وقت بہت تکلیف

میں تھا)

www.novelsclubb.com

سمجھ سکتی ہوں میں۔۔(آستر نے کہا، آنسو اس کی آنکھوں میں بھی آ گئے)

---

ناعیل اپنا سارا کام ختم کر رہا تھا کیونکہ اسے معاویہ کو لے کر جانا تھا امریکہ۔اس نے

بڑی ہمت کر کہ اسے سب بتا دیا تھا۔۔

www.novelsclubb.com

بابا میں بھی چلو گا آپ لوگون کہ ساتھ۔۔(احد بولا)

نہیں میں جا رہا ہو نا تمہارا بزنس ہے یہاں۔

بھاڑ میں گیا بزنس، میری ماں سے بڑھ کر نہیں ہے بزنس۔۔(احد بولا)

احد ہمیں وہاں دو تین مہینے لگیں گے۔ تم آتے جاتے رہنا منا نہیں کر رہا ہو مگر

مستقل نہیں۔۔(ناعیل نے اسے سمجھایا)

www.novelsclubb.com

انکل ٹھیک کہہ رہے ہیں احد (اومیزہ بولی، جو کہ آج کل یہی پائی جاتی تھی، اپنے گھر

کم)

تم سے پوچھا میں نے (احد غصے سے دھاڑا اور اٹھ کر باہر نکل گیا)

اور وہ منہ لٹکا کر بیٹھ گئی۔ سارا دن معاویہ کہ ساتھ ہی رہتی تھی، آسترشام میں چکر

لگا کر اور معاویہ سے مل کر اپنے گھر چلی جاتی تھی)

----------------------------------------

ناعیل آج زوبیا کی ساس کا فون آیا تھا وہ جواب مانگ رہی تھیں۔۔(شام کو وہ تینوں

لاونج میں بیٹھے تھے۔جب معاویہ بولی)

یہاں ہمارا برا حال ہے اور انھیں شادی کی پڑی ہے (احد غصے سے بولا)

www.novelsclubb.com

جواب ہی مانگ رہی ہیں بس ایسا کیا ہو گیا ہے۔میں آستر سے خوُد پوچھو گا۔(نا عیل

بولا)

آستر جو کہ اندر آرہی تھی اہنانام سن کر دروازے پر ہی کھڑی ہو گئی ان لوگوں نے

اسے نہیں دیکھا تھا)

www.novelsclubb.com

احد میری ایک بات مانو گے ؟(معاویہ نے اسے دیکھتے ہوئے کہا)

معاویہ آپ حکم کریں (وہ تعبیداری سے بولا)

مجھے نہیں پتا کہ میری زندگی کتنی ہے، میں بچو گی بھی یا نہیں۔۔

معاویہ۔۔(ناعیل غصے سے بولا)

میں ٹھیک ہی تو کہہ رہی ہو۔ایک دن تو مرنا ہی نا مجھے۔

www.novelsclubb.com

معاویہ بس کر دیں اب آپ نے ایسی بات کی تو میں آپ سے بات نہیں کروں

گا۔۔(احد کو بھی اس کا ایسا کہنا اچھا نہیں لگا)

میں چاہتی ہوں کہ جانے سے پہلے تمہاری شادی کر دوں۔۔(معاویہ نے کہا تو

نائیل اور احد نے اسے حیرت سے دیکھا)

www.novelsclubb.com

آپ کا علاج ہو جائے، انشاءاللہ جب آپ ٹھیک ہو جاہیں گی تو جس سے کہیں گی

میں شادی کر لوں گا۔(احد نے کہا)

نہیں مجھے جانے سے پہلے کرنی ہے تمہاری شادی یا صرف نکاح کر لیتے

ہیں۔(معاویہ ضدی انداز میں بولی)

www.novelsclubb.com

اچھا لڑکی دیکھ لی تم نے جو اتنی جلدی کر رہی ہو۔۔(نائیل نے پوچھا اور وہاں کھڑی

آستر کا دل دھک دھک کر رہا تھا)

ہاں گھر کی ہی بچی ہے (معاویہ نے کہا تو احد کی آنکھوں کے سامنے ایک ہی چہرا آیا)

www.novelsclubb.com

اومیزہ۔بہت پیاری بچی ہے،اسے پہلی بار جب دیکھا تھاتوتب ہی طے کر لیا تھاایسے

تمہاری دلہن بناؤ گی(وہ اپنی کہتی جارہی تھی،احد کہ سر پر بم پھوڑااس نے۔احد

نے بے یقینی سے اسے دیکھا،آستر نے اپنی آنکھیں زور سے بند کیں)

احد کروگے نااومیزہ سے شادی؟(معاویہ نے اسے دیکھتے ہوئے کہا)

www.novelsclubb.com

معاویہ اس کہ علاوہ۔۔۔(وہ صرف اتنا ہی بولا کہ معاویہ بولی)

اس کہ علاوہ کوئی نہیں ہے میرے احد کہ قابل۔۔۔اتنی حیسن، پڑھی لکھی، اچھے

خاندان سے اور سب سے بڑی بات وہ بلکل ویسی ہے جیسی تمہیں پسند

ہے۔(معاویہ نے اچھائیوں کی لاین لگادی)

معاویہ پہلے آپ واپس آجاہیں پھر ہم بات کریں گے۔(احد نے ٹالنا چاہا، کیونکہ

www.novelsclubb.com

ابھی اسے کہہ کر افسردہ نہیں کرنا چاہتا تھا)

احد یہ میری خوٸاہش ہے۔ کیا تم اپنی ماں کی یہ خواہش پوری نہیں کرو گے ، ہو سکتا

ہے یہ میری آخری خواہش ہو۔ (یہ کہتے ہوئے معاویہ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے

جیسے دیکھ کر احد تڑپ گیا فوراً اس کہ پاس گیا اور معاویہ کو گلے لگایا)

میری عمر بھی آپکو لگ جائے ماما۔ (احد نے کہا اور اس کہ ماتھے پر بوسہ دیا اور

www.novelsclubb.com

بولا) آپ کی یہی چاہتی ہیں نا کہ اس اومیزہ سے شادی کر لوں تو میں آپ کی

خواہش ضرور پوری کروں گا۔ (اس نے کہہ کر معاویہ کو گلے لگایا، مگر جس دل سے

یہ بات کہی تھی یہ اس کا دل ہی جانتا تھا یا اس رب۔۔ کیونکہ ناعیل اور معاویہ کو وہ

اپنی جان سے بڑھ کر چاہتا تھا ان کہ لیے اپنی جان بھی دے سکتا تھا اور اس نے

دے دی، کیونکہ آستر سے الگ ہو کر تو وہ ایسے بھی نہیں جی سکتا تھا۔۔

احد کا جواب سن کر آستر کی آنکھوں سے دو آنسو نکلے جیسے اس نے بڑی بے دردی

www.novelsclubb.com

سے صاف کیے، وہ وہاں رو کی نہیں چلی گئی۔)

---------------------------------------------

آستر گھر آ کر صوفے پر بیٹھی، آنسو تھے کہ رو کنے کا نام ہی نہیں لے رہے

تھے۔احد کہ کہے گئے الفاظ اس کہ کانوں میں گونج رہے تھے۔(تمہیں میں نے منا

کیا تھا کہ تم مجھے اس کہ آس پاس بھی نظر نہیں آو، مگر تم نہیں مانی۔اب بتاو کیا سزا

www.novelsclubb.com

دوں)(کیونکہ میں تم سے محبت کرتا ہوں۔۔۔میں اپنی زندگی کا ہر پل تمہارے

ساتھ گزارنا چاہتا ہوں)احد کہ کہے گئے الفاظ، اس کا دیکھنا، اس قریب آنا سب کچھ

ایک ساتھ اس کی آنکھوں کہ سامنے چل رہا تھا۔آستر نے اپنی کانوں پر ہاتھ رکھ

لیے۔)

---

www.novelsclubb.com

ناعیل اور معاویہ اومیزہ کہ گھر آئے تھے احد کا رشتہ لے کر اور وہ لوگ جیسے انتیظار

میں تھے فوراہاں کر دی، اگلے ہفتے جمعہ کہ دن نکاح رکھا گیا تھا۔ کیونکہ احد نے کہا

تھا صرف نکاح ہو گا۔۔۔

ناعیل کہ پوچھنے پر آستر نے بھی حارث کہ رشتے کہ لیے ہامی بھر لی تھی۔

www.novelsclubb.com

---------------------------------------

تیرا دماغ خراب ہو گیا ہے۔۔(آریش غصے سے ڈھاڑا، وہ دونوں ساحل سمندر

پر کھڑے تھے جہاں وہ اکثر آتے تھے، احد گاڑی سے ٹیک لگائے کھڑا سیگریٹ پی

رہا تھا اور آریش غصے میں پاگل ہو رہا تھا)

تو ایسا کیسے کر سکتا ہے، کیسے تو اومیزہ سے نکاح کر سکتا ہے؟ تو بہت غلط کر رہا ہے

www.novelsclubb.com

احد۔۔(آریش کا بس نہیں چل رہا تھا احد کو اٹھا کہ سمندر میں پھنک دے)

اپنی ماں کی خوشی کہ لیے۔۔(وہ لہروں کو دیکھتے ہوئے بولا)

اور یہ خوشی تین لوگوں کی زندگی برباد کر کہ دیگا تو۔۔(آریش بولا)

کن لوگوں کی خوشی کی بات کر رہا ہے تو وہ آستر جو کہتی ہے اسے مجھ سے محبت کبھی

نہیں ہوگی، حارث کہ رشتے کہ لیے ہاں کر دی ہے اس نے اور وہ اومیزہ، اس کی تو

www.novelsclubb.com

دلی خواہش پوری ہو رہی ہے تو کس کی زندگی برباد کی میں نے ؟(احد ابکی غصے

سے بولا)

اپنے بارے میں کیا خیال ہے۔(آریش نے اسے گھورتے ہوئے کہا)

www.novelsclubb.com

میں اپنی ماں کی خوشی کہ لیے کچھ بھی کر سکتا ہوں اپنی زندگی برباد بھی۔اگران کی

خوشی اسی میں ہے تو اسی میں صیح۔آریش اپنے لیے تو جانور بھی جیتے ہیں دوسروں

کہ لیے جینا زندگی ہے اور وہ تو میری ماں ہے۔(احد اسے دیکھتے ہوئے بولا)

تو اس کہ بنا رہ لے گا؟(وہ اب بھی ماننے کو تیار نہیں تھا)

www.novelsclubb.com

تجھ سے کس نے کہا میں اسے بھول جاؤ گا، وہ اس دل کہ اس مقام پر فائیض ہے

جہاں کوئی عورت نہیں پہنچ سکتی (احد نے اسے دیکھتے ہوئے کہا)

تو نہیں کرنا شادی اومیزہ سے، میں جانتا ہوں تو آستر کہ بغیر نہیں رہ سکتا ایسا مت کر

میرے بھائی۔ میں تجھے برباد ہوتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا۔ (آرہش اسے سمجھاتے

www.novelsclubb.com

ہرئے بولا، احد چوپ تھا وہ کچھ نہیں بولا تو آریش غصہ ئے سے بولا)

ٹھیک ہے جب تو نے سوچ ہی لیا ہے تو کر تجھے جو کرنا ہے وہ کر میں تجھے کچھ نہیں

بولوں گا۔آج کہ بعد مجھے اپنی شکل مت دیکھانا۔(وہ غص ےئے سے کہہ کر جانے لگا

تو احد بولا)

سب چھوڑ رہے ہیں اور آج تو بھی چلا جائے گا۔(احد نے سامنے دیکھتے ہوئے

کہا، آریش نے سنا مگر بغیر کچھ کہے چلا گیا)

www.novelsclubb.com

---

احد۔۔(معاویہ احد کہ کمرے میں آئی تو وہ ٹیرس پر کھڑا سیگریٹ پی رہا تھا۔ معاویہ

کہ آنے پر اس نے سگریٹ بجھادی)

جی ماما۔۔(اس کی طرف مڑا)

www.novelsclubb.com

تم نے پھر سگریٹ پی۔(وہ احد کو گھورتے ہوئے بولی تو احد اپنا ہاتھ بالوں میں پھرا

اور بولا)

سوری۔۔

اچھا کل آفس نہیں جانا تم۔۔

www.novelsclubb.com

کیوں؟

کیونکہ کل اومیزہ کو شوپنگ پر لے کر چلنا ہے۔(وہ مسکراتے ہوئے بولی۔جب سے

احد نے ہاں کہی تھی وہ بہت خوش تھی اور اس کی خوشی چہرے سے واضح تھی۔)

میرا جانا ضروری ہے؟(وہ برا سا منہ بنا کر بولا)

احد تم خوش نہیں ہو اس شادی سے؟۔(معاویہ اسے دیکھتے ہوئے بولی)

www.novelsclubb.com

نہیں۔۔۔۔۔۔(وہ بولا پھر رک کر بولا) ایسی کوئی بات نہیں ہے۔(وہ بات کو

سمھالتے ہوئے بولا) آپ خوش ہیں؟

بہت۔۔(وہ خوشی سے بولی)

آپ کی خوشی میں ہی میری خوشی ہے۔(احد چاہنے کہ باوجود بھی مسکرا کر یہ

www.novelsclubb.com

بات نا کہہ سکا)

میرا فرمابردار بیٹا۔۔اللہ تمہیں ہمیشہ خوش رکھے۔(معاویہ اسے گلے لگاتے ہوئے

بولی)

خوش تو میں اب کبھی نہیں رہ سکوں گا۔(احد نے دل میں سوچا)

---

www.novelsclubb.com

احد معاویہ اور اومیزہ کو لیے مول میں تھا وہ دونوں شوپنگ کر رہی تھیں اور وہ بے

دلی سے وہاں کھڑا تھا۔

سامنے شوپ پر نظر پڑی تو اسے وہ منظر یاد آ گیا جب وہ اور معاویہ یہاں تھے۔ اس

وقت دل کی حالت ہی کچھ اور تھی۔ اس کا آستر کہ لیے کپڑے پسند کرنا اور آستر کا

منا کرنا، سب کچھ اس کی آنکھوں کہ سامنے فلم کی طرح چل رہا تھا۔ جب اس نے

السا کی آواز سنی۔)

احد بھائی۔۔آپ یہاں؟(السا نے اس کہ پاس اگئی۔)

ماما آئی ہیں ان کہ ساتھ آیا ہوں(السا کہ پوچھنے پر وہ بولا مگر احد نے جب اس کی طرف دیکھا تو وہ اکیلے نہیں تھی اس کہ ساتھ وہ دشمن جان بھی تھی۔احد اسے دیکھتا ہی رہ گیا۔آج ایک ہفتے بعد اس نے آستر کو دیکھا تھا۔آستر بھی اسے دیکھ رہی تھی مگر پھر اس نے اپنی نگاہ پھیر لی۔السا اور آستر معاویہ سے اور اومیزہ سے ملی۔اومیزہ بس روکھے پن سے ہی ملی،اسے آستر اچھی نہیں لگتی تھی۔)

www.novelsclubb.com

تم لوگ یہاں ؟(معاویہ نے پوچھا)

جی مجھے کچھ شوپنگ کرنی تھی تو میں آپی کو بھی اپنے ساتھ لے آئی۔(السا نے

کہا، آستر چپ تھی وہ کچھ نہیں بولی)

چلو پھر ایک ساتھ ہی لنچ کرتے ہیں (معاویہ بولی)

www.novelsclubb.com

نہیں انٹی بابا آفس میں ویٹ کر رہے ہونگے وہاں کام بھی بہت ہے۔(آستر بولی اور

پھر معاویہ سے مل کر چلی گئی اس نے جاتے ہوئے احد کو دیکھا تک نہیں تھا)

---

آریش آج احد بھائی ملے تھے مول میں۔(السا نے آریش کو بتایا جو لپ ٹوپ پر کام

کر رہا تھا۔)

www.novelsclubb.com

اچھا۔(وہ صرف اتنا ہی بولا)

شادی کی شوپنگ کر رہے تھے وہ انٹی اور اومیزہ بھی تھیں۔(وہ دوبارہ بولی۔۔اس

کی بات پر آریش کی چلتی انگلیاں رکیں۔)

تم اکیلی گیئں تھیں؟(آریش نے پوچھا)

www.novelsclubb.com

نہیں آپی بھی میرے ساتھ تھیں۔(یہ سن کر وہ چپ ہو گیا، وہ سمجھ گیا تھا کہ احد کا

اس وقت کیا ہو گا جب اس نے آستر کو دیکھا ہو گا)

آریش کیا ہوا ہے؟ آپ دو، تین دن سے پریشان لگ رہے ہیں۔(السا اس کہ پاس

آئی اور بولی)

www.novelsclubb.com

آریش نے لیپ ٹوپ بند کر کہ سائیڈ پر رکھا اور اس کہ ہاتھ پکڑے اور اسے اپنی

گود میں بیٹھایا)

کچھ نہیں ہوا مجھے ٹھیک ہوں میں۔(آریش نے کہہ کر اس کا سر اپنے سینے پر رکھ کر

اسے اپنے حصار میں لے لیا۔)

www.novelsclubb.com

تو پھر آپ اتنے خاموش کیوں ہیں؟(السا نے سر اٹھا کر اس سے پوچھا)

کام تھوڑا زیادہ ہے نا اس لیے۔(آریش مسکراتے ہوئے کہا اور اس کی پیشانی چومی)

پتا نہیں کیوں مگر مجھے یقین نہیں آ رہا کہ جو آپ کہہ رہے ہیں وہ صحیح بھی ہے۔(السا

اس کہ سینے پر رکھے ہوئے ہی بولی تو آریش مسکرا دیا اور بولا)

چھوٹے سے دماغ سے اتنا نہیں سوچو۔

www.novelsclubb.com

میرا چھوٹا سا دماغ ہے؟(وہ ایک دم سر اٹھا کر بولی)

مزاق کر رہا ہوں یار۔(آریش کہ کہنے پر السا نے اسے گھورا اور پھر اٹھنے لگی تو اس

نے السا کو اٹھنے نہیں دیا)

کہا جا رہی ہو؟

سونے۔مجھے نیند آ رہی ہے۔(السا کی آنکھوں میں واقع نیند تھی،آریش نے اسے

www.novelsclubb.com

نظر بھر کر دیکھا پھر بولا)

ٹھیک ہے جاو(السا اٹھ کر سونے چلی گئی)

------------------------------------------

آستر زمین پر بیٹھی سر صوفے پر رکھے آنکھیں بند کیے بیٹھی تھی۔آنکھ سے آنسو

نکل کر اس کہ بالوں میں جبز ہو رہے تھے جب اس کہ موبائل پر کال آئی۔اس نے

www.novelsclubb.com

آنکھ کھلی اور موبائل اٹھا کر دیکھا تو وہاں کوئی انجان نمبر تھا۔اس نے آنسو صاف

کیے اور کال اٹھائی)

ہیلو۔۔(آستر بولی)

السلام وعلیکم میں حارث بات کر رہا ہوں۔(حارث کا نام سن کر اس نے لمبی سانس

لی،اسے اس وقت کسی اور کی آواز سننے کی خواہش تھی)

www.novelsclubb.com

کیسی ہیں آستر آُپ؟

ٹھیک ہوں۔

میں نے شکریہ ادا کرنے کہ لیے فون کیا تھا۔۔

کیسا شکریہ؟

www.novelsclubb.com

میری زندگی میں شامل ہونے کہ لیے آپ مان گئیں اس لیے۔۔ ٹھینک یو سو

مچ۔۔(حارث مسکراتے ہوئے بولا)

آپ مجھ سے کل مل سکتے ہیں کچھ ضروری بات کرنی ہے۔(آستر نے سنجیدگی سے

کہا)

www.novelsclubb.com

میں خود آپ سے ملنا چاہتا تھا، بتائیں کہاں ملنا ہے۔(آستر نے اسے جگہ بتائی اور کال

بند کردی)

---------------------------------------

ہاں کہو۔۔(احد اس وقت جم میں تھا، اسپیکر کھول کر موبائل کا وہ بات کر رہا تھا)

www.novelsclubb.com

سر وہ گھر پر ہی ہیں۔(فون سے کوئی شخص بولا)

ٹھیک ہے گھر کا دھیان رکھنا کوئی بھی انجان شخص کو اندر جانے نہیں دینا۔آنکھیں

اور کان کھول کر رکھنا سمجھے۔(احد نے اس آدمی کو ہدایت دی۔اس نے آستر کہ

فلیٹ کہ باہر بندے لگائے ہوئے تھے دیکھ بھال کہ لیے۔

کال کٹ ہوئی تو دوسری آگئی اور وہ کال اومیزہ کی تھی۔احد نے جب اسکرین دیکھی

www.novelsclubb.com

تو غصے سے رگیں تن گئیں۔اس نے کال رسیو کی)

یہ کون سا وقت ہے کسی کو کال کرنے کا۔(احد دھاڑا، حالا کہ وقت اتنا زیادہ بھی

نہیں ہوا تھا)

وقت اتنا بھی نہیں ہوا کہ میرا فون کرنا معیوب لگے۔(اومیزہ بولی)

کیوں فون کیا ہے۔(احد چڑتے ہوئے بولا)

www.novelsclubb.com

آپ سے بات کرنی تھی۔

کون سی بات ؟(وہ تھوڑا زور سے بولا)

کوئی بھی بات کر لیں مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

بکواس بند کرو اور اب فون مت کرنا سمجھی۔(احد نے کال کاٹی اور ایک زوردار مکا

پنچنگ بیگ پر مارا)

www.novelsclubb.com

---------------------------------------------

احد کہ کال کاٹنے پر اومیزہ نے فون زمین پر دے مارا)

تم سمجھتے کیا ہو خود کو احد ملیک، میری اتنی بے عزتی کبھی کسی نے نہیں کی جیتنی تم

نے کی ہے۔(وہ غصے میں چیخی اور ڈریسنگ کی ساری چیزیں ہاتھ مار کر زمین پر

پھنکیں۔شور کی آواز سن کر اس کہ والد بھی آ گئے)

www.novelsclubb.com

یہ کیا ہوا بیٹا؟(اس کہ والد بولے)

بابا یہ احد خود کو سمجھتا کیا ہے۔ میں نے بھی اسے برباد نہیں کر دیا نا تو میرا نام بھی

او میزہ نہیں۔ اسے لگتا ہے کہ میں اس سے محبت کرتی ہوں تو وہ جو کہئے گا میں

برداشت کر لوں گی، مگر وہ نہیں جانتا کہ میں یہ سب اس کی دولت کہ لیے کر رہی

ہو وہ بھی آپ کہ کہنے پر بابا۔۔۔(وہ غصے میں سب بول گئی)

www.novelsclubb.com

میں جانتا ہوں میری جان۔ بس تھوڑا سا برداشت پھر اس کہ بعد اس کی ساری

دولت تمھاری ہی تو ہو گی۔ اکیلا وارث ہے وہ اپنے بات دادا کی جائیداد کا۔ عیش

کرنا اور ویسے بھی ماں اس کی مرنے والی ہے اور باپ وہ بھی کتنے دن رہے گا۔ (وہ

بولے)

بس اسی لیے تو ابھی تک اسے برداشت کر رہی ہوں۔ اس کی ماں کی خدمت کیں

صرف اسی لیے کیونکہ مجھے پتا تھا وہ کبھی بھی اپنی ماں کی بات نہیں ٹالے گا اور

www.novelsclubb.com

دیکھیں ایسا ہی ہوا۔ ورنہ وہ تو اس آستر کو پسند کرتا تھا میں نے فارم ہاوس پر دیکھا تو

دونوں کو ایک ساتھ (وہ منہ بنا کر بولی)

بلکل میری سمجھدار بیٹی۔بس تمہیں اس آستر کو اس کہ قریب نہیں آنے دینا۔

ایک دفعہ شادی تو ہونے دیں۔اس آستر کا وہ حال کروں گی کہ ساری زندگی یاد

کرے گی۔آپکو پتہ ہے آج مول میں بھی ملی تھی وہ اور احد پورا وقت منہ بنا کر کھڑا

تھا مگر جیسے ہی اسے دیکھا تو دیکھتا ہی رہ گیا۔

www.novelsclubb.com

اس آستر کا کچھ کرنا پڑے گا۔۔۔(وہ سچتے ہوئے بولے)

مگر نکاح سے پہلے نہیں۔۔

ہمم ٹھیک ہے۔۔

www.novelsclubb.com

________________________________________

حارث اس کا انتیظار کر رہا تھا ہوٹل میں، تھوڑی دیر بعد وہ اندر آتی دیکھائی

دی۔ بلیک عبایا پہنے اس پر بلیک ہی اسکاف سر نقاب کیے، ہنڈ بیگ ہاتھ میں اور

دوسرے ہاتھ میں موبائل لیے، فل کونفیڈنس میں وہ چلتی ہوئی آئی اور سلام کرتے

www.novelsclubb.com

ہوئے اس کہ سامنے بیٹھی۔

کیسی ہیں آپ؟

ٹھیک ہوں۔ آپ سے ایک ضروری بات کرنی ہے۔ (آج پہلی دفعہ اس نے اتنا بڑا

جملہ اس کہ سامنے بولا تھا)

کیا بات ہے آج تو آپ نے اتنا سارا بولا (وہ مسکراتے ہوئے بولا) پہلے آڈر کر دیں

www.novelsclubb.com

پھر بات کرتے ہیں۔

میں کچھ کھانے نہیں آئی ہوں بس آپ کو کچھ بتانا ہے۔(آستر سنجیدگی سے بولی)

کیا؟(اب کی وہ بھی سنجیدگی سے بولا)

میں آپ سے شادی نہیں کر سکتی۔

کیا؟ نہیں آپ مزاق کر رہی ہیں۔(اسے یقین نہیں آرہا تھا)

www.novelsclubb.com

نہیں میں مزاق نہیں کر رہی۔ میں کر ہی نہیں سکتی یہ۔۔۔ میں نے بابا کو ہاں کہا تھا

کیونکہ انھیں منا نہیں کر سکتی مگر میں دل پر بوج لے کر نہیں رہ سکتی۔ نا ہی آپ سے

منافیقت کر سکتی ہوں۔ آپ بہت اچھے ہیں۔ میں دھوکا نہیں دے سکتی آپ کو۔۔

کیا آپ کیسی اور کو پسند کرتی ہیں؟ (حارث کہ پوچھنے پر اس نے نظریں جھکا دیں مگر

www.novelsclubb.com

بولی کچھ نہیں مگر مطلب صاف تھا اور وہ سمجھ بھی گیا تھا۔)

آپ پلیز احد کہ نکاح کہ بعد منا کر دیجیے گا کچھ بھی کہہ کر۔میں جانتی ہوں کہ میں

خوٗد غرض ہو رہی ہوں، آپ بھی یہ ہی سوچ رہے ہونگے کہ آپکو سب کہ سامنے

برا بنا رہی ہوں۔آپ چاہیں تو (وہ روکی پھر بولی) کہہ دیجیے گا کہ میرا کردار صیح

نہیں ہے۔

www.novelsclubb.com

واٹ؟ میں آپ کو ایسا لگتا ہوں؟ اتنی گری ہوئی بات کرو گا میں؟ آستر مجھے یہ امید

نہیں تھی آپ سے۔۔

آپ منا کریں گے نا؟(آستر نے التجائی نظروں سے اسے دیکھا)

میں ہمیشہ ایک ایسا ہمسفر چاہا جو صرف میرا ہو اور کسی کا نہیں مگر ابھی آپ کو سننے کہ بعد بھی میں یہ کہوں گا کہ پلیز میرے ساتھ ایسا نہیں کریں۔ ہم کبھی اس بارے میں بات بھی نہیں کریں گے۔ میری محبت میں کبھی کمی نہیں آئے گی میں وعدہ کرتا ہو آپ سے۔(منت بھرے لہجے میں بولا)

www.novelsclubb.com

آپ ابھی جذباتی ہو رہے ہیں۔ایک مرد کبھی اس عورت سے محبت نہیں کر سکتا

جس کہ دل و دماغ میں کوئی اور ہو۔یہ آپ کی زندگی ہے کوئی مزاق نہیں ہے غور

سے سوچیں اور پلیز ابھی نہیں احد کہ نکاح کہ بعد منا کر دیجیے گا۔ابھی بابا اور انٹی

خوش ہیں میں انھیں دکھ نہیں دینا چاہتی۔

www.novelsclubb.com

احد جو کہ کسی کام سے وہاں آیا تھا،جب اس کی نظر ان دونوں پر پڑی۔احد نے غصے

سے اپنی مٹھیاں بھینچ لیں۔وہ ان کی طرف بڑھا۔

بھائی آپ یہاں ؟(حارث احد کو دیکھتے ہوئے بولا آستر نے اسے دیکھا جو حارث کو

ہی دیکھ رہا تھا)

سوری آپ لوگوں کو ڈسٹرب کر دیا۔(احد نے طنزیہ کہا جیسے آستر خوب سمجھ گئی

تھی)

www.novelsclubb.com

نہیں بھائی کیسی باتیں کر رہے ہیں بیٹھیں۔


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نہیں بس جاوں گا۔(احد جانے لگا کہ حارث کی کال آگئی تو وہاں سے دور چلا گیا)

واہ تو تم یہاں اس کہ ساتھ یہاں ڈیٹ پر آئی ہو۔(احد کہ کہنے پر اس نے غص ےئ

سے اسے دیکھا) غصہ آرہا ہے۔اووو اچھا اس لیے کہ میں نے تمہاری ڈیٹ خراب

کردی۔(وہ طنزیہ بولا)

www.novelsclubb.com

بکواس بند کرو اپنی۔(آستر بولی)

نفرت۔۔ نفرت کرتا ہوں میں تم سے، جاو آزاد کیا اپنی محبت سے تمہیں۔ خوش

رہو حارث کہ ساتھ۔ اب تمیں کبھی پریشان نہیں کروں گا۔ احد ملیک نے کبھی

بھی زبردستی کوئی چیز حاصل نہیں کی اور نا ہی محبت زبردستی حاصل کروں گا تمہیں

وہ پسند ہے تو اسی کہ ساتھ رہو (احد نے اسے اپنی نظروں کہ حصار میں لیتے ہوئے

www.novelsclubb.com

کہا اور چلا گیا، آستر نے اپنی آنکھیں زور سے بند کیں اور کیے آنسو اپنے اندر

اتارے)

-----------------------------------------------------

-

**ایک ہفتے بعد۔۔**

آج احد کا نکاح تھا۔ہر طرف گہما گہمی تھی۔)زوبیا پتا کروالسا آریش اور آستر کہارہ

www.novelsclubb.com

گئے ہیں؟(معاویہ نے زوبیا کو کہا)

جی مومانی جان (زوبیا نے آستر کو کال کی مگر اس کا موبائل بند تھا، پھر السا کو کیا مگر

اس نے بھی کال نہیں اٹھائی اور نا ہی آریش نے)

کوئی کال ہی نہیں اٹھا رہا (زوبیا بولی)

آرہے ہونگے راستے میں ہو شاید (معاویہ بولی)

www.novelsclubb.com

--------------------------------------------------

--

آریش آپ نے مجھے پہلے کیوں نہیں بتایا کہ احد بھائی آپی کو پسند کرتے ہیں۔ میں آپی کو منا لیتی یار۔۔۔(السا کو جب پتا لگا تو اسے آریش پر غصہ آیا)

www.novelsclubb.com

میں اپنے بھائی کو برباد ہوتے نہیں دیکھ سکتا السا کچھ کرو۔۔(آریش بہت پریشان

تھا)

ہم آپی کہ پاس چلتے ہیں اور انھیں مناتے ہیں انشاءاللہ مان جاہیں گی وہ۔(السا نے کہا

تو فوراً آستر کہ گھر کی طرف چل دیئے)

www.novelsclubb.com

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

\-\-\-\-\-

معاویہ زیادہ کام کیوں کر رہی ہو۔۔(نائیل اسے گھورتے ہوئے بولا)

تو یہ سب کون کرے گا؟

www.novelsclubb.com

طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔زیادہ اسٹریس مت لو۔

میرے بیٹے کا نکاح ہے میری آدھی طبیعت تو ایسے ہی ٹھیک ہو گئی اور آدھی اسے

دلھا بنتے دیکھ کر صیح ہو جائے گی۔(وہ مسکراتے ہوئے بولی تو ناعیل نے اس کا چہرا

اپنے ہاتھوں میں لیا اور اس کی پیشانی چومی)

تمہین تو بس موقع چاہیے۔(معاویہ اسے گھورتے ہوئے بولی)

www.novelsclubb.com

تم موقع دیتی ہی کہاں ہو؟(ناعیل کہ بولنے پر اسے ناعیل پھر سے گھورا)

شرم کرو بیٹے کا نکاح ہے آج۔

مجھے تو اپنا نکاح یاد آ رہا ہے۔(نا عیل نے اس کہ گرد ہاتھ رکھتے ہوئے کہا) میں تو

سوچ رہا ہوں دوبارہ نکاح کر لیتے ہیں۔ کیا خیال ہے ؟(نا عیل کہ کہنے پر ہنس دی اور

ہنستی ہی چلی گئی اور نا عیل اسے دیکھتا رہا پھر اچانک اسے کھینچ کر اپنے گلے لگا یا کر زور

www.novelsclubb.com

سے بیچا، معاویہ کی ہنسی ایک دم روکی تھی وہ کتنی دیر اسے اپنے ساتھ لگائے کھڑا

رہا۔ معاویہ نے بھی اپنے آپ کو نہیں چھوڑوایا۔)

آئی لو یو۔۔(نا عیل بولا)

آئی نو۔۔(معاویہ کہ کہنے پر وہ مسکرا دیا)

------------------------------------

دروازہ بجا تو آستر نے فوراً دروازے کی طرف دیکھا تو جلدی سے دروازے کھولا

www.novelsclubb.com

مگر سامنے السا اور آریش کو دیکھ کر اسکی چمکتی آنکھیں ماند پڑ گئی۔اس کا دل بجھ گیا۔

آستر کو دیکھ السا گھبرا گئی۔اس کی آنکھیں سوجی ہوئی تھیں جیسے وہ بہت روئی ہو۔

آریش بھی اسے دیکھ کر پریشان ہو گیا)

آپی کیا ہوا ہے ؟سب ٹھیک تو ہے۔(السا اسے لے کر اندر آ گئی)آپی بتاہیں نا کیا ہوا ہے۔؟

www.novelsclubb.com

کچھ نہیں بس فلو ہو رہا ہے۔(آستر بات بنائی مگر سامنے بھی السا تھی)

مجھے فلو میں رونے میں فرق پتا ہے آپی صیح صیح بتاہیں کیا ہوا ہے۔(السا نے روب

میں کہا)

مجھ سے ایک بہت بڑا گناہ ہو گیا ہے السا۔(آنسو پھر آنکھوں سے گرے)

کیسا گناہ؟(وہ نسمجھی سے بولی)

www.novelsclubb.com

ایک نامحرم سے عشق ہو گیا ہے، اسی کو سوچنے لگی ہوں، وہ آنکھوں کہ سامنے سے

ہٹتا ہی نہیں ہے،

السا میں مر جاوں گی۔اس کہ بغیر میں نہیں جی سکتی۔(وہ السا کہ ہاتھ پکڑتے ہوئے

بولی)

www.novelsclubb.com

آپی سمبھالیں خود کو۔۔(السا نے پانی دیا)

اس نے مجھ سے پوچھا تھا کہ مجھے اس سے محبت ہے؟ تو میں نے کہا تھا نہیں مجھے تم

سے محبت کبھی نہیں ہو سکتی، کیونکہ مجھے اس سے عشق ہو گیا ہے۔ کب ہوا یہ میں

بھی نہیں جانتی شاید تب، جب اس نے میری عزت بچائی یا شاید جب اس نے اپنی

محبت کا اظہار کیا یا شاید تب، جب وہ میرے لیے زخمی ہوا اور میں نے اس کی بنڈ تیج

کی یا شاید تب جب اسے نماز پڑھتے دیکھا تھا۔۔۔(وہ ایک ٹرانس میں بولتی جا رہی

تھی اور السا، آریش بے یقینی سے اسے دیکھ رہے تھے)

www.novelsclubb.com

اس نے مجھے اور حارث کو ایک ساتھ دیکھا تھا تو وہ سمجھا میں حارث کو پسند کرتی

ہو، میں تو اسے شادی سے منا کرنے کہ لیے گئی تھی۔اس نے کہا اگر تم اس کہ

ساتھ خوش ہو تو جاو تمہیں اپنی محبت سے آزاد کیا۔(آنسو تھے کہ رو کنے کا نام نہیں

لے رہے تھے، وہ کب سے اپنے دل میں یہ باتیں لے کر بیٹھی تھی آج سب بول

رہی تھی) میں اس کی محبت سے کبھی آزاد نہیں ہونا چاہتی السا۔آج وہ نکاح کر رہا

ہے۔وہ کیسے کر سکتا ہے اس نے تو کہا تھا وہ مجھ سے بے حد محبت کرتا ہے، میں

صرف اس کی ہوں، وہ مجھے کسی کا ہوتے نہیں دیکھ سکتا تو وہ خود کیوں ایسا کر رہا

ہے (اس کا چہرا آنسو سے تر ہو رہا تھا وہ درد کی انتہا پر تھی) تمہیں پتا ہے آنٹی نے کیا کہا

تھا کہ اومیزہ ہر لحاظ سے احد کہ لیے بیسٹ ہے، وہ دونوں ایک ساتھ بہت اچھے

لگیں گے اور صیح کہا انھوں نے وہ ہے ہی اتنی خوبصوت کہ کوئی بھی اس سے پیار

کر سکتا ہے اور احد کو بھی ہو جائے گا مگر میں کبھی کسی کی نہیں ہو پاؤں گی، مجھے تو

بس احد سے عشق ہے اور تمہیں پتا ہے عشق میں حاصل معنی نہیں رکھتا بس



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

محبوب کی خوشی معنی رکھتی ہے۔۔ میرے لیے اس کی یادیں ہی زندگی کا حاصل

ہیں، تمہیں پتا ہے وہ روز یہاں آتا تھا مجھے دیکھنے کہ میں ٹھیک مگر جب سے اس کا

نکاح طے ہوا ہے وہ یہاں نہیں آیا السا، ابھی جب تم لوگ آئے مجھے لگا وہ آیا ہے مگر

وہ نہیں آیا، وہ اب کبھی نہیں آئے گا یہاں کبھی نہیں مجھے زندگی بھر اس کا انتیظار

کرنا ہوگا مگر وہ بھی بیکار کیونکہ وہ تو کسی اور کا ہو گیا ہوگا اس پر کسی اور کا حق ہوگا میرا

نہیں۔ میرا نہیں السا (آستر کی حالت بہت بری ہو رہی تھی۔ وہ کسی سے عشق

کرے گی اور اس قدر کرے گی یہ تو اس نے کبھی نہیں سوچا تھا۔اس کا تو ماننا تھا کہ

محبت تو اس دنیا میں کوئی نہیں کرتا اور نا ہی ایسی کوئی چیز ہوتی ہے مگر آج وہ کسی کہ

عشق میں پاگل ہو رہی تھی)

آستر بولتے بولتے بے ہوش ہو گئی۔

www.novelsclubb.com

----------------------------------------

احد زمین پر بیٹھا سر بیڈ پر رکھے چھت کو گھور رہا تھا۔ کچھ دیر بعد اس کا نکاح تھا مگر

اس کہ سامنے تو آستر کا چہرا گھوم رہا تھا، اس کا غصے بھرا چہرا، اس کا لڑنا، اس کا رونا

سب کچھ اسے یاد آرہا تھا۔

موبائل کی آواز پر وہ سوچوں سے باہر آیا، ہاتھ بڑھا کر موبائل اٹھایا تو آریش کی کال

www.novelsclubb.com

تھی۔)

آگئی بھائی کی یاد تجھے۔(احد شکوہ کرتے ہوئے بولا)

احد۔۔احد۔۔(اس کی گھبرائی ہوئی آواز سن کر وہ سیدھا ہوا)

کیا ہوا سب ٹھیک ہے ؟تو گھبرا کیوں رہا ہے۔۔(احد نے فکر مندی سے پوچھا)

احد۔۔آستر۔۔

www.novelsclubb.com

کیا ہوا آستر کو وہ ٹھیک تو ہے ؟(اب احد گھبرا کر بولا)

آستر کو ہم ہوسپیٹل لے کر آئے ہیں تو جلدی سے آجا اس کی حالت ٹھیک نہیں

ہے۔(آریش کی بتانے اس کہ پیروں کہ نیچے سے زمین نکل گئی)

میں آرہا ہوں(وہ فورا اٹھا گاڑی کی چابیاں لیں اور باہر بھاگا، وہ بھاگتا ہوا نیچے

آیا۔ معاویہ نے اسے اس طرح دیکھا تو بولی)

www.novelsclubb.com

احد کہا جارہے ہو اس وقت ؟

اپنی زندگی کہ پاس۔(وہ جاتے جاتے پلٹا اور بولا)

احد پریشان لگ رہے ہو کیا ہوا ہے ؟(نا عیل نے پوچھا)

بابا آستر ہوسپیٹل میں ہے میں جا رہا ہوں۔(وہ کہہ کر باہر نکل گیا اور نا عیل کو اس کا

اس قدر پریشان ہونا اور اس کا آخری کہا گیا جملہ اس کہ کانوں میں گونج رہا تھا)

www.novelsclubb.com

-----------------------------------------

احد ہوسپیٹل پہنچا، آریش کو فون کیا اس نے بتایا کہ کہاں آنا ہے۔ احد پہنچا تو آریش اور

السا دونوں وہاں تھے۔

آریش کیا ہوا ہے آستر کو؟ (احد نے آریش کو پکڑتے ہوئے پوچھا، وہ بہت پریشان

لگ رہا تھا۔)

www.novelsclubb.com

اس کا نروس سسٹم بریک ڈاون ہو گیا ہے اور اس کی اس حالت کا زمیدار تو ہے۔ اگر

میری بہن کو کچھ ہوا نا تو میں تجھے نہیں چھوڑوں گا۔(آریش کی آنکھوں میں غصہ

صاف دیکھائی دے رہا تھا اور احد بس اسے دیکھتا رہ گیا، اس کے دماغ میں یہ گھوم رہا

تھا کہ اس کا نروس بریک ڈاون ہو گیا ہے۔)

www.novelsclubb.com

آریش آپی کو کچھ ہو گا تو نہیں نا؟(السا آریش سے بولی روتے ہوئے)

انشاءاللہ اسے کچھ نہیں ہو گا۔(آریش السا کو اپنے ساتھ لگاتے ہوئے بولا پھر اس

نے احد کو دیکھا جو دیوار کہ ساتھ لگا کھڑا تھا۔آریش اس کہ پاس آیا اور اس کہ آگے

اپنا موبائل کیا۔احد نے نا سمجھی سے اسے دیکھا تو وہ بولا)

اسے پلے کر اور جب احد نے پلے کیا تو اس میں سے آستر کی آواز ابھری اس کی

www.novelsclubb.com

سیسکیوں بھری آواز۔کیونکہ جب آستر بول رہی تھی تو آریش نے اس کی آواز

ریکورڈ کر لی تھی اور اب وہ احد کو سنا رہا تھا۔

جیسے جیسے احد سنتا گیا اس کا اپنے پیروں پر کھڑا رہنا مشکل ہو گیا۔اس کی آنکھوں

سے آنسو نکلنا جاری ہو گئے۔

ریکورڈنگ ختم ہوئی تو اسے لگا اس کی سانسیں بھی رک گئیں۔وہ کچھ نہیں بولا

سب وہ آستر کہ لیے دعا گو تھا کہ اس کو ہوش آجائے۔تھوڑی دیر میں نائیل اور

www.novelsclubb.com

معاویہ بھی ہوسپیٹل میں پہنچ گئے۔احد سے نائیل نے پوچھا کہ کیا ہوا ہے مگر وہ کچھ

نہیں بولا تو آریش نے انھیں بتایا۔

نائیل احد کہ پاس آیا وہ کچھ بولتا اس سے پہلے اس کا موبائل بجا،

جی فروخ صاحب، میں معافی چاہتا ہوں مگر آج نکاح۔۔(نائیل اپنی بات مکمل

کرتا اس سے پہلے احد نے موبائل اس کہ ہاتھ سے لیا اور بولا)

ہیلو میں احد بول رہا ہوں۔ یہ نکاح اب کبھی نہیں ہو گا، میں آپ کی بیٹی سے نکاح

www.novelsclubb.com

نہیں کروں گا۔(یہ کہہ کر اس نے فون رکھ دیا)

یہ کیا کہا تم نے؟ (معاویہ غصے سے بولی)

وہی کہا ہے جو مجھے بہت پہلے کہہ دینا چاہیے تھا کہ میں اومیزہ سے نہیں آستر محبت

کرتا ہوں (احد نے معاویہ کو دیکھتے ہوئے کہا)

یہ بات تم نے پہلے کیوں نہیں بتائی ہمیں۔ میں نے تم سے تمہاری مرضی بھی

www.novelsclubb.com

پوچھی تھی (ناعیل سختی سے بولا)

بہت بڑی غلطی ہو گئی مجھ سے بابا۔ مجھے لگا وہ حارث کو پسند کرنے لگی ہے اور اس کے

ساتھ خوش گی اور ماما بھی یہ ہی چاہتیں تھی اور میں ماما کو دکھ نہیں دے سکتا تھا۔ (احد کی

آواز بھرا گئی)

تمہیں کوئی حق نہیں پہنچتا کہ تم تین تین زندگیاں برباد کر دوں۔ احد تم اتنے

www.novelsclubb.com

بے وقوف ہو گے میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ (نائیل کو اس پر غصہ آرہا تھا) تم نے

کہا اس سے محبت کرتے ہو۔ ایک دفعہ آکر مجھ سے کہہ نہیں سکتے تھے۔ کیا تمہیں



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہم اتنے جلاد لگتے ہیں کہ تمہاری خوشی نہیں دیکھتے یا شاید آج بھائی اور بھابی زندہ

ہوتے تو تم ان سے کہہ دیتے (ناعیل کہ آخری جملے نے احد کو حلا کرر کھ دیا)

بابا۔۔۔ (وہ تڑپ کر بولا)

مت بولو مجھے بابا۔ (ناعیل اسے گھورتے ہوئے بولا احد کچھ بولتا اس سے پہلے ڈاکٹر

www.novelsclubb.com

باہر آیا)

ڈاکٹر میری بیٹی کیسی ہے ؟(نا عیل بولا)

اگلے چوبیس گھنٹے بہت کریٹیکل ہیں دعا کریں انھیں ہوش آجائے ورنہ۔۔(وہ بس

اتنا ہی بولے اور چلے گئے مگر وہاں کھڑے لوگوں پر بجلی گرا گئے۔احد باہر نکل گیا

پاس بنی مسجد میں گیا وضو کی اور نماز پڑھنے لگا)

www.novelsclubb.com

---------------------------------------

السادعا کروں یار آستر کہ لیے۔ پلیز رومت (آریش نے کندھوں سے تھام کر

بیٹھالا)

آریش۔۔آپی۔۔۔انھیں کچھ ہو گیا تو۔۔۔۔پلیز انھیں بچالیں۔(وہ روتے ہوئے

بولی)

www.novelsclubb.com

السا میری جان رونا بند کرو طبیعت خراب ہو جائے گی۔ یہ پانی پیو شاباش۔ (آریش

نے اسے پانی پلایا پھر بولا) میں احد کو دیکھ کر آتا ہو۔

---------------------------------------

آریش اسے ڈھونڈتے ڈھونڈتے ہوئے مسجد میں آیا تو احد دعا کہ لیے ہاتھ اٹھایا ہوا

www.novelsclubb.com

تھا آنسوں سے چہرا تر تھا اس کا۔)

یا اللہ اس کی دعاوں کو قبول کر لے آستر کو نئی زندگی دے دے۔(آریش نے دل

سے دعا کی)

------------------------

کافی دیر بعد وہ اوپر آیا اس نے آریش کو دیکھا کہ کیا ہوا مگر آریش نے نفی میں سر

www.novelsclubb.com

ہلا یا تو اس نے لمبی سانس لی۔ پھر نا عیل سے بولا)

بابا آپ ماما کو گھر لے جائیں ان کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔

مجھے پتا ہے مجھے کیا کرنا ہے۔(ناعیل ابھی بھی اس سے خفا تھا،ناعیل کہ کہنے پر وہ

چپ ہو گیا۔)

www.novelsclubb.com

تھوڑی دیر بعد نا عیل معاویہ کو گھر لے گیا کیونکہ اس کی طبیعت ٹھیک نہیں

تھی، احد نے آریش کو بھی بھیج دیا گھر۔ وہ نہیں جانا چہتا تھا مگر السا کو دیکھتے ہوئے وہ

چلا گیا)

صرف احد تھا وہاں۔ وہ ڈاکٹر کہ پاس گیا اور ان سے آستر سے ملنے کی درخواست

www.novelsclubb.com

کی، بہت مشکلوں کہ بعد وہ مان گئے اور احد کی اندر جانے کی اجازت دے دی)

---------------------------------------

احد اندر آیا تو وہ سامنے بیڈ پر لیٹی تھی۔ کتنی کمزور لگ رہی تھی وہ۔ احد اس کے

سامنے جا کر بیٹھ گیا۔

مجھے معاف کر دو آستر میری وجہ سے تمہاری یہ حالت ہوئی ہے۔ ایم سوری میں

www.novelsclubb.com

نے تمہیں بہت تکلیف دی۔ ایک دفعہ ایک دفعہ مجھ سے کہہ دے دیتیں۔ مگر ابھی

بھی کچھ نہیں ہوا بس تم جلدی سے ٹھیک ہو جاو میں سب ٹھیک کر دوں گا۔ آنکھیں

کھول دو پلیز آسترا ایک بار انکھیں کھول دو۔ (احداس کا ہاتھ پکڑ کر بیٹھا بول رہا تھا

اس کی آنکھیں دھندلائی ہوئی تھیں آنسوں کہ سبب)

--------------------------

www.novelsclubb.com

صبح آزان کی آواز اس کہ کانوں میں پڑی تو احد کی انکھ کھلی وہ وہی بیڈ پر سر رکھے

آستر کا ہاتھ پکڑے سو گیا تھا۔اس نے دیکھا اسے مگر ابھی اسے ہوش نہیں آیا تھا۔)

آستر۔۔آستر۔۔(احد نے اسے آواز دی مگر اس نے انکھیں نہیں کھولیں۔احد نے

وضو کی اور فجر کی نماز کمرے میں ہی پڑھی اور جب دعا کہ لیے ہاتھ اٹھائے تو اس کی

www.novelsclubb.com

دعاوں کا مرکز وہی تھی)

